مصباح العربیہ

شرح

منہاج العربیہ

(سوم، چہارم)

شارح: محمد گل ریز رضا مصباحی

مدناپوری، بریلی شریف

مصباحی لائبریری

مدناپور، بہیڑی، بریلی شریف یوپی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مصباح العربیۃ
شرح
منہاج العربیۃ
سوم

شارح

محمد گل ریز رضا مصباحی،
مدناپوری
بریلی شریف

ناشر

مصباحی لائبریری مدناپور، بہیڑی بریلی

نام کتاب	:	مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ سوم
مترجم	:	محمد گل ریز رضا مصباحی، مدناپوری، بریلی شریف
تقریظ جلیل	:	حضرت علامہ ناظم علی مصباحی، استاذ جامعہ اشرفیہ
نظر ثانی	:	مولانا قاسم علی مصباحی، استاذ جامعہ اشرفیہ مبارک پور
کمپوزنگ	:	کمال احمد قادری مرادآباد
صفحات	:	147
ناشر	:	مصباحی لائبریری، مدناپور بہیڑی، بریلی
رابطہ نمبر	:	9837366593،8057889427

ملنے کے پتے

- حق اکیڈمی مبارک پور، اعظم گڑھ
- المجمع الاسلامی، مبارک پور، اعظم گڑھ
- برکاتی بکڈپو، اسلامیہ مارکیٹ، بریلی
- مکتبہ رحمانیہ رضویہ، درگاہ اعلیٰ حضرت
- قادری کتاب گھر، بریلی شریف یوپی
- مکتبۃ المصطفیٰ، اسلامیہ مارکیٹ، بریلی

نوٹ: منہاج العربیہ سوم، کا ترجمہ کرتے وقت کتاب کا پرانا ایڈیشن پیش نظر رکھا گیا ہے۔

فہرست مضامین

شرف انتساب

میں اپنی اس کاوش کو خلاصۂ کائنات رحمت عالم حضور احمد مجتبیٰ محمد مصطفی ﷺ کی بارگاہ میں نذر کرتے ہوئے:

صحابۂ کرام، تابعین عظام اور تبع تابعین کرام۔ مذاہب اربعہ حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی سلف وصالحین۔ اسلام کی حقیقی تعلیمات سے امت کو روشناس کرانے والے مجدد دین اسلام۔ سلاسل اربعہ قادریہ، چشتیہ، نقشبندیہ اور سہروردیہ کے مشائخ عظام۔ محدثین خانوادۂ ولی اللہ، علماے فرنگی محل، بزرگان کچھوچھہ مقدسہ، سادات مارہرہ مطہرہ، اکابر بریلی ومشائخ بدایوں۔ بالخصوص شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، بحر العلوم علامہ عبد العلی فرنگی محلی، تارک سلطنت سید اشرف جہاں سمنانی، شاہ برکت اللہ عشقی مارہروی، اعلی حضرت امام احمد رضا خاں محقق بریلوی اور معین الحق علامہ فضل رسول قادری بدایونی۔ اعلی حضرت علی حسین اشرفی میاں کچھوچھوی، صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی، مفتیٔ اعظم ہند شاہ مصطفی رضا خاں بریلوی، ملک العلما علامہ ظفر الدین بہاری، سید العلما شاہ آل مصطفی مارہروی، احسن العلما سید مصطفی حیدر حسن مارہروی، محدث اعظم ہند سید محمد کچھوچھوی اور مجاہد ملت علامہ حبیب الرحمٰن قادری عباسی۔ جلالۃ العلم حافظ ملت حضرت علامہ شاہ عبد العزیز محدث مرادآبادی، نائب حافظ ملت حضرت علامہ عبد الرؤف بلیاوی، شارح بخاری حضرت مفتی شریف الحق امجدی، ورئیس القلم حضرت علامہ ارشد القادری اور بحر العلوم حضرت مفتی عبد المنان اعظمی۔ کے افکار ونظریات اور مسلک حق وصداقت کا ترجمان...

الجامعۃ الاشرفیہ مبارک پور کے نام
منسوب کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔
محمد گل ریز رضا مصباحی مدنا پوری،
بہیڑی، بریلی شریف یوپی

تهديه

والدین کریمین کے نام

جنھوں نے مجھے تعلیم و تربیت سے آراستہ کرنے کی خاطر مدارس اسلامیہ کے حوالے کیا، قدم قدم پر میری رہنمائی کی اور دعاؤں سے نوازتے رہے۔

محمد گل ریز مصباحی، مدناپوری
بریلی شریف (یوپی)

نوٹ: اگر اس کتاب میں کسی طرح کی کوئی غلطی پائیں تو کتاب کو ہدف تنقید نہ بنائیں بلکہ خلوص نیت کے ساتھ ہمیں مطلع کریں، ان شاء اللہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تصحیح کر دی جائے گی۔

تقریظ جلیل

حضرت علامہ مولانا محمد ناظم علی مصباحی، استاذ جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

دین اسلام کا اہم ماخذ قرآن کریم اور حدیث پاک ہے، قرآن کریم کی تفسیر اور اس سے ماخوذ و مستنبط عقائد و احکام احادیث کریمہ کی شرحیں وغیرہ عربی زبان میں ہیں اور عربی زبان سے ناواقف لوگ اس اہم ماخذ سے اخذ و استفادہ کیسے کریں یہ ایک اہم مسئلہ تھا اس دشواری کو زائل کرنے اور اس اہم ماخذ سے اخذ و استفادہ کو آسان کرنے کے لیے گوناگوں کوششیں عمل میں آئیں، اسی سلسلۃ الذھب کی ایک اہم کڑی علم صرف و نحو کی تدوین اور انشا پردازی کی تسہیل وغیرہ ہیں۔

اسلامی مدارس میں علم صرف و نحو اور انشا پردازی کا داخل نصاب ہونا اسی تسہیل کے پیش نظر ہے، بحمدہ تبارک و تعالی ارباب علم و دانش کی اس پیہم کوشش سے ایسے گراں قدر افراد پیدا ہوئے جنھیں عربی زبان و ادب میں حیرت انگیز مہارت حاصل ہوئی اور اخذ و استفادہ کا حسین سلسلہ روز افزوں ترقی کرتا رہا اور ان شاء اللہ الرحمٰن ترقی کرتا رہے گا عربی زبان و ادب کی گراں قدر خدمت دینے والوں کا ایک عظیم کارواں ہے جو روز و شب اس خدمت کی انجام دہی میں مسلسل مصروف عمل ہے جنھیں ارباب علم و دانش اور اصحاب فکر و نظر اچھی طرح جانتے ہیں۔

عربی زبان و ادب کو فروغ دینے اور اس کی تحصیل کو آسان تر کرنے کے لیے جو کتابیں معرض وجود میں آئیں ان میں سے ایک "**منہاج العربیۃ**" ہے جس کے پانچ حصے ہیں ملک کے مختلف مدارس میں یہ کتاب داخل نصاب اور داخل درس ہے دیگر کتابوں کی طرح اس کتاب سے بھی عربی زبان و ادب سے واقفیت میں کافی مدد ملتی ہے جس کا بخوبی اندازہ ان طالبان علومِ نبویہ کو ہے جنھوں نے اس کتاب سے حظِّ وافر حاصل کیا ہے یہ کتاب

اگرچہ ابتدائی درجات میں داخل درس ہے مگر عربی زبان و ادب کی دشواریاں زائل کرنے میں اس کا اہم کردار ہے اس کتاب کی تدریس کا جو طریقہ معروف و معتاد ہے اس سے طلبہ و اساتذہ بخوبی آگاہ ہیں، اذہان چونکہ مختلف ہیں خاص کر انشا پردازی میں طلبہ کو جو دقتیں پیش آتی ہیں وہ اساتذہ طلبہ سب پر عیاں ہیں۔

اس صعوبت کو زائل کرنے کے لیے جامعہ اشرفیہ کے شعبہ تخصص فی الادب کے ایک لائق و فائق فاضل جناب **مولانا گل ریز رضا مصباحی بریلی** نے اس کتاب "منہاج العربیہ سوم" کے عربی جملوں کو اردو اور اردو جملوں کو عربی میں منتقل کیا ہے تاکہ اخذو استفادہ آسان ہو، طلبہ کو عربی و اردو انشا پردازی میں از خود کوشش کرنی چاہئے کہ عربی کا اردو میں ترجمہ کریں اور اردو کو عربی میں منتقل کریں اور جہاں دشواری درپیش ہو اس کی طرف مراجعت کریں اور دیکھیں کہ ہماری کوشش کہاں تک کامیاب ہے خود کوشش نہ کرنا اور کسی کتاب یا کاپی سے نقل کر دینے سے کبھی بھی انشا پردازی پر قدرت حاصل نہیں ہو سکتی اور نہ ہی اس سے خود اعتمادی حاصل ہو سکتی ہے۔

مولانا موصوف کی یہ کوشش گراں قدر اور اخذ و تحصیل کی راہ میں ایک اضافہ ہے جس سے نہ صرف طلبہ بلکہ اساتذہ کو بھی مدد ملے گی اور بہت سی لغزشوں سے نجات حاصل ہوگی اللہ عزوجل اپنے پیارے حبیب پاک ﷺ کے صدقے میں اس کتاب کے نفع کو عام و تام فرمائے اور اس کتاب سے اخذ و استفادہ کا صحیح طریقہ القا فرمائے اور مولانا موصوف کے علم و فضل میں ترقی عطا فرمائے اور مزید قلمی خدمت کی توفیق رفیق بخشے اور جامعہ اشرفیہ کا نام روشن کرنے اور اس کی خدمات کو مزید عام کرنے کی توفیق رفیق بخشے اور دارین کی سعادتوں سے مالا مال فرمائے! آمین بجاہ النبی الامین الکریم علیہ و علی آلہ و صحبہ افضل الصلاۃ و التسلیم۔

محمد ناظم علی رضوی مصباحی

خادم جامعہ اشرفیہ، مبارک پور اعظم گڑھ یوپی

۲۳/اپریل ۲۰۱۴ بروز چہار شنبہ

کچھ مفید اصطلاحات

مصباح العربیۃ شرح منہاج العربیۃ اول کے شروع میں کچھ اصطلاحات ،ہدایات کا اضافہ کیا جارہا ہے جن سے طلبہ کو اسباق سمجھنے ، تمرین کو حل کرنے میں مدد ملے گی اوران کی معلومات میں اضافہ ہوگا اور عربی سمجھنے میں آسانی ہوگی۔

(۱) اَلْوَرْدُ (الف ولام کے ساتھ) معرفہ ہے اور وَرْدٌ (بے الف ولام) نکرہ ہے

(۲) مُجْتَهِدٌ مذکر ہے اور مُجْتَهِدَةٌ (ۃ کے ساتھ) مؤنث ہے۔

(۳) اسمائے اشارہ برائے مذکر: هٰذَا ، ذٰلِكَ ، برائے مؤنث: هٰذِهٖ تِلْكَ۔

(۴) مذکر واحد کی ضمیریں: كَ (بالفتح) هٗ، هُوَ، أَنْتَ (تا کے زبر کے ساتھ)

مؤنث واحد کی ضمیریں: كِ (بالکسر) هَا، هِيَ ، أَنْتِ (تا کے زیر کے ساتھ)۔

(۵) هٰذَا الْكِتَابُ (یہ کتاب) یہ مرکب ناقص کہلاتا ہے اور هٰذَا كِتَابٌ (یہ کتاب ہے) یہ مرکب تام ہے۔

(۶) (۱) وَلَدُ جَمِيْلٍ (جمیل کا لڑکا) (۲) وَلَدٌ جَمِيْلٌ (خوب صورت لڑکا) یہ بھی مرکب ناقص کہلاتے ہیں۔ اول کا نام مرکب اضافی اور دوسرے کا مرکب توصیفی ہے ۔اول میں پہلا اسم مضاف اور دوسرا مضاف الیہ اور دوسرے میں پہلا اسم موصوف اور دوسرا صفت کہلاتا ہے۔

(۷) اَلْوَلَدُ جَمِيْلٌ میں اَلْوَلَدُ مبتدا ہے اور جَمِيْلٌ اس کی خبر ہے۔اسی طرح هٰذَا كِتَابٌ میں هٰذَا مبتدا ہے اور كِتَابٌ خبر ہے۔

(۸) (۱) اَلْوَلَدُ جَمِيْلٌ (۲) اَلْبِنْتُ جَمِيْلَةٌ پہلی مثال میں مبتدا مذکر ہے اس لیے خبر بھی مذکر آئی ہے اور دوسری مثال میں چونکہ مبتدا مؤنث ہے اس لیے خبر بھی مؤنث ہے۔

(۹) مبتدا و خبر اور موصوف وصفت (مرکب توصیفی) میں فرق یہ ہے کہ مبتدا عموماً معرفہ اور خبر نکرہ ہوتی ہے جیسے: اَلْبِنْتُ جَمِيْلَةٌ اور موصوف وصفت دونوں معرفہ ہوتے

ہیں جیسے :اَلْوَلَدُ الْجَمِیْلُ (خوب صورت لڑکا) یادونوں نکرہ جیسے :بِنْتٌ جَمِیْلَۃٌ (کوئی یا ایک خوب صورت لڑکی)۔

(۱۰) مبتدا و خبر میں کب مطابقت لازم ہے اور کب نہیں ؟اس سلسلے میں اتنا سمجھ لیا جائے کہ خبر جب مفرد ہو (جملہ نہ ہو) تو وہ یا تو جامد ہوگی یا مشتق ۔اگر جامد ہوگی تو اس کی مبتدا سے مطابقت ضروری نہیں جیسے :"اَلْکُفْرُ ظُلْمَۃٌ "کیوں کہ یہ مبتدا کی جانب لوٹنے والی ضمیر کو متضمن نہیں ہوتی ۔ہاں اگر خبر معنیً مشتق میں ہو تو وہ ضمیر عائد الی المبتدا کو متضمن ہوتی ہے جیسے:"عَلِیٌّ أَسَدٌ"یہاں "اَسَدٌ" شُجَاعٌ کے معنی میں ہے ۔(جامد سے مراد جس میں معنیٔ وصف نہ ہو)

اور اگر خبر مشتق ہوگی تو اس کی افراد، تثنیہ، جمع اور تذکیر و تانیث میں مطابقت لازم ہے کیوں کہ یہ مبتدا کی جانب لوٹنے والی ضمیر کی متحمل ہوتی ہے جیسے:اَلتِّلْمِیْذُ مُجْتَھِدٌ /اَلتِّلْمِیْذَانِ مُجْتَھِدَانِ /اَلتَّلَامِیْذُ مُجْتَھِدُوْنَ ،علی الترتیب اول واحد مذکر، دوئم تثنیہ مذکر اور سوئم جمع مذکر کی مثال ہے اور جیسے:اَلتِّلْمِیْذَۃُ مُجْتَھِدَۃٌ اَلتِّلْمِیْذَتَانِ مُجْتَھِدَتَانِ /اَلتِّلْمِیْذَاتُ مُجْتَھِدَاتٌ ،علی الترتیب اول واحد مؤنث، دوئم تثنیہ مؤنث اور سوئم جمع مؤنث کی مثال ہے۔

(۱۱)موصوف صفت میں چار چیزوں میں مطابقت ضروری ہے اور وہ یہ ہیں (۱) اعراب(۲)واحد تثنیہ جمع (۳)تعریف وتنکیر (۴)تذکیر و تانیث ۔مطلب یہ ہے کہ جو اعراب موصوف کا ہوگا وہی صفت کا، موصوف اگر واحد ہوگا تو صفت بھی، موصوف اگر نکرہ ہوگا تو صفت بھی اور موصوف اگر مذکر ہوگا تو صفت بھی مذکر ہوگی جیسے :"وَلَدٌ صَالِحٌ "دیکھئے (۱)دونوں مرفوع (۲)دونوں واحد (۳)دونوں نکرہ (۴)دونوں مذکر ہیں۔

(۱۲)مرکب اضافی اور مرکب توصیفی میں فرق بالکل ظاہر ہے، مرکب اضافی میں دوسرا جز یعنی مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے جیسے :وَلَدُ عَالِمٍ /وَلَدُ الْعَالِمِ (عالم کا لڑکا) جبکہ مرکب توصیفی میں دونوں جز یا تو مرفوع ہوں گے یا منصوب یا مجرور ۔اسی طرح مضاف مضاف الیہ (مرکب اضافی) اور مبتدا و خبر میں فرق ظاہر ہے جیسے :اَلْوَلَدُ عَالِمٌ(لڑکا

عالم ہے) یہ مبتدا خبر کی مثال ہے اور وَلَدُ عَالِمٍ / وَلَدُ العَالِمِ ، یہ مرکب اضافی (مضاف مضاف الیہ) کی مثالیں ہیں۔ اور جیسے: اَلْحَدِیْقَةُ لِسَعْدٍ (باغ سعد کا ہے) یہ مبتدا خبر کی مثال ہے اور حَدِیْقَةُ لِسَعْدٍ (سعد کا باغ) یہ مرکب اضافی کی مثال ہے۔

وہ اسماء جو مؤنث ہیں

(الف)

فَاطِمَةُ، اِمْرَأَةٌ، نَاقَةٌ عَالِمَةٌ وغیرہ تائے تانیث (ة) والے۔

حُبْلٰی، حُسْنٰی وغیرہ الف مقصورہ والے۔

حَسْنَاءُ ، حَمْرَاءُ وغیرہ الف ممدودہ والے۔ یہ سب مؤنث لفظی کہلاتے ہیں۔

(ب)

زَیْنَبُ، مَرْیَمُ وغیرہ عورتوں کے اعلام۔

اُمٌّ ، حَائِضٌ وغیرہ الفاظ واوصاف جو عورتوں کے ساتھ خاص ہیں۔

مِصْرُ ، دِلْهِیْ، قُرَیْشٌ وغیرہ ملکوں، شہروں اور قبیلوں کے نام

یہ سب مؤنث معنوی کہلاتے ہیں۔

(ج)

اَرْضٌ، دَارٌ، بِئْرٌ، یَدٌ، نَارٌ ، شَمْسٌ وغیرہ۔ یہ سب مؤنث سماعی کہلاتے ہیں۔

وہ اسماء جو مذکر و مؤنث ہیں

دَلْوٌ ، سِکِّیْنٌ، جَحِیْمٌ ، طَرِیْقٌ، سُوْقٌ، لِسَانٌ ، ذِرَاعٌ ، عُنُقٌ وغیرہ۔

وہ اسماء جن میں مذکر و مؤنث برابر ہیں

فَعُوْلٌ کے وزن پر (بمعنی فاعل) جیسے: عَطُوْفٌ وغیرہ۔

فَعِیْلٌ کے وزن پر (بمعنی مفعول) جیسے: قَتِیْلٌ وغیرہ ۔ان کے علاوہ اور بھی اوزان ہیں۔

جمع مکسر وہ جمع ہے جن میں واحد کا وزن سلامت نہ ہو یعنی متغیّر ہوجائے جیسے: رِجَالٌ۔

جمع سالم وہ جمع ہے جس میں واحد کا وزن سلامت ہو یہ مذکر بھی ہوتی ہے جیسے: صَالِحُوْنَ اور مؤنث بھی ہوتی ہے جیسے: صَالِحَاتٌ .

إِنَّ کہاں آتا ہے اور أَنَّ کہاں؟ اس بارے میں سر دست اتنا بتانا کافی ہے کہ إِنَّ ابتدائے کلام میں آتا ہے (خواہ حقیقۃً ابتدا ہو یا حکماً) اور أَنَّ درمیان کلام میں۔

(۱۳) غیر منصرف پر کسرہ اور تنوین نہیں آتی جیسے: اَحْمَدُ، زَیْنَبُ، عَائِشَۃُ، کَسْلَانُ وغیرہ۔

اسم منقوص: وہ اسم معرب ہے جس کے آخر میں یائے ثابتہ اور اس کے ماقبل مکسور ہو: جیسے اَلْقَاضِیْ جب یہ الف ولام اور اضافت سے خالی ہو تو ''یا'' کتابت وتلفظ میں حذف ہوجاتی ہے جیسے: ھُوَ قَاضٍ (وہ قاضی ہے)

(۱۴) اَیٌّ مذکر ومؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہے اور اَیَّۃٌ صرف مؤنث کے لیے۔

(۱۵) ''مِنْ '' اور ''لِ'' جار کا ترجمہ ''کی، کے، سے بھی کیا جاتا ہے جیسے: اَلْحَدِیْقَۃُ لِھٰذَا الرَّجُلِ (باغ اس مرد کا ہے)۔

(۱۶) ھٰذَا الْوَلَدُ، جَمِیْلٌ (یہ لڑکا، خوب صورت ہے) ھٰذَا، وَلَدٌ جَمِیْلٌ (یہ، خوب صورت لڑکا ہے) اول مثال میں ھٰذَا الوْلَدُ مبتدا اور جَمِیْلٌ خبر ہے اور دوسری مثال میں ھٰذَا مبتدا اور وَلَدٌ جَمِیْلٌ (موصوف صفت سے مل کر) خبر ہے۔

(۱۷) (۱) اَلْفَرَسُ وَالْحِمَارُ (گھوڑا اور گدھا) (۲) رَبِّیْ وَرَبُّکَ اللہُ (میرا رب اور تیرا رب اللہ ہے) اردو محاورے کے مطابق اول کے ترجمہ میں ''اور'' لانا اور دوسرے کے ترجمہ میں ''رب'' کی تکرار ضروری نہیں۔

(۱۸) ہمزہ (أ) اور ھَلْ میں فرق یہ ہے کہ ہمزہ کے ذریعہ مفرد اور جملہ کے بارے میں پوچھا جاتا ہے اثبات ونفی میں اور ھَلْ کے ذریعہ صرف جملہ فی الاثبات کے بارے میں پوچھا جاتا ہے۔

مسند الیہ: وہ چیز ہے جس کے لیے کوئی چیز ثابت کی جائے۔

مسند: وہ چیز ہے جو دوسرے کے لیے ثابت ہو جیسے: ”زَیْدٌ نَبِیْہٌ“ (زید ہوشیار ہے) اس مثال میں زَیْدٌ مسند الیہ اور نَبِیْہٌ مسند ہے۔ اور جیسے: ”قَرَأَ بَکَرٌ“ (پڑھا بکر نے) اس مثال میں قَرَأَ مسند اور بَکَرٌ مسند الیہ ہے۔

جملہ: مسند اور مسند الیہ کو مجموعہ کو کہتے ہیں جیسے: ”زَیْدٌ عَالِمٌ“.

مبتدا: وہ اسم ہے جو لفظی عامل سے خالی ہو اور مسند الیہ ہو۔

خبر: وہ لفظ ہے جو لفظی عامل سے خالی ہو اور مسند ہو جیسے: ”زَیْدٌ جَالِسٌ“ اس مثال میں ”زَیْدٌ“ مبتدا اور ”جَالِسٌ“ خبر ہے۔

رفع: ضمہ، الف اور واؤ کو کہتے ہیں۔

مرفوع: وہ اسم ہے جس پر ضمہ یا الف یا واؤ آئے جیسے: اَلْمُسْلِمُ، وَالْمُسْلِمَانِ، اَلْمُسْلِمُوْنَ، اَبُوْزَیْدٍ، میں اَبُوْ.

نصب: فتحہ، کسرہ، الف اور یا کو کہتے ہیں۔

منصوب: وہ اسم ہے جس پر فتحہ یا کسرہ یا الف یا یا آئے جیسے: اَلْمُسْلِمَ، اَلْمُسْلِمَاتِ، اَبَازَیْدٍ میں اَبَا، اَلْمُسْلِمَیْنِ، اَلْمُسْلِمِیْنَ.

جر: کسرہ، فتحہ اور یا کو کہتے ہیں۔

مجرور: وہ اسم ہے جس پر حرف جار داخل ہو یا جو مضاف الیہ ہو جیسے: عَلَی الْمُسْلِمِ، عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ، عَلٰی اَبِیْ زَیْدٍ، عَلَی الْمُسْلِمَیْنِ، عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ اور جیسے: وَلَدُ الْمُسْلِمِ، وَلَدُ اِبْرَاھِیْمَ، غُلَامُ الْمُسْلِمِیْنَ.

جملہ اسمیہ: وہ جملہ ہے جس کا پہلا جز اسم ہو جیسے: زَیْدٌ عَالِمٌ.

جملہ فعلیہ: وہ جملہ ہے جس کا پہلا جز فعل ہو جیسے: عَلِمَ زَیْدٌ.

اسم اشارہ: وہ لفظ ہے جس سے کسی چیز کی طرف اشارہ کیا جائے جیسے اردو میں ”یہ، وہ“ اور عربی میں ”ھٰذَا، ذٰلِکَ“۔

مشارٌ الیہ: وہ چیز ہے جس پر اشارہ کیا جائے جیسے: ”ھٰذَاالْقُرْآنُ“ اس مثال میں اَلْقُرْآنُ مشارٌ الیہ ہے۔

ضمیر: وہ اسم ہے جو متکلّم یاحاضر یاغائب کو بتانے کے لیے مقرر کیا گیا ہو جیسے: أَنَا (میں) أَنْتَ (تو) هُوَ (وہ) نَحْنُ (ہم، ہم دو، ہم لوگ) اَنْتُمْ (تم لوگ)

فاعل: وہ اسم ہے جو فعل کے بعد ہو اور اس سے فعل کا تعلق بطور قیام ہو جیسے: "ضَرَبَ زَيْدٌ" (زید نے مارا) اس مثال میں زَيْدٌ فاعل ہے۔

اسم استفہام: وہ اسم ہے جس کے ذریعہ کسی چیز کو پوچھا جائے۔ جیسے: مَا • مَنْ • كَيْفَ • أَيْنَ • كَمْ •

فعل معروف: وہ فعل ہے جس کا فاعل ذکر کیا جائے جیسے: "قَتَلَ رَجُلٌ" (قتل کیا ایک آدمی نے) اس مثال میں قَتَلَ فعل معروف ہے۔

فعل مجہول: وہ فعل ہے جس کا فاعل ذکر نہ کیا جائے جیسے: "قُتِلَ زَيْدٌ" (قتل کیا گیا زید) اس مثال میں زَيْدٌ نائب فاعل ہے۔

مفعول بہ: وہ اسم ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو جیسے: "قَتَلْتُ زَيْدًا" (میں نے زید کو قتل کیا) اس مثال میں زَيْدًا مفعول بہ ہے کیونکہ فاعل کا فعل زید پر واقع ہے۔

منصوب: وہ اسم ہے جس پر فتحہ یا کسرہ، یا الف یا یا آئے جیسے: "اَلْمُسْلِمَ • اَلْاٰيَاتِ • اَخَازَ يَدٍ • اَلْمُسْلِمَيْنِ • اَلْمُسْلِمِيْنَ.

مفعول فیہ: وہ اسم ہے جس کا مصداق فاعل کے فعل کے لیے وقت یا جگہ واقع ہو جیسے: "اَلْوَلَدُ دَخَلَ الْمَدْرَسَةَ • اِغْتَسَلْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ" ان مثالوں میں اَلْمَدْرَسَةُ اور يَوْمَ الْجُمُعَةِ مفعول فیہ ہے۔ ترکیب میں مفعول فیہ کو ظرف بھی کہتے ہیں۔

مفعول مطلق: وہ مصدر ہے جس سے پہلے کوئی فعل اسی مصدر کے معنی میں ہو جیسے: "جَلَسْتُ جَلْسَةً" اس مثال میں جَلْسَةً مفعول مطلق ہے۔

حال: وہ اسم ہے جو فاعل یا مفعول بہ کی حالت بیان کرے۔

ذوالحال: وہ فاعل یا مفعول بہ ہے جس کی حالت بیان کی گئی ہو جیسے: "ذَهَبَ زَيْدٌ رَاكِبًا" (زید سوار ہو کر گیا) اس مثال میں زَيْدٌ فاعل اور ذوالحال ہے رَاكِبًا حال ہے۔

تمیز: وہ اسم ہے جو پوشیدگی دور کرے۔

ممیز: وہ اسم ہے جس میں ابہام اور پوشیدگی ہو جیسے: "زَيْدٌ اَحْسَنُ وَجْهًا" اس مثال میں اَحْسَنُ ممیز اور وَجْهًا اس کی تمیز ہے۔

منادیٰ: وہ اسم ہے جس پر حرف ندا داخل ہو جیسے: ''یَارَجُلُ ''یعنی اے آدمی ،اس مثال میں رَجُلُ منادی ہے۔

ندا: وہ حرف ہے جس کو پکارنے کے لیے وضع کیا گیا ہو جیسے: یَا.

حروف مشبہ بہ فعل: وہ حروف ہیں جو جملہ اسمیہ پر داخل ہوکر مبتدا کو منصوب اور خبر کو مرفوع کرتے ہیں جیسے: ''اِنَّ اللهَ عَلِیْمٌ ''حروف مشبہ بہ فعل چھ ہیں اِنَّ • أَنَّ • كَأَنَّ • لٰكِنَّ • لَيْتَ • لَعَلَّ •

فعل ناقص: وہ فعل ہے جو جملہ اسمیہ پر داخل ہوکر مبتدا کو مرفوع اور خبر کو منصوب کرے جیسے: ''كَانَ زَيْدٌ قَائِمًا'' افعال ناقصہ سترہ ہیں كَانَ • صَارَ • ظَلَّ • بَاتَ • اَصْبَحَ • اَمْسٰى اَضْحىٰ • رَاحَ • آضَ • عَادَ • غَدَا • مَازَالَ • مَابَرِحَ • مَافَتِئَ • مَاانْفَكَّ • مَادَامَ • لَيْسَ •

اضافت منیّہ، لامیہ، ظرفیہ کا استعمال

اضافت منیّہ: وہ اضافت جس کے مضاف الیہ پر مِنْ حرف جار داخل ہو جیسے: ''جُزْءٌ مِنَ الْقُرْآنِ ''یعنی قرآن کا ایک پارہ۔

اضافت لامیہ: وہ اضافت جس کے مضاف الیہ پر لام حرف جار آئے جیسے: ''وَلَدٌ لِزَيْدٍ ''یعنی زید کا ایک لڑکا۔

اضافت ظرفیہ: وہ اضافت جس کے مضاف الیہ پر فِی حرف جار داخل ہو جیسے: ''اَلْمُصَارِعُ فِیْ دِهْلِی ''یعنی دہلی کا پہلوان۔

مؤکد: وہ کلمہ جس کی تاکید لائی جائے۔

تاکید: وہ لفظ ہے جس سے کسی کلمہ میں زور پیدا کیا جائے جیسے: ''خَطَبَ الطُّلَّابُ كُلُّهُمْ ''تمام طلبہ نے تقریر کی ۔اس مثال میں اَلطُّلَّابُ مؤکد اور كُلُّهُمْ اس کی تاکید ہے۔

صَلُّوا علی الحبیب صلی اللہ علیہ وسلم

درس (۱)

هٰذِهٖ حُجْرَةُ الدَّرْسِ

اَلْأُسْتَاذُ جَلَسَ فِيْهَا عَلَى الْكُرْسِيِّ، وَ التَّلَامِيْذُ جَلَسُوْا عَلَى الْمَقَاعِدِ؛ فِيْهَا سَبُّوْرَةٌ يَكْتُبُ عَلَيْهَا الْأُسْتَاذُ بِالطَّبَاشِيْرِ عِنْدَ الضَّرُوْرَةِ وَ التَّلَامِيْذُ يَنْظُرُوْنَ إِلَيْهَا. اَلْأُسْتَاذُ أَمَرَ الْعَرِيْفَ بِقِرَاءَةِ الدَّرْسِ فَنَهَضَ الْعَرِيْفُ وَ قَرَأَ الدَّرْسَ الْجَدِيْدَ وَ هُوَ وَاقِفٌ.

(ثُمَّ سَأَلَهُ) اَلْأُسْتَاذُ: أَفَهِمْتَ اَلدَّرْسَ؟

اَلْعَرِيْفُ: نَعَمْ فَهِمْتُ يَا سَيِّدِيْ!

(سَأَلَ التَّلَامِيْذَ) اَلْأُسْتَاذُ: أَفَهِمْتُمُ الدَّرْسَ أَيْضًا؟

اَلتَّلَامِيْذُ: نَعَمْ؛ فَهِمْنَا جَيِّدًا.

اَلْأُسْتَاذُ: أَتَحْفَظُوْنَهُ؟

اَلتَّلَامِيْذُ: نَعَمْ! نَحْفَظُهُ (إِنْ شَاءَاللّٰهُ)، فِيْ أَثْنَاءِ الدَّرْسِ ضَحِكَ تِلْمِيْذٌ فَغَضِبَ الْأُسْتَاذُ عَلَيْهِ وَ سَأَلَهُ لِمَاذَا ضَحِكْتَ؟ أَلَا تَعْلَمُ أَنَّ هٰذِهٖ حُجْرَةُ الدَّرْسِ؟ فَاخْرُجْ مِنْهَا الْاٰنَ ثُمَّ نَصَحَ جَمِيْعَ التَّلَامِيْذِ، أَيُّهَا التَّلَامِيْذُ! هٰذِهٖ حُجْرَةُ الدَّرْسِ فَاجْلِسُوْا فِيْهَا بِالْأَدَبِ وَاسْكُتُوْا وَاحْذَرُوا الْمُحَادَثَةَ وَ إِلَّا فَاعْلَمُوْا أَنِّيْ اَغْضَبُ عَلَيْكُمْ؛ أَلَا تَعْلَمُوْنَ أَنَّ الْأَدَبَ زِيْنَةُ الْمَرْءِ؟

یہ درس گاہ ہے

ترجمہ: استاد اس میں کرسی پر بیٹھے ہیں، اور طلبہ بنچوں پر بیٹھے ہیں، اس میں ایک بلیک بورڈ ہے جس پر استاد ضرورت کے وقت چاک سے لکھتے ہیں، اور طلبہ اُسے دیکھتے ہیں، استاد نے مانیٹر کو سبق پڑھنے کا حکم دیا تو مانیٹر کھڑا ہوا اور کھڑے ہو کر نیا سبق پڑھا، پھر استاد نے پوچھا کیا تو نے سبق سمجھا؟ مانیٹر: ہاں، حضور میں نے سمجھا۔ پھر استاد نے طلبہ سے پوچھا، کیا تم نے بھی سبق سمجھا؟ طلبہ: ہاں، ہم نے اچھی طرح سمجھ

لیا، استاد: کیا تم اس سبق کو یاد کروگے ؟ طلبہ :ہاں، ہم ان شاء اللہ اسے یاد کریں گے، سبق کے درمیان ایک طالبِ علم ہنسا تو استاد اُس پر غصّہ ہوئے اور اس سے پوچھا تو کیوں ہنسا؟ کیا تو نہیں جانتا کہ یہ درس گاہ ہے ؟ابھی یہاں سے نکل جا پھر تمام طلبہ کو نصیحت کی: اے طلبہ !یہ درس گاہ ہے اِس میں ادب سے بیٹھو اور خاموش رہو اور مت ہنسو اور گفتگو سے پرہیز کرو: ورنہ جان لو کہ میں تم پر غصّہ ہوں گا، کیا تم نہیں جانتے کہ ادب انسان کی زینت ہے ؟

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	أَیْنَ السَّبُّوْرَةُ؟	اَلسَّبُّوْرَةُ فِیْ حُجْرَةِ الدَّرْس
2	مَا لَوْنُهَا؟	لَوْنُهَا أَسْوَدُ
3	مَنْ یَکْتُبُ عَلَیْهَا؟	یَکْتُبُ عَلَیْهَا الْأُسْتَاذ
4	أَیْنَ جَلَسَ الأُسْتَاذُ وَالتَّلَامِیْذُ ؟	جَلَسَ الْأُسْتَاذُ عَلَى الْکُرْسِیّ وَالتَّلَامِیْذُ جَلَسُوْا عَلَى الْمَقَاعِدِ
5	مَنْ قَرَأَ الدَّرْسَ ؟	قَرَأَ الْعَرِیْفُ الدَّرْسَ
6	أَفَهِمَ التَّلَامِیْذُ الدَّرْسَ ؟	نَعَمْ فَهِمَ التَّلَامِیْذُ الدَّرْسَ
7	لِمَاذَا غَضِبَ الأُسْتَاذُ؟	لِأَنَّ تِلْمِیْذًا ضَحِكَ فِیْ أَثْنَاءِ الدَّرْس
8	لِمَاذَا نَصَحَ ؟	نَصَحَ الْأُسْتَاذُ: أَلَا تَعْلَمُ أَنَّ هٰذِهٖ حُجْرَةُ الدَّرْسِ فَاخْرُجْ مِنْهَا اَلْاٰنَ ثُمَّ نَصَحَ جَمِیْعَ التَّلَامِیْذِ
9	أَضَحِكَ التِّلْمِیْذُ فِی الصَّفِّ؟	نَعَمْ ضَحِكَ التِّلْمِیْذُ فِی الصَّفِّ.

10	مَاهِيَ زِ يْنَةُ الْمَرْءِ ؟	اَلْأَدَبُ زِ يْنَةُ الْمَرْءِ
11	أَضَحِكَ فِي أَثْنَاءِ الدَّرْسِ ؟	نَعَمْ: ضَحِكَ فِي أَثْنَاءِ الدَّرْسِ
12	أَتَسْكُتُ عِنْدَ الدَّرْسِ ؟	نَعَمْ: أَسْكُتُ عِنْدَ الدَّرْسِ
13	أَتَضْحَكُ فِي الصَّلَاةِ؟	لَا: لَا أَضْحَكُ فِيْ الصَّلَاةِ

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	بورڈ کا رنگ کالا ہے۔	لَوْنُ السَّبُّوْرَةِ أَسْوَدُ
2	وہ استاذ کے پیچھے ہے۔	هِيَ وَرَاءَ الْأُسْتَاذِ
3	وہ اس پر چاک سے لکھتے ہیں۔	هُوَ يَكْتُبُ عَلَيْهَا بِالطَّبَاشِيْرِ
4	جماعت میں نظام الاقات لٹکا ہوا ہے۔	تَرْتِيْبُ الْأَوْقَاتِ مُعَلَّقٌ فِي الصَّفِّ
5	لڑکو سبق کے وقت خاموش رہو ورنہ جان لو کہ استاذ تم پر غصہ ہوں گے۔	أَيُّهَا الْأَوْلَادُ! :اُسْكُتُوْا عِنْدَ الدَّرْسِ وَ إِلَّا فَاعْلَمُوْا أَنَّ الْأُسْتَاذَ يَغْضَبُ عَلَيْكُمْ
6	استاذ تم کو نصیحت کرتے ہیں۔	اَلْأُسْتَاذُ يَنْصَحُ لَكُمْ
7	نصیحت سنو اور اس پر عمل کرو۔	اِسْمَعُوْا النُّصْحَ وَاعْمَلُوْا بِهٖ
8	اس میں تمھارے لیے (بہت) بھلائی ہے۔	فِيْهِ فَوْزٌ لَكُمْ جِدًّا.
9	ہوم ورک ہر روز کرو۔	اُكْتُبُوْا فُرُوْضَ الْمَدْرَسَةِ كُلَّ يَوْمٍ
10	(محنتی) لڑکا سست لڑکے سے بچتا ہے۔	يَحْذَرُ الْوَلَدُ الْمُجْتَهِدُ مِنَ الْوَلَدِ الْكَسْلَانِ

11	نماز میں مت ہنسو۔	لَا تَضْحَكُوْا فِی الصَّلٰوةِ
12	نماز مسلم کی علامت ہے،	اَلصَّلٰوةُ عَلَامَةُ الْمُسْلِمِ
13	اس کے بغیر اسلام کا تصور محال ہے۔	تَصَوُّرُ الْاِسْلَامِ بِدُوْنِهَا مُحَالٌ
14	ہم نے دین کا مغز چھوڑ دیا اور اس کا پوست لے لیا۔	تَرَكْنَا لُبَّ الدِّيْنِ وَ أَخَذْنَا قِشْرَهٗ
15	ہم میں دینداری نہیں ہے۔	لَيْسَتِ الدِّيَانَةُ فِيْنَا
16	کیا زندگی کا مقصد لذیذ غذاء اور (قیمتی) لباس ہے؟	أَغَرْضُ الْحَيَاةِ غِذَاءٌ لَذِيْذٌ وَ لِبَاسٌ ثَمِيْنٌ؟
17	کیا مال، حکومت اور علم کسی کو موت سے بچاتے ہیں؟	هَلْ يُنْقِذُ الْمَالُ وَالْحُكُوْمَةُ وَالْعِلْمُ اَحَدًا مِنَ الْمَوْتِ ؟

تمرین (ا)

شمار	عربی	اردو
1	إِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ.	پڑھ اپنے رب کے نام سے
2	أُذْكُرْ رَبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ .	اپنے رب کو اپنے دل میں یاد کر
3	كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا.	سب ہمارے رب کے پاس سے ہے
4	لَهٗ كُلُّ شَيْءٍ.	ہر چیز اسی کے لیے ہے۔
5	اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ.	بے شک اللہ میرا اور تمھارا رب ہے تو اسی کی عبادت کرو۔
6	لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ.	اُس جیسا کوئی نہیں۔

7	وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ.	اور وہی سنتا دیکھتا ہے۔
8	اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ.	یہ حق ہے تیرے رب کی طرف سے
9	إِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ.	بے شک اللہ کا وعدہ سچّا ہے۔
10	لِيْ عَمَلِيْ وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ.	میری (عمل) کَرنی میرے ساتھ اور تمھاری (عمل) کَرنی تمھارے ساتھ ہے۔
11	وَ اللّٰهُ أَعْلَمُ.	اور اللہ خوب جانتا ہے۔
12	إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ أَجْرٌ عَظِيْمٌ.	بے شک اللہ کے پاس بڑا ثواب ہے۔
13	فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ.	تو اللہ ہی کے پاس دنیا و آخرت دونوں کا ثواب ہے۔
14	لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ؟	آج کس کی بادشاہی ہے؟
15	لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ.	ایک اللہ سب پر غالب کی
16	لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْأَرْضِ.	اللہ ہی کے لیے زمین و آسمان کی بادشاہت ہے۔
17	أَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ؟	کیا اللہ کے ساتھ کوئی معبود ہے؟
18	يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ.	اللہ تمھاری بخشش فرمائے گا،
19	أَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ؟	کیا یہ حق نہیں ہے؟

تمرین (۲)

شمار	عربی	اردو
1	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ أَنَّهٗ خَلَقَنَا فِیْ بَیْتٍ مُسْلِمٍ.	تمام تعریف اللہ کے لیے کہ اس نے ہمیں مسلم گھرانے میں پیدا کیا۔
2	دِیْنُنَا إِسْلَامٌ وَهُوَ خَیْرُ دِیْنٍ عِنْدَنَا فِی الْعَالَمِ.	ہمارا دین اسلام ہے اور وہ ہمارے نزدیک دنیا کا بہترین دین ہے۔
3	وَلٰكِنْ لَا یَثْبُتُ هٰذَا مِنْ اَحْوَالِنَا لِاَنَّنَا تَرَكْنَا لُبَّهٗ وَ أَخَذْنَا قِشْرَهٗ.	اور لیکن یہ ہمارے حالات سے ثابت نہیں ہے اس لیے کہ ہم نے اس کا مغز چھوڑ دیا اور اُس کا پوست لے لیا۔
4	اَكْثَرُنَا لَا یَعْلَمُوْنَ أَحْكَامَهٗ وَ مَا فِیْ أَعْمَالِهِمْ خُلُوْصٌ.	ہم میں سے اکثر لوگ اُس کے احکام نہیں جانتے ہیں اور ان کے کاموں میں خلوص بھی نہیں ہے۔
5	یَنْصَحُوْنَ النَّاسَ وَلٰكِنْ لَا یَعْمَلُوْنَ بِأَنْفُسِهِمْ فَلِهٰذَا مَا فِیْ نُصْحِهِمْ مِنْ أَثَرٍ.	وہ لوگوں کو نصیحت کرتے ہیں لیکن خود عمل نہیں کرتے ہیں اسی وجہ سے ان کی نصیحتوں میں کچھ اثر نہیں ہوتا۔
6	یَطْلُبُوْنَ الشُّهْرَ وَالْعِزَّةَ بَیْنَ النَّاسِ.	وہ لوگوں کے درمیان عزت وشہرت طلب کرتے ہیں۔
7	ظَاهِرُهُمْ جَمِیْلٌ وَ بَاطِنُهُمْ قَبِیْحٌ.	اُن کا ظاہر خوب صورت ہے اور باطن بُرا۔
8	مَا فِیْهِمْ حُبٌّ بِدِیْنِهِمْ وَ لَا بِنَبِیِّهِمْ.	اُن میں اپنے دین اور نبی کی محبّت نہیں ہے۔
9	جِدُّهُمْ وَ حُبُّهُمْ لِلْمَالِ.	اُن کی کوشش اور محبّت مال کے لیے

		ہے۔
10	مَقْصَدُهُمْ طَعَامٌ لَذِيْذٌ وَلِبَاسٌ جَمِيْلٌ.	ان کا مقصد لذیذ کھانا اور خوب صورت لباس ہے۔
11	يَعْلَمُوْنَ أَنَّ الْمَوْتَ حَقٌّ وَلٰكِنْ لَا يَذْكُرُوْنَهُمْ وَلَا يَحْذَرُوْنَ الذُّنُوْبَ وَهُمْ فِيْ غَفْلَةٍ عَنِ الْاٰخِرَةِ.	وہ جانتے ہیں کہ موت حق ہے لیکن وہ اُسے یاد نہیں کرتے اور گناہوں سے نہیں بچتے اور وہ آخرت سے غافل ہیں۔
12	وَاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِیَ دَارُ الْقَرَارِ.	اور بے شک آخرت ہی ہمیشگی کا گھر ہے۔
13	إِعْلَمُوْا يَا اَخَوَانِیْ! أَنَّ الْمَوْتَ لَا يَتْرُكُ أَحَدًا لَا نَبِيًّا وَلَا مَلِكًا وَلَا غَنِيًّا وَلَا فَقِيْرًا.	اے میرے بھائیو! جان لو بے شک موت کسی کو نہیں چھوڑتی ہے نہ نبی کو، نہ بادشاہ کو، نہ مالدار کو، اور نہ غریب کو۔
14	فَلَا مَالَ يَنْفَعُ وَلَا جَلَالَ يَمْنَعُ.	تو نہ مال نفع دے گا اور نہ جاہ وجلال روکے گا۔
15	فَاذْكُرُوْا ذَاكَ الْيَوْمَ وَاتْرُكُوْا الْفَخْرَ بِالْمَالِ وَالْكِبْرِ بِالْجَلَالِ.	تو اُس دن کو یاد کرو اور مال پر فخر اور بڑائی پر تکبر کو چھوڑ دو۔

درس (۲)

ماضی مؤنث غائب

نَهَضَتْ، ذَهَبَتْ، نَصَحَتْ، كَتَبَتْ، عَبَدَتْ، نَهَضْنَ، ذَهَبْنَ، نَصَحْنَ، كَتَبْنَ، عَبَدْنَ.

سَعِيْدَةُ نَهَضَتْ مِنَ النَّوْمِ صَبَاحًا وَ عَبَدَتِ اللهَ وَذَهَبَتْ إِلَى الْمَطْبَخِ وَ طَبَخَتِ الطَّعَامَ وَ بَنَاتُهَا أَيْضًا نَهَضْنَ مَعَهَا وَ عَبَدْنَ اللهَ وَ قَرَأْنَ الْقُرْآنَ وَ حَفِظْنَ الدُّرُوْسَ ثُمَّ عَمِلْنَ مَعَ أُمِّهِنَّ وَ بَعْدَ الْفُطُوْرِ لَبِسْنَ ثِيَابًا نَظِيْفَةً لَا فَاخِرَةً وَ ذَهَبْنَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ فِيْ عَرَبَتِهَا، وَ دَخَلْنَ الصَّفَّ وَ جَلَسْنَ فِيْهِ بِأَدَبٍ وَمَا نَظَرَتْ وَاحِدَةٌ مِنْهُنَّ حِيْنَ الدَّرْسِ يَمِيْناً وَّشِمَالًا، وَمُعَلِّمَتُهُنَّ مَدَحَتْهُنَّ فَإِنَّهُنَّ كَتَبْنَ فُرُوْضَ الْمَدْرَسَةِ بِصِحَّةٍ وَّفَرِحَتْ بِعَمَلِهِنَّ، فِيْهِنَّ حَيَاءٌ وَّالْحَيَاءُ مِنَ الْإِيْمَانِ، وَمَا طَلَبْنَ مِنْ وَّالِدِهِنَّ لِبَاسًا فَاخِرًا أَوْ غِذَاءً لَّذِيْذًا وَّمَا لَبِسْنَ قَطُّ لِبَاسًا ضَيِّقًا رَقِيْقًا وَّمَا رَغِبْنَ إِلَى السِّنِيْمَا وَمَا تَرَكْنَ الْأَدَبَ فِيْ حَالٍ مِّنَ الْأَحْوَالِ فَمَا غَضِبَتْ عَلَيْهِنَّ أُمُّهُنَّ قَطُّ بَلْ فَرِحَتْ دَائِمًا؛ وَكُلٌّ وَاحِدٍ فِي الْبَيْتِ وَفِي الْمَدْرَسَةِ مَسْرُوْرٌ بِخُلُقِهِنَّ فَعَلَى هٰؤُلَاءِ الْبَنَاتِ رَحْمَةُ اللهِ أَنَّهُ جَعَلَهُنَّ مِنَ الْبَنَاتِ الطَّيِّبَاتِ.

ترجمہ: وہ اٹھی، وہ گئی، اُس نے نصیحت کی، اُس نے لکھا، اُس نے عبادت کی، وہ اٹھیں، وہ گئیں، انھوں نے نصیحت کی، انھوں نے لکھا، انھوں نے عبادت کی.

سعیدہ صبح سویرے نیند سے اٹھی اور اللہ کی عبادت کی، باورچی خانہ گئی اور کھانا پکائی، اُس کی لڑکیاں بھی اس کے ساتھ اٹھیں انھوں نے اللہ کی عبادت کی، قرآن پڑھا اور اسباق یاد کیے، پھر اپنی ماں کے ساتھ کام کیا، اور ناشتہ کے بعد صاف و ستھرا لباس پہنا، چمک دار لباس نہیں، اور مدرسہ اُس کی گاڑی میں گئیں اور درجہ میں داخل ہوئیں اور اُس میں ادب سے بیٹھیں، ان میں سے کسی نے بھی سبق کے وقت دائیں اور بائیں نہیں دیکھا، اور ان کی معلّمہ نے ان کی تعریف کی، اس لیے کہ انھوں نے ہوم ورک اچھی طرح سے کیا، اور اُن کے کام سے خوش ہوئی، اُن میں شرم ہے ، اور شرم ایمان کا حصّہ ہے، انھوں نے اپنے والد سے چمک دار لباس یا لذیذ غذا نہیں مانگی، انھوں نے کبھی چست اور باریک لباس نہیں پہنا، اور وہ سنیما کی طرف مائل نہیں ہوئیں، اور انھوں نے

کسی حالت میں ادب نہیں چھوڑا، اسی وجہ سے اُن کی ماں کبھی اُن پر غصّہ نہیں ہوئی، بلکہ ہمیشہ خوش رہی، گھر میں اور مدرسہ میں ہر شخص اُن کے اخلاق سے خوش ہے، تو ان لڑکیوں پر اللہ کی رحمت ہو، بے شک اُس نے انھیں نیک لڑکیوں میں سے بنایا۔

شمار	سوال	جواب
1	مَتىٰ نَهَضَتِ الْأُمُّ ؟	نَهَضَتِ الْأُمُّ مِنَ النَّوْمِ صَبَاحًا.
2	مَاذَا فَعَلَتْ فِي الْمَطْبَخِ ؟	طَبَخَتِ الطَّعَامَ فِي الْمَطْبَخِ.
3	مَتىٰ نَهَضَتِ الْبَنَاتُ ؟	نَهَضَتِ الْبَنَاتُ فِي الصَّبَاحِ .
4	هَلْ عَبَدْنَ اللهَ ؟	نَعَمْ: عَبَدْنَ اللهَ.
5	كَيْفَ خُلُقُهُنَّ ؟	خُلُقُهُنَّ حَسَنَةٌ .
6	هَلْ فِيْهِنَّ حَيَاءٌ ؟	نَعَمْ: فِيْهِنَّ حَيَاءٌ.
7	أَغَضِبَتْ عَلَيْهِنَّ الْأُمُّ ؟	لَا: مَا غَضِبَتْ عَلَيْهِنَّ الْأُمُّ .
8	أَغَضِبَتْ عَلَيْهِنَّ الْمُعَلِّمَةُ ؟	لَا: مَا غَضِبَتْ عَلَيْهِنَّ الْمُعَلِّمَةُ.
9	أَهُنَّ طَيِّبَاتٌ ؟	نَعَمْ: هُنَّ طَيِّبَاتٌ.
10	أَيَفْرَحُ إِخْوَانُهُنَّ بِخُلُقِهِنَّ ؟	نَعَمْ: يَفْرَحُ إِخْوَانُهُنَّ بِخُلُقِهِنَّ.
11	أَطَبَخْنَ الطَّعَامَ مَعَ أُمِّهِنَّ ؟	نَعَمْ: طَبَخْنَ الطَّعَامَ مَعَ أُمِّهِنّ.
12	أَرَغِبْنَ إِلَى السِّنِيْمَا ؟	لَا: مَا رَغِبْنَ إِلَى السِّنِيْمَا.
13	أَرَغِبْنَ إِلىٰ لِبَاسٍ جَمِيْلٍ ؟	لَا: مَا رَغِبْنَ إِلَى لِبَاسٍ جَمِيْلٍ.
14	أَفِيْهِنَّ دِيَانَةٌ ؟	نَعَمْ: فِيْهِنَّ دِيَانَةٌ.
15	هَلِ الصَّلٰوةُ عَلَامَةُ الْمُسْلِمِ ؟	نَعَمْ: اَلصَّلٰوةُ عَلَامَةُ الْمُسْلِمِ.

ترجمہ کرو:(ا)

شمار	اردو	عربی
1	لکھی۔	كَتَبَتْ.
2	پڑھی۔	قَرَأَتْ.
3	سمجھی۔	فَهِمَتْ.
4	یاد کی۔	حَفِظَتْ.
5	پکائی۔	طَبَخَتْ.
6	پی۔	شَرِبَتْ.
7	تعریف کی۔	مَدَحَتْ.
8	شکر کی۔	شَكَرَتْ.
9	عیادت کی۔	عَادَتْ.
10	پہنی۔	لَبِسَتْ.
11	اٹھی۔	نَهَضَتْ.
12	لی۔	أَخَذَتْ.
13	گئی۔	ذَهَبَتْ.
14	نہ غصہ ہوئی۔	مَا غَضِبَتْ.
15	نہ ظلم کی۔	مَاظَلَمَتْ.
16	نہ ماری۔	مَاضَرَبَتْ.
17	نہ کھیلی۔	مَالَعِبَتْ.
18	نہ ہنسی۔	مَا ضَحِكَتْ.
19	نہ سوئی۔	مَانَامَتْ.
20	نہ غفلت کی۔	مَاغَفَلَتْ.

(۲)

عربی	اردو	شمار
رَشِیْدَۃُ نَہَضَتْ مِنَ النَّوْمِ وَعَبَدَتِ اللّٰہَ.	رشیدہ نیند سے اٹھی اور اللہ کی عبادت کی۔	1
أَیَّۃُ امْرَأَۃٍ طَبَخَتِ الطَّعَامَ فِی الْمَطْبَخِ؟	باورچی خانہ میں کس عورت نے کھانا پکایا؟	2
عَلٰی ھٰؤُلَآءِ الْبَنَاتِ رَحْمَۃُ اللّٰہِ.	ان لڑکیوں پر اللہ کی رحمت ہے۔	3
مَا خَرَجْنَ مِنَ الْبَیْتِ بِغَیْرِ اِذْنٍ قَطُّ.	وہ کبھی بے اجازت گھر سے نہیں نکلیں۔	4
أَیَّۃُ بِنْتٍ قَطَفَتِ التِّیْنَ؟	انجیر کس لڑکی نے توڑے؟	5
قَطَفَتْ أَخَوَاتُھَا الرُّمَّانَ وَالْبُرْتُقَالَ بِاِذْنٍ.	اس کی بہنوں نے انار اور سنترے اجازت سے توڑے۔	6
صَنَعَتِ الْبِنْتُ الطَّعَامَ مِنَ الرُّزِّ وَاللَّحْمِ وَّالسَّمَنِ.	چاول گوشت اور گھی سے لڑکی نے کھانا تیار کیا۔	7
ھٰذِہِ الْقِشْطَۃُ لَذِیْذَۃٌ جِدًّا.	یہ بالائی بڑی مزیدار ہے۔	8
اِصْنَعْنَ السَّمَنَ مِنَ الزُّبْدَۃِ وَکُلْنَ.	مسکہ سے گھی بناؤ اور کھاؤ۔	9
یَا أَیُّھَا النَّاسُ! اِلْبَسُوْا مَلَابِسَ نَظِیْفَۃً.	لوگو! (صاف ستھرے) کپڑے پہنو۔	10
لَا تَرْغَبُوْا مَلَابِسَ ثَمِیْنَۃً.	(قیمتی) کپڑوں کی خواہش نہ کرو۔	11
لَا تَتْرُکُوْا الْأَدَبَ فِیْ حَالٍ مِّنَ الْأَحْوَالِ.	کسی حال میں ادب نہ چھوڑو۔	12
اِحْذَرُوْا السِّنِیْمَا لِأَنَّ اِثْمَہٗ أَکْبَرُ مِنْ	سینما سے بچو کیوں کہ اس کا گناہ اس	13

	کے نفع سے بڑا ہے۔	نَّفْعِهِ.

درج ذیل کلمات میں جو ماضی ہوں ان کا مضارع لکھو اور جو مضارع ہوں ان کا ماضی۔

ماضی	مضارع	ماضی	مضارع
طَبَخْنَا	تَنْبُتُ	حَلَبْتُمْ	تَزْرَعُوْنَ
عَبَدْتُّمْ	تَسْئَلُوْنَ	سَكَتُّ	تَحْصُدُ
مَدَحُوْا	تَطْبُخُ	×	نَشْهَدُ
صَنَعْنَا	يَحْذَرُوْنَ	×	تَجْعَلُ
لَبِسَتْ	تَحْذَرُ	×	يَقْطِفُوْنَ
مَزَحُوْا	يَسْكُنُوْنَ	×	تَغْسِلُ
أَذِنْتُمْ	نَنْصُرُ	×	يَنْزِلُوْنَ

درس (۳)

ماضی مؤنث حاضر

قَرَأْتِ، صَنَعْتِ، حَذِرْتِ، عَرَفْتِ، طَبَخْتِ، قَرَأْتُنَّ
صَنَعْتُنَّ حَذِرْتُنَّ؛ عَرَفْتُنَّ؛ طَبَخْتُنَّ.

جَمِيْلَةُ بِنْتٌ مُّجْتَهِدَةٌ. هِيَ عَرَفَتْ صَنْعَ إِدَامٍ مِّنَ الْاِدَامِ فِيْ مَدْرَسَتِهَا ثُمَّ صَنَعَتْهُ يَوْمًا بِنَفْسِهَا فِي الْبَيْتِ فَسَأَلَتْهَا. عَمَّتُهَا: مَاذَا صَنَعْتِ يَا جَمِيْلَةُ؟

جَمِيْلَةُ: صَنَعْتُ عَمَّتِيْ اِدَامًا جَدِيْدًا.

اَلْعَمَّةُ: مِمَّنْ عَرَفْتِ ذٰلِكَ الْاِدَامَ؟

جَمِيْلَةُ :عَرَفْتُ مِنْ مُّعَلِّمَتِىْ.
اَلْعَمَّةُ :مَعَ مَنْ صَنَعْتِهِ الْاٰنَ؟
جَمِيْلَةُ :صَنَعْتُهُ أَنَا بِنَفْسِىْ.
اَلْعَمَّةُ :مِنْ أَيِّ الْأَشْيَاءِ صَنَعْتِ؟
جَمِيْلَةُ :صَنَعْتُهُ مِنَ اللَّحْمِ وَالْبَيْضِ وَالْخَضْرَوَاتِ وَالسَّمَنِ.
اَلْعَمَّةُ :مِمَّنْ أَخَذْتِ جَمِيْعَ الْخَضْرَوَاتِ؟
جَمِيْلَةُ :أَخَذْتُهَا مِنْ خَضَّارٍ.
اَلْعَمَّةُ :أَيْنَ اَخَوَاتُكِ؟
جَمِيْلَةُ :هُنَّ فِىْ تِلْكَ الْحُجْرَةِ.
اَلْعَمَّةُ :أَمَّا عَرَفْتُنَّ شَيْأً فِى التَّرْبِيَةِ الْمَنْزِلِيَّةِ. أَيَّتُهَا الْبَنَاتُ!
اَلْبَنَاتُ :عَرَفْنَا وَلَكِنْ مَّا صَنَعْنَا ذٰلِكَ اِلْادَامَ إِلَى الْاٰنَ.
اَلْعَمَّةُ :أَفِىْ أَعْمَالِ الْبَيْتِ نَقِيْصَةٌ؟
اَلْبَنَاتُ :لَا: مَا فِيْهَا نَقِيْصَةٌ بَلْ عِزَّةٌ وَ مَدْحٌ.
اَلْعَمَّةُ :أَقَرَأْتُنَّ كِتَابًا فِى اللِّسَانِ الْعَرَبِيِّ؟
اَلْبَنَاتُ :نَعَمْ: قَرَأْنَا كِتَابًا اِسْمُهُ مِنْهَاجُ الْعَرَبِيَّةِ.
اَلْعَمَّةُ :أَنَا مَسْرُوْرَةٌ بِكُنَّ؛ اِنَّكُنَّ رَغِبْتُنَّ فِىْ لِسَانِ الْقُرْاٰنِ، وَالْقُرْاٰنُ كَلَامُ اللهِ.

ترجمہ: تونے پڑھا، تونے بنایا، تو بچی، تونے پہچانا، تونے پکایا، تم نے پڑھا، تم نے بنایا، تم بچیں، تم نے پہچانا، تم نے پکایا۔

جمیلہ محنتی لڑکی ہے اس نے سالن بنانا اپنے مدرسہ میں سیکھا، پھر اسے ایک دن گھر میں خود سے بنایا تو اس سے اس کی پھوپھی نے پوچھا۔

پھوپھی : اے جمیلہ! تونے کیا بنایا ہے؟
جمیلہ : اے میری پھوپھی! میں نے نیا سالن بنایا ہے۔
پھوپھی : وہ سالن (بنانا) تونے کس سے سیکھا؟

جمیلہ : میں نے اپنی استانی سے سیکھا۔

پھوپھی : اب تو نے اسے کس کے ساتھ بنایا ہے؟

جمیلہ : میں نے اسے خود سے بنایا ہے۔

پھوپھی : کن چیزوں سے تو نے بنایا ہے؟

جمیلہ : میں نے اسے گوشت، انڈوں، سبزیوں اور گھی سے بنایا ہے۔

پھوپھی : تو نے تمام سبزیاں کہاں سے لیں؟

جمیلہ : میں نے یہ سب سبزی فروش سے لیں۔

پھوپھی : تیری بہنیں کہاں ہیں؟

جمیلہ : وہ اس کمرے میں ہیں۔

پھوپھی : اے لڑکیو! کیا تم نے امور خانہ داری کے بارے میں کچھ سیکھا ہے؟

لڑکیاں : ہم نے سیکھا ہے، لیکن ہم نے وہ سالن اب تک نہیں بنایا۔

پھوپھی : کیا گھر کے کاموں میں بے عزتی ہے؟

لڑکیاں : نہیں ان میں بے عزتی نہیں ہے، بلکہ عزت اور تعریف ہے۔

پھوپھی : کیا تم نے عربی زبان میں کوئی کتاب پڑھی ہے؟

لڑکیاں : ہاں: ہم نے ایک کتاب پڑھی ہے جس کا نام "منہاج العربیہ" ہے۔

پھوپھی : بے شک میں تم سے خوش ہوں (کیوں کہ) تم میں قرآن کی زبان کا شوق ہے اور قرآن اللہ کا کلام ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	مَاذَا فَعَلَتْ جَمِيْلَةُ فِي الْبَيْتِ ؟	صَنَعَتْ جَمِيْلَةُ فِي الْبَيْتِ الْإِدَامَ.
2	مَنْ سَأَلَهَا عَنِ الْإِدَامِ ؟	سَأَلَتْهَا عَمَّتُهَا عَنِ الْإِدَامِ.
3	مِنْ أَيِّ شَيْءٍ صَنَعَتِ الْإِدَامَ ؟	صَنَعَتِ الْإِدَامَ مِنَ اللَّحْمِ وَالْبَيْضِ وَالْخَضْرَوَاتِ وَالسَّمَنِ.
4	هَلْ هِيَ جَيِّدَةٌ فِي التَّرْبِيَةِ الْمَنْزِلِيَّةِ ؟	نَعَمْ: هِيَ جَيِّدَةٌ فِي التَّرْبِيَةِ الْمَنْزِلِيَّةِ.
5	أَيْنَ أَخَوَاتُهَا ؟	أَخَوَاتُهَا فِي الْحُجْرَةِ.
6	هَلْ عَمِلْنَ مَعَهَا ؟	لَا: مَا عَمِلْنَ مَعَهَا.
7	أَقَرَأْنَ كِتَابًا فِي الْعَرَبِيِّ ؟	نَعَمْ. قَرَأْنَ كِتَابًا فِي الْعَرَبِيِّ.
8	هَلْ رَغِبْنَ فِيْ لِسَانِ الْقُرْآنِ ؟	نَعَمْ: رَغِبْنَ فِيْ لِسَانِ الْقُرْآنِ.
9	هَلِ الْقُرْآنُ كَلَامُ اللهِ ؟	نَعَمْ: اَلْقُرْآنُ كَلَامُ اللهِ.
10	مِمَّنْ أَخَذَتْ جَمِيْلَةُ جَمِيْعَ الْخَضْرَوَاتِ ؟	أَخَذَتْ جَمِيْلَةُ جَمِيْعَ الْخَضْرَوَاتِ مِنْ خَضَّارٍ.

ترجمہ کرو: (الف)

شمار	اردو	عربی
1	توکس کے ساتھ گئی؟	مَعَ مَنْ ذَهَبْتِ؟
2	کس کے پاس بیٹھی؟	عِنْدَ مَنْ جَلَسْتِ؟
3	تم کس کے پیچھے گئیں؟	خَلْفَ مَنْ ذَهَبْتُنَّ ؟

4	وہ کس کے آگے گئیں؟	قُدَّامَ مَنْ ذَهَبْنَ؟
5	تم نے کس کے بعد پڑھا؟	بَعْدَ مَنْ قَرَأْتُنَّ؟
6	تم نے کس سے لیا؟	مِمَّنْ أَخَذْتُنَّ؟
7	وہ کس پر ہنسیں؟	عَلٰى مَنْ ضَحِكْنَ؟
8	کس کی کتاب پر تم نے لکھا؟	عَلٰى كِتَابِ مَنْ كَتَبْتُنَّ؟
9	کس کی کاپی تم نے لی؟	كُرَّاسَةِ مَنْ أَخَذْتُنَّ؟

(ب)

شمار	اردو	عربی
1	کونسی لڑکیاں اچھی ہیں؟	أَيُّ بَنَاتٍ حَسَنَةٌ؟
2	کون سے لڑکے اچھے ہیں؟	أَيُّ أَوْلَادٍ صِغَارٌ؟
3	کون سے مدرسے بڑے ہیں؟	أَيُّ مَدَارِسَ كَبِيْرَةٌ؟
4	کون سی کتابیں مفید ہیں؟	أَيُّ كُتُبٍ مُفِيْدَةٌ؟
5	کون سے گھر خوبصورت ہیں؟	أَيُّ بُيُوْتٍ جَمِيْلَةٌ؟
6	کون سے باغوں میں پھل اور پھول ہیں؟	فِيْ أَيِّ بَسَاتِيْنَ أَثْمَارٌ وَ أَزْهَارٌ؟

(ج)

شمار	اردو	عربی
1	ماں اپنی لڑکی پر غصہ ہوئی تو وہ خاموش ہوگئی۔	أَلْأُمُّ غَضِبَتْ عَلٰى بِنْتِهَا فَسَكَتَتْ.

2	چچی نے جمیلہ سے پوچھا۔ تو نے کونسا سالن پکایا؟	زَوْجَةُ الْعَمِّ سَأَلَتْ مِنْ جَمِيْلَةَ أَيَّ اِدَامٍ طَبَخْتَ؟
3	انڈوں کا سالن کونسی لڑکیوں نے پکایا؟	أَيُّ بَنَاتٍ طَبَخْنَ اِدَامَ الْبَيْضِ؟
4	امورِ خانہ داری میں میری بہنیں بہت اچھی ہیں۔	أَخَوَاتِيْ جَيِّدَةٌ جِدًّا فِي التَّرْبِيَةِ الْمَنْزِلِيَّةِ.
5	میں نے خود یہ کام کیا ہے۔	قَدْ فَعَلْتُ بِنَفْسِيْ هٰذَا الْفِعْلَ.
6	ترکاریوں کا سالن اس لڑکی نے خود کبھی نہیں پکایا۔	مَا طَبَخَتْ تِلْكَ الْبِنْتُ إِدَامَ الْخَضْرَوَاتِ قَطُّ.
7	یہ کھانے کا کمرہ ہے اور وہ سونے کے کمرہ سے چھوٹا ہے۔	هٰذِهٖ حُجْرَةُ الطَّعَامِ وَهِيَ أَصْغَرُ مِنْ حُجْرَةِ النَّوْمِ.
8	کیا اس زمانے کی لڑکیوں میں دینداری ہے؟	أَفِيْ بَنَاتِ هٰذَا الزَّمَانِ دِيَانَةٌ؟
9	کیا ان کے نزدیک دین کی (دین کے لیے) اہمیت ہے؟	أَعِنْدَهُنَّ أَهَمِيَّةٌ لِّلدِّيْنِ؟
10	کیا انہوں نے دین کا مقصد سمجھا؟	أَفَهِمْنَ مَقْصَدَ الدِّيْنِ؟
11	کیا انہوں نے صحابیات کی سیرت پڑھی؟	أَقَرَأْنَ سِيْرَةَ الصَّحَابِيَّاتِ؟
12	ان کی سیرت اور ان لڑکیوں کی سیرت میں بہت بڑا فرق ہے۔	بَيْنَ سِيْرَتِهِنَّ وَ سِيْرَةِ هٰؤُلَاءِ الْبَنَاتِ فَرْقٌ كَبِيْرٌ جِدًّا.

درس (۴)

مَدْرَسَةُ الْبَنَاتِ

ماضی مؤنث غائب وحاضر مخلوط

اَلْبَنَاتُ لَبِسْنَ بَعْدَ الْفُطُوْرِ ثِيَابًا نَّظِيْفَةً لَّا ضَيِّقَةً وَّلَا رَقِيْقَةً وَّ مَشَطْنَ شَعْرَهُنَّ وَلَبِسْنَ الْأَحْذِيَةَ وَذَهَبْنَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ فِيْ عَرَبَتِهَا وَجَلَسْنَ فِي الصَّفِّ بِأَدَبٍ ،وَبَعْدَ قَلِيْلٍ دَخَلَتِ الْمُعَلِّمَةُ حُجْرَةَ الدَّرْسِ فَنَهَضَتِ الْبَنَاتُ لَهَا ؛ ثُمَّ كَتَبَتِ الْمُعَلِّمَةُ حُضُوْرَهُنَّ فِي السِجِلِّ وَأَمَرَتِ الْعَرِيْفَةَ بِقِرَاءَةِالدَّرْسِ فَفَتَحَتِ الْعَرِيْفَةُ الْكِتَابَ وَقَرَأَتِ الدَّرْسَ بِصَوْتٍ جَهِيْرٍ ، وَجَمِيْعُ التِّلْمِيْذَاتِ سَمِعْنَ بِعِنَايَةٍ وَمَا نَظَرْنَ يَمِيْنًا وَشِمَالاً .

اَلْمُعَلِّمَةُ: (سَأَلَتْ بِنْتًا صَغِيْرَةً) أَفَهِمْتِ الدَّرْسَ يَا عَابِدَةُ؟

عَابِدَةُ: فَهِمْتُ يَا سَيِّدَتِيْ جَيِّدًا .

اَلمُعَلِّمَةُ: (سَأَلَتْ جَمِيْعَ الْبَنَاتِ) أَسَمِعْتُنَّ الدَّرْسَ وَفَهِمْتُنَّ ؟

التِّلْمِيْذَاتُ: نَعَمْ: سَمِعْنَا وَفَهِمْنَا جَيِّدًا جِدًّا .

اَلْمُعَلِّمَةُ: أَنَا مَسْرُوْرَةٌ بِعَمَلِكُنَّ ؛ إِنَّكُنَّ كَتَبْتُنَّ فُرُوْضَ الْمَدْرَسَةِ بِصِحَّةٍ وَفَهِمْتُنَّ الدَّرْسَ الْجَدِيْدَ جَيِّدًا .

ترجمہ: لڑکیوں نے ناشتہ کے بعد صاف ستھرے کپڑے پہنے جو نہ تنگ تھے اور نہ باریک، اپنے بالوں میں کنگھی کی، جوتیاں پہنیں، اور اپنی گاڑی میں (بیٹھ کر) مدرسہ گئیں اور درجہ میں ادب سے بیٹھیں، تھوڑی دیر بعد استانی درس گاہ میں داخل ہوئی تو لڑکیاں اس کے لیے کھڑی ہوگئیں تو پھر معلمہ نے رجسٹر میں ان کی حاضری درج کی اور اس نے مانیٹر (لڑکی) کو سبق پڑھنے کا حکم دیا تو مانیٹر نے کتاب کھولی اور اس نے بلند آواز سے سبق پڑھا اور تمام طالبات نے توجہ سے سنا اور انھوں نے دائیں بائیں نہیں دیکھا۔

معلمہ : (ایک چھوٹی لڑکی سے پوچھا) اے عابدہ! کیا تو نے سبق سمجھ لیا؟

عابدہ : اے میری میڈم میں نے اچھی طرح سمجھ لیا۔

معلمہ : (سبھی لڑکیوں سے پوچھا) کیا تم نے سبق سنا اور سمجھا؟

طالبات : ہاں: ہم نے سن لیا اور اچھی طرح سمجھ لیا۔
معلمہ : میں تمھارے کاموں سے خوش ہوں بے شک تم نے ہوم ورک اچھی طرح سے کیا اور نیا سبق اچھی طرح سمجھا۔

سوالات و جوابات

شمار	سوال	جواب
1	كَيْفَ ثِيَابُ الْبَنَاتِ ؟	ثِيَابُ الْبَنَاتِ نَظِيْفَةٌ لَا ضَيِّقَةٌ وَلَا رَقِيْقَةٌ.
2	هَلْ عِنْدَ الْمُعَلِّمَةِ سِجِلُّ الْحُضُوْرِ ؟	نَعَمْ: عِنْدَ الْمُعَلِّمَةِ سِجِلُّ الْحُضُوْرِ.
3	كَيْفَ قَرَأَتِ الْعَرِيْفَةُ الدَّرْسَ ؟	قَرَأَتِ الْعَرِيْفَةُ الدَّرْسَ جَيِّدًا.
4	مَنْ سَأَلَ عَابِدَةَ؟	سَأَلَتِ الْمُعَلِّمَةُ عَابِدَةَ.
5	هَلْ لَكَ أَخَوَاتٌ ؟	نَعَمْ: لِيْ أَخَوَاتٌ.
6	أَقَرَأْنَ كِتَابًا فِي الْعَرَبِيِّ ؟	نَعَمْ: قَرَأْنَ كِتَابًا فِي الْعَرَبِيِّ.
7	أَفِيْهِنَّ حَيَاءٌ؟	نَعَمْ: فِيْهِنَّ حَيَاءٌ.
8	اَيَّتُهَا الْبَنَاتُ أَعَلِمْتُنَّ أَنَّ الْهَيْبَةَ خَيْبَةٌ ؟	نَعَمْ: عَلِمْنَا أَنَّ الْهَيْبَةَ خَيْبَةٌ.
9	أَطَبَخْنَ الطَّعَامَ مَعَ أُمِّكُنَّ ؟	نَعَمْ: طَبَخْنَا الطَّعَامَ مَعَ أُمِّنَا.
10	هَلْ عِنْدَكُنَّ بَقَرَةٌ ؟	نَعَمْ: عِنْدَنَا بَقَرَةٌ.
11	أَحَلَبْتُنَّ اللَّبَنَ تَارَةً ؟	نَعَمْ: حَلَبْنَا اللَّبَنَ مَرَّةً.
12	هَلْ صَنَعْتُنَّ الزُّبْدَةَ مِنَ اللَّبَنِ	نَعَمْ: صَنَعْنَا الزُّبْدَةَ مِنَ اللَّبَنِ مَرَّةً.

	تَارةً ؟	
13	هَلِ الْحَيَاءُ خَيْرُ خَصْلَةٍ ؟	نَعَمْ: اَلْحَيَاءُ خَيْرُ خَصْلَةٍ.

ضمیروں کے لحاظ سے فعل لکھو:

(أَنْتِ)طَبَخْتِ	(أَنْتُنَّ)سَأَلْتُنَّ	(هُنَّ)زَرَعْنَ	(أَنْتُنَّ)حَصَدْتُّنَّ
(هِيَ)نَصَرتْ	(أَنْتِ)فَتَحْتِ	(أَنْتُمْ)قَطَفتُمْ	(هِيَ)مَشَطَتْ
(هُنَّ)لَبِسْنَ	(أَنْتِ)أَذِنْتِ	(أَنْتِ)عَرَفْتِ	(أَنْتُنَّ)صَنَعْتُنَّ
(هُنَّ)جَعَلْنَ	(هِيَ) حَفِظَتْ	(هُوَ) تَرَكَ	(هُمْ) تَرَكُوْا
أَنَا) فَتَحْتُ	(نَحْنُ) ضَرَبْنَا		

ترجمہ کرو:(ا)

شمار	اردو	عربی
1	توپوچھی۔	أَنْتِ سَأَلْتِ.
2	تم پوچھیں۔	أَنْتُنَّ سَأَلْتُنَّ.
3	تو کنگھی کی۔	أَنْتِ مَشَطْتِّ.
4	تم کنگھی کیں۔	أَنْتُنَّ مَشَطْتُّنَّ.
5	توپہچانی۔	أَنْتِ عَرَفْتِ.
6	تم پہچانی۔	أَنْتُنَّ عَرَفْتُنَّ.
7	تم خاموش رہیں۔	أَنْتُنَّ سَكَتُّنَّ.
8	توخاموش رہی۔	أَنْتِ سَكَتِّ.
9	تم مدد کیں۔	أَنْتُنَّ نَصَرْتُنَّ.
10	تومدد کی۔	أَنْتِ نَصَرْتِ.

11	تم پکائیں۔	أَنْتُنَّ طَبَخْتُنَّ.
12	کھولی۔	هِيَ فَتَحَتْ.
13	توکھولی۔	أَنْتِ فَتَحْتِ .
14	ماری۔	هِيَ ضَرَبَتْ.
15	توماری۔	أَنْتِ ضَرَبْتِ.
16	لی۔	هِيَ أَخَذَتْ.
17	تولی۔	أَنْتِ أَخَذْتِ.
18	پکائی۔	هُنَّ طَبَخْنَ.
19	تم پکائیں۔	أَنْتُنَّ طَبَخْتُنَّ.
20	عبادت کیں۔	هُنَّ عَبَدْنَ.
21	تم عبادت کیں۔	أَنْتُنَّ عَبَدْتُّنَّ.
22	توپکائی۔	أَنْتِ طَبَخْتِ.

(۲)

شمار	اردو	عربی
1	گرما کی تعطیل میں میری والدہ اور بہنیں بنگلور گئیں۔	ذَهَبَتْ أُمِّي وَ اَخَوَاتِي فِي عُطْلَةِ الصَّيْفِ إِلٰى بَنْغَلَوْر.
2	معلمہ نے رجسٹر میں تمھارا نام کس سے پہلے لکھا؟	قَبْلَ مَنْ كَتَبَتِ الْمُعَلِّمَةُ اسْمَكِ فِي السِّجِلِّ ؟
3	تم کس کے ساتھ مدرسے میں داخل ہوئیں؟	مَعَ مَنْ دَخَلْتُنَّ الْمَدْرَسَةَ ؟

4	میرے جوتے کہاں ہیں ؟کیا کسی نے پہن لیے ؟	أَيْنَ أَحْذِيَتِي؟ هَلْ لَبِسَ أَحَدٌ؟
5	رشیدہ نے (صاف ستھرے) کپڑے پہنے۔	رَشِيْدَةُ لَبِسَتْ ثِيَابًا نَظِيْفَةً.
6	بالوں میں کنگھی کی اور مدرسہ گئی۔	وَ مَشَطَتْ الشَّعْرَ وَ ذَهَبَتْ إِلَى الْمَدْرَسَةِ.
7	کیا لڑکے بھی اپنے بالوں میں کنگھی کرتے ہیں؟	اَيَمْشُطُ الْوِلْدَانُ شَعْرَهُمْ اَيْضًا؟
8	سردی کے موسم میں (پتلے) کپڑے نہ پہنو۔	وَلَا تَلْبَسُوْا ثِيَابًا رَقِيْقَةً فِى فَصْلِ الشِّتَاءِ .
9	کیا تم نے کبھی وطن کا ترانہ (بلند) آواز پڑھا؟	اَقَرَأْتُمْ أُنْشُوْدَةَ الْوَطَنِ بِصَوْتٍ جَهِيْرٍ تَارَةً ؟
10	عابدہ (مسلم) لڑکی ہے۔	عَابِدَةُ بِنْتٌ مُسْلِمَةٌ.
11	اس کے نزدیک نماز کے لیے بڑی اہمیت ہے۔	عِنْدَهَا اَهْمِيَّةٌ كَبِيْرَةٌ لِلصَّلٰوةِ.
12	کیونکہ وہ مسلم کی علامت ہے۔	لِأَنَّهَا عَلَامَةُ الْمُسْلِمِ.
13	کیا اس کی بہنوں نے بھی نماز کی اہمیت کو سمجھ لیا؟	أَفَهِمَتْ اَخَوَاتُهَا أَيْضًا أَهْمِيَّةَ الصَّلٰوةِ؟
14	عابدہ تنگ اور پتلا لباس نہیں پہنتی۔	عَابِدَةُ لَا تَلْبَسُ ثِيَابًا ضَيِّقَةً وَلَا رَقِيْقَة.
15	یہ بے حیائی ہے۔	هٰذِهِ وَقَاحَةٌ.

درس (۵)

اسم مذکر جس کے آخر میں "و،ن" ہے

صَدَقَ، صَادِقٌ، صَادِقُوْنَ، اَمَرَ، اٰمِرٌ، اٰمِرُوْنَ، نَجَحَ، نَاجِحٌ، نَاجِحُوْنَ، خَادَمَ، خَادِمٌ، خَادِمُوْنَ، عَابِدُوْنَ، رَاكِعُوْنَ، سَاجِدُوْنَ، ذَاكِرُوْنَ، صَالِحُوْنَ، مُجْتَهِدُوْنَ، مُؤَدَّبُوْنَ، مَحْبُوْبُوْنَ، مَسْرُوْرُوْنَ، مَذْمُوْمُوْنَ.

اَلظَّالِمُوْنَ، اَلذَّاكِرُوْنَ، اَلْكَاذِبُوْنَ، مِنَ الظَّالِمِيْنَ، لِلذَّاكِرِيْنَ، عَلَى الْكَاذِبِيْنَ، اَلصَّادِقُوْنَ، اَلْغَافِرُوْنَ، اَلْعَامِلوْنَ؛ مَعَ الصَّادِقِيْنَ، خَيْرُ الغَافِرِيْنَ، اَجْرُ العَامِلِينَ.

اَلْمُجْتَهِدُوْنَ نَاجِحُوْنَ. وَالنَّاجِحُوْنَ مَحْبُوْبُوْنَ. فَهُمْ يَخْدِمُوْنَ أُمَّهُمْ وَوَالِدَهُمْ وَ يَنْهَضُوْنَ مِنَ النَّوْمِ صَبَاحًا لِّلصَّلٰوةِ. فَإِنَّهُمْ يَعْلَمُوْنَ أَنَّ الصَّلٰوةَ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ فَلَا يَكْسَلُوْنَ عَنْهَا اَبَدًا. فَهُمُ الرَّاكِعُوْنَ السَّاجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ. لَا تَخْرُجُ مِنْ لِّسَانِهِمْ كَلِمَةٌ فَاحِشَةٌ. أَعْمَامُهُمْ وَأَخْوَالُهُمْ بِهِمْ مَّسْرُوْرُوْنَ. فَلَهُمْ مِّنْهُمْ دُعَاءٌ وَّلَهُمْ فِى الدُّنْيَا حَسَنَةٌ وَّفِى الْاٰخِرَةِ حَسَنَةٌ. وَهُمْ صَالِحُوْنَ يَصْحَبُوْنَ الصَّالِحِيْنَ وَيَحْذَرُوْنَ الْمُفْسِدِيْنَ فَإِنَّ الْمُفْسِدِيْنَ مَذْمُوْمُوْنَ فَأُولٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُوْنَ وَّلَهُمْ فِى الدُّنْيَا خِزْىٌ. اِعْلَمُوْا أَيُّهَا الْأَوْلَادُ! إِنَّ الْاِنْسَانَ يَحْصُدُ كَمَا يَزْرَعُ.

ترجمہ: اس نے سچ کہا، سچ بولنے والا، سچ کہنے والے، اس نے حکم دیا، حکم دینے والا، حکم دینے والے، وہ کامیاب ہوا، کامیاب ہونے والا، کامیاب ہونے والے، اس نے خدمت کی، خدمت کرنے والا، خدمت کرنے والے، عبادت کرنے والے، رکوع کرنے والے، سجدہ کرنے والے، ذکر کرنے والے، نیکی کرنے والے، محنت کرنے والے، باادب (لوگ) پیارے (لوگ) خوش (لوگ) بُرے (لوگ) ظلم کرنے والے، ذکر کرنے والے، جھوٹ بولنے والے، ظلم کرنے والوں سے، ذکر کرنے والوں کے لیے، جھوٹوں پر، سچ بولنے والے، بخشنے والے، کام کرنے والے، سچوّں کے ساتھ، بہتر بخشنے والا، کام کرنے والوں کا بدلہ۔

محنتی لوگ کامیاب ہیں، اور کامیاب لوگ پیارے ہیں، تو وہ اپنے ماں باپ کی خدمت کرتے ہیں اور صبح سویرے نیند سے نماز کے لیے اٹھتے ہیں، اس لیے کہ وہ جانتے ہیں کہ نماز نیند سے بہتر ہے تو وہ کبھی بھی اس میں سستی نہیں کرتے ہیں، تو وہ رکوع و سجدہ کرتے ہیں، نیکی کا حکم دیتے ہیں، ان کی زبان سے کوئی بری بات نہیں نکلتی ہے، ان کے چچا اور ماموں ان سے خوش ہیں، تو ان کے لیے ان کی جانب سے دعا ہے، اور ان کے لیے دنیا میں بھلائی ہے، اور آخرت میں بھلائی ہے، وہ نیک ہیں، وہ نیک لوگوں کی صحبت اختیار کرتے ہیں اور خراب لوگوں سے بچتے ہیں اس لیے کہ خراب لوگ برے ہیں، تو وہ لوگ گھاٹے میں ہیں، اور ان کے لیے دنیا میں رسوائی ہے، اے لڑکو! جان لو کہ انسان وہی کاٹتا ہے جو بوتا ہے۔

قوسین کے الفاظ ملا کر پڑھو اور لکھو:

مِنَ الشَّاكِرِيْنَ • فِي السَّاجِدِيْنَ • بِغَائِبِيْنَ • مَعَ الصَّابِرِيْنَ • اَوَّلُ الْعَابِدِيْنَ • إِنَّ الظَّالِمِيْنَ • اُنْصُرُوْا الْمَظْلُوْمِيْنَ إِنَّ الْكَافِرِيْنَ • بِالْمُؤْمِنِيْنَ • خَيْرُ الْحَاكِمِيْنَ • أَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ • لِلْمُؤْمِنِيْنَ • عَمَلُ الْمُفْسِدِيْنَ • رَبُّ الْعَالَمِيْنَ • فِي الْعَابِدِيْنَ • اِتِّحَادُ الْمُسْلِمِيْنَ • مَعَ الصَّادِقِيْنَ • مِنَ الْخَاسِرِيْنَ • مَدَحْتُ الْمُجْتَهِدِيْنَ • لَا تَرْحَمُوْا الظَّالِمِيْنَ • نَنْصُرُ الْمُسْلِمِيْنَ •

ترجمہ کرو: (الف)

شمار	اردو	عربی
1	اللہ کی لعنت جھوٹوں پر ہے۔	لَعْنَةُ اللهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ.
2	ظالموں کے لیے (بڑا) عذاب ہے۔	لِلظَّالِمِيْنَ عَذَابٌ عَظِيْمٌ.
3	اور آخرت سے غافل ہیں۔	وَهُمْ غَافِلُوْنَ عَنِ الْاٰخِرَةِ.
4	سب ہماری طرف رجوع ہونے والے ہیں۔	كُلٌّ إِلَيْنَا رَاجِعُوْنَ.

5	رکوع کرو رکوع کرنے والوں کے ساتھ ہو جاؤ۔	وَارْكَعُوْا مَعَ الرَّاكِعِيْنَ.
6	صبر کرو کیونکہ اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔	وَاصْبِرُوْا فَإِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصَّابِرِيْنَ.
7	پس کیا تم شکر کرنے والے ہو۔	اَفَأَنْتُمْ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ؟
8	اور مجھ کو (ظالم) لوگوں کے ساتھ مت کردے۔	وَلَا تَجْعَلْنِي مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِيْنَ.

(ب)

شمار	اردو	عربی
1	کامیابی اچھوں کے لیے ہے۔	اَلنَّجَاحُ لِلصَّالِحِيْنَ.
2	وہ (نیک) لڑکے ہیں۔	هُمْ اَوْلَادٌ صَالِحُوْنَ.
3	نیکوں کے ساتھ رہتے ہیں۔	يَصْحَبُوْنَ الصَّالِحِيْنَ.
4	ہر چیز خلوص سے کرو کیونکہ مخلص محبوب ہیں۔	اِفْعَلُوْا كُلَّ شَيْءٍ بِالْأِخْلَاصِ فَإِنَّ الْمُخْلِصِيْنَ مَحْبُوْبُوْنَ.
5	سستی کرنے والوں کے لیے ناکامی اور دنیا میں رسوائی ہے۔	لِلْكَاسِلِيْنَ خَيْبَةٌ وَخِزْيٌ فِي الدُّنْيَا.
6	وہ ہر وقت نقصان اٹھانے والوں میں ہیں۔	اُولٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُوْنَ كُلَّ وَقْتٍ.
7	قومیت کو نہ پوجو جیسا کہ آج ہم دیکھ رہے ہیں۔	لَا تَعْبُدُوْا الْقَوْمِيَّةَ كَمَا نَرٰى الْيَوْمَ.
8	تم اللہ کے بندے ہو نہ کہ قومیت	اَنْتُمْ عِبَادُ اللّٰهِ لَا عِبَادُ الْقَوْمِيَّةِ.

	کے (بندے)۔	
9	اسلام میں وطنیت یا قومیت نہیں ہے۔	اَلْوَطْنِيَّةُ اَوِ الْقَوْمِيَّةُ لَيْسَت فِي الْاِسْلَامِ.
10	تمام مسلمان بھائی بھائی ہیں۔	اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ.

درس (٦)

مضارع مؤنث غائب

تَنْهَضُ، يَنْهَضْنَ، تَلْبَسُ، يَلْبَسْنَ، تَخْرُجُ، يَخْرُجْنَ، تَسْهَرُ، يَسْهَرْنَ، تَشْهَدُ، يَشْهَدْنَ، تَسْتُرُ، يَسْتُرْنَ.

رَشِيْدَةُ تَنْهَضُ مِنَ النَّوْمِ صَبَاحًا وَّتَعْبُدُ اللهَ ثُمَّ تَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ، فَاِنَّ قِرَاءَةَ الْقُرْاٰنِ كُلَّ صَبَاحٍ بَرَكَةٌ وَّ بَعْدَ الْفُطُوْرِ تَلْبَسُ لِبَاسًا نَّظِيْفًا سَاذَجًا يَّسْتُرُ جِسْمَهَا وَتَحْذَرُ لِبَاسًا رَّقِيْقًا ضَيِّقًا وَتَذْهَبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ فِي الْعَرَبَةِ وَ تَقْرَأُ هُنَاكَ كُتُبًا فِي الْعَرَبِيَّةِ وَالْاِنْكِلِيزِيَّةِ وَتَلْعَبُ أَلْعَابًا رِيَاضِيَّةً وَلَا تَشْهَدُ دَارَ الْخَيَّالَةِ فَاِنَّ ظَاهِرَهَا جَمِيْلٌ وَبَاطِنَهَا قَبِيْحٌ إِثْمُهَا اَكْبَرُ مِنْ نَفْعِهَا وَتَخْدِمُ أُمَّهَا وَوَالِدَهَا فَكُلُّ وَاحِدٍ يَمْدَحُهَا وَ مِنْ صَاحِبَاتِهَا بَنَاتٌ يَرْقُدْنَ إِلٰى طُلُوْعِ الشَّمْسِ لِأَنَّهُنَّ يَشْهَدْنَ السِّينِمَا وَ يَسْهَرْنَ اللَّيْلَ وَلَا يَرْغَبْنَ إِلَى الصَّلٰوةِ وَلَا إِلٰى اَعْمَالِ الْبَيْتِ وَ يَلْبَسْنَ ثِيَابًا رَقِيْقَةً لَا تَسْتُرُ أَجْسَامَهُنَّ بَلْ يَقْرَأْنَ الْكُتُبَ الْاِنْكِلِيْزِيَّةَ كَثِيْرًا وَ يَفْخَرْنَ بِهَا. لَا يَقْرَأْنَ الْقُرْاٰنَ وَلَا يَذْكُرْنَ اللهَ وَرَسُوْلَهُ فَهُنَّ جَيِّدَاتٌ فِي اللِّسَانِ الْاِنْكِلِيْزِيِّ وَ مَا قَرَأْنَ شَيْئًا فِي اللِّسَانِ الْعَرَبِيِّ وَهُنَّ يَعْلَمْنَ أَنَّ الْعَرَبِيَّ لِسَانُ الْقُرْاٰنِ وَالْقُرْاٰنُ هِدَايَةٌ لِلْمُسْلِمِيْنَ.

ترجمہ:

وہ اٹھتی ہے، وہ اٹھتی ہیں، وہ پہنتی ہے، وہ پہنتی ہیں، وہ نکلتی ہے، وہ نکلتی ہیں، وہ جاگتی

ہے، وہ جاگتی ہیں، وہ حاضر ہوتی ہے، وہ حاضر ہوتی ہیں، وہ چھپاتی ہے، وہ چھپاتی ہیں۔

رشیدہ صبح نیند سے اٹھتی ہے اور اللہ کی عبادت کرتی ہے، پھر قرآن پڑھتی ہے، کیوں کہ ہر صبح کو قرآن پڑھنا برکت ہے، اور ناشتہ کے بعد صاف ستھرا سادہ لباس پہنتی ہے جو اس کے جسم کو چھپاتا ہے، اور باریک، تنگ لباس سے بچتی ہے اور گاڑی میں مدرسہ جاتی ہے، اور وہاں عربی اور انگریزی میں کتابیں پڑھتی ہے، اور ورزش والے کھیل کھیلتی ہے، اور سینما گھر نہیں جاتی ہے کیوں کہ اس کا ظاہر خوب صورت ہے اور اس کا باطن بد صورت ہے، اس کا گناہ اس کے نفع سے بڑھ کر ہے، اور وہ اپنے ماں باپ کی خدمت کرتی ہے تو ہر ایک اس کی تعریف کرتا ہے، اور اس کی سہیلیوں میں کچھ ایسی لڑکیاں ہیں جو سورج نکلنے تک سوتی ہیں اس لیے کہ وہ سینما دیکھتی ہیں اور رات میں جاگتی ہیں، اور نہ نماز کی رغبت رکھتی ہیں نہ گھر کے کاموں کی، اور ایسا پتلا لباس پہنتی ہیں جو ان کے جسموں کو نہیں چھپاتا بلکہ انگریزی کتابیں بہت پڑھتی ہیں اور اس پر فخر کرتی ہیں اور قرآن نہیں پڑھتی ہیں، اللہ اور اس کے رسول کو یاد نہیں کرتی ہیں تو اسی لیے وہ انگریزی زبان میں اچھی ہیں، اور انھوں نے عربی زبان میں کچھ نہیں پڑھا حالاں کہ وہ جانتی ہیں کہ عربی قرآن کی زبان ہے، اور قرآن مسلمانوں کے لیے ہدایت ہے۔

سوالات وجوابات:

شمار	سوال	جواب
1	مَتٰی تَنْهَضُ رَشِیْدَةُ؟	تَنْهَضُ رَشِیْدَةُ صَبَاحًا.
2	أَتَرْقُدُ إِلٰی طُلُوْعِ الشَّمْسِ؟	لَا، لَا تَرْقُدُ إِلٰی طُلُوْعِ الشَّمْسِ.
3	أَتَقْرَأُ كِتَابًا فِي الْعَرَبِيِّ؟	نَعَمْ: تَقْرَأُ كِتَابًا فِي الْعَرَبِيِّ.
4	أَتَطْبَخُ مَعَ أُمِّهَا؟	نَعَمْ: تَطْبَخُ مَعَ أُمِّهَا.
5	أَتَشْهَدُ السِّنِيْمَا؟	لَا، لَا تَشْهَدُ السِّنِيْمَا.
6	أَتَسْتُرُ ثِيَابُهَا جِسْمَهَا؟	نَعَمْ: تَسْتُرُ ثِيَابُهَا جِسْمَهَا.

7	أَیُّ لِبَاسٍ تَلْبَسُ رَشِیْدَۃُ؟	تَلْبَسُ رَشِیْدَۃُ لِبَاسًا نَّظِیْفًا سَاذَجًا.
8	أَتَمْدَحُهَا الْمُعَلِّمَاتُ؟	نَعَمْ: تَمْدَحُهَا الْمُعَلِّمَاتُ.
9	أَتَقْرَأُ أُخْتِكَ كُتُبَ الْعَرَبِیِّ؟	نَعَمْ: تَقْرَأُ أُخْتِی كُتُبَ الْعَرَبِیِّ.
10	أَتَطْبَخُ الطَّعَامَ؟	نَعَمْ: تَطْبَخُ الطَّعَامَ.
11	أَتَقْرَأُ الْمُسْلِمَاتُ كُتُبًا عَرَبِیَّةً؟	لَا، لَا تَقْرَأُ الْمُسْلِمَاتُ كُتُبًا عَرَبِیَّةً.
12	أَیَرْغَبْنَ إِلَى اللِّسَانِ الْإِنكِلِیْزِیِّ؟	نَعَمْ: یَرْغَبْنَ إِلَى اللِّسَانِ الْانْكِلِیْزِیِّ.
13	أَیَسْهَرْنَ اللَّیْلَ؟	نَعَمْ: یَسْهَرْنَ اللَّیْلَ.
14	أَتَسْهَرُ الْبَنَاتُ لِلدِّیْنِ؟	لَا، لَا تَسْهَرُ الْبَنَاتُ لِلدِّیْنِ.

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	یہ لڑکی (نئے) طریقے پر عربی پڑھتی ہے۔	هٰذِهِ الْبِنْتُ تَقْرَأُ الْعَرَبِیَّ عَلٰی أُسْلُوْبٍ جَدِیْدٍ.
2	(نیک) لڑکی بڑوں کے سامنے ادب سے بیٹھتی ہے۔	تَجْلِسُ الْبِنْتُ الصَّالِحَۃُ أَمَامَ الْكِبَارِ مُؤَدَّبَۃً.
3	نماز کبھی نہیں چھوڑتی۔	لَا تَتْرُكُ الصَّلٰوۃَ قَطُّ.
4	کیا (مسلم) لڑکیاں مدرسہ کو بغیر گاڑی کے جاتی ہیں؟	أَتَذْهَبُ الْبَنَاتُ الْمُسْلِمَاتُ إِلَى الْمَدْرَسَۃِ بِغَیْرِ عَرَبَۃٍ؟
5	(اچھی) لڑکیاں اپنے جسم کو چھپاتی	تَسْتُرُ الْبَنَاتُ الصَّالِحَاتُ

	ہیں۔	أَجْسَامَهَا.
6	وہ پتلے اور تنگ لباس نہیں پہنتیں۔	لَا يَلْبَسْنَ ثِيَابًا ضَيِّقَةً رَّقِيْقَةً.
7	ان کی خالائیں اور چچیاں ان سے خوش ہوتی ہیں۔	تَفْرَحُ خَالَاتُهُنَّ وَأَزْوَاجُ أَعْمَامِهِنَّ بِهِنَّ.
8	سعیدہ صبح نماز کے بعد قرآن پڑتی ہے۔	سَعِيْدَةُ تَقْرَأُ الْقُرْآنَ صَبَاحًا بَعْدَ الْفَجْرِ.
9	ہر کام خلوص سے کرو اور ریاء (دکھاوے) سے بچو۔	اِعْمَلُوْا كُلَّ عَمَلٍ بِالْإِخْلَاصِ وَاحْذَرُوْا الرِّيَاءَ.
10	ریاء بدترین چیز ہے۔	الرِّيَاءُ شَيْءٌ مَذْمُوْمٌ.
11	اس سے تمام اعمال رائیگاں جاتے ہیں۔	تَحْبَطُ الْأَعْمَالُ كُلُّهَا بِهٖ.
حَمِیْدٌ : أَیْنَ سِرْتَ بَعْدَ الصَّلوٰةِ؟
مَجِیْدٌ : سِرْتُ إِلَی الْحدِیْقَةِ الْعُمُوْمِیَّةِ.
حَمِیْدٌ : أَأُمُّكَ وَأَخَوَاتُكَ سِرْنَ مَعَكَ؟
مَجِیْدٌ : لَا: مَا سَارَتْ أُمِّیْ وَلَا أَخَوَاتِیْ بَلْ اِخْوَانِیْ سَارُوْا مَعِیْ.
حَمِیْدٌ : أَجِئْتَ بِثَمَرَةٍ مِنَ الْحدِیْقَةِ بِدُوْنِ اِذْنٍ؟
مَجِیْدٌ : لَا: مَا جِئْتُ بِثَمَرَةٍ وَلَا بِزَهْرَةٍ بِدُوْنِ اِذْنٍ فَاِنَّ ذٰلِكَ عَمَلٌ غَیْرُ صَالِحٍ.
حَمِیْدٌ : مَتیٰ عُدْتُّمْ؟
مَجِیْدٌ : عُدْنَا بَعْدَ قَلِیْلٍ.
حَمِیْدٌ : مَاذَا قَالَ لَكَ وَالِدُكَ؟
مَجِیْدٌ : مَا قَالَ لِیْ شَیْئًا.

اِعْلَمُوْا أَیُّهَا الْأَوْلَادُ! أَنَّ النَّوْمَ فِی اللَّیْلِ وَالْقِیَامَ مِنْهُ بُكْرَةً یَجْعَلُ الْاِنْسَانَ صَحِیْحًا غَنِیًّا عَاقِلًا.

ترجمہ:

اٹھنا: اٹھا، اٹھتا ہے، لوٹنا: لوٹا، لوٹتا ہے، کہنا: کہا، کہتا ہے، آنا: آیا آتا ہے، چلنا: چلا، چلتا ہے، غائب ہونا: غائب ہوا، غائب ہوتا ہے۔

حمید : اے مجید! آج تمھارے والد نیند سے کب اٹھے؟
مجید : میرے والد نماز کے لیے سورج طلوع ہونے سے پہلے اٹھے۔
حمید : کیا تمھارے بھائی ان کے ساتھ نیند سے اٹھے؟

مجید : ہاں، وہ ان کے ساتھ اٹھے۔
حمید : کیا تمھاری ماں ان کے ساتھ نیند سے اٹھیں ؟
مجید : ہاں، وہ نماز کے لیے ان کے ساتھ نیند سے اٹھیں۔
حمید : کیا تمھاری بہنیں اپنی ماں کے ساتھ نیند سے اٹھیں ؟
مجید : ہاں، وہ سب ان کے ساتھ اٹھیں۔
حمید : کیا تم بھی نیند سے اٹھے ؟
مجید : ہاں، میں بھی اٹھا۔
حمید : تم نماز کے بعد کہاں گئے ؟
مجید : میں باغ عام (پبلک گارڈن) کی طرف گیا۔
حمید : کیا تمھاری ماں اور تمھاری بہنیں (بھی) تمھارے ساتھ گئیں ؟
مجید : نہیں، میری ماں اور بہنیں نہیں گئیں بلکہ میرے بھائی میرے ساتھ گئے۔
حمید : کیا تم باغ سے بغیر اجازت پھل لائے ؟
مجید : نہیں، میں بغیر اجازت پھل لایا نہ پھول، اس لیے کہ وہ اچھا کام نہیں ہے۔
حمید : تم کب لوٹے ؟
مجید : ہم تھوڑی دیر بعد لوٹے۔
حمید : تمھارے والد نے تم سے کیا کہا؟
مجید : مجھ سے کچھ نہیں کہا۔

اے لڑکو! جان لو کہ رات میں سونا اور صبح سویرے نیند سے اٹھنا انسان کو صحت مند، مالدار اور عقل مند بناتا ہے۔

سوالات وجوابات:

شمار	سوال	جواب

1	أَسِرْتَ إِلَى الْحَدِيْقَةِ؟	نَعَمْ: سِرْتُ إِلَى الْحَدِيْقَةِ.
2	أَجِئْتَ مِنْهَا بِثَمَرَةٍ؟	نَعَمْ: جِئْتُ مِنْهَا بِثَمَرَةٍ.
3	أَسِرْتُمْ إِلَى الْمَسْجِدِ بُكْرَةً؟	نَعَمْ: سِرْنَا إِلَى الْمَسْجِدِ بُكْرَةً.
4	أَجَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِنْ عِنْدِ اللهِ؟	نَعَمْ: جَاءَنَا رَسُوْلٌ مِنْ عِنْدِ اللهِ.
5	مَنْ جَاءَ بِالْقُرْآنِ؟	جَاءَ رَسُوْلُنَا بِالْقُرْآنِ.
6	مَنْ يَقْرَؤُهُ؟	يَقْرَأُهُ الْمُسْلِمُوْنَ.
7	أَسِرْتُمْ إِلَى الْمَيْدَانِ؟	لَا: بَلْ سِرْنَا إِلَى الْحَدِيْقَةِ الْعُمُوْمِيَّةِ.
8	وَمَتٰى عُدتُّمْ؟	عُدْنَا بَعْدَ قَلِيْلٍ.
9	أَيُّ شَيْءٍ يَجْعَلُ الإِنْسَانَ صَحِيْحًا وَغَنِيًّا وَعَاقِلًا؟	اَلنَّوْمُ فِي اللَّيْلِ وَالْقِيَامُ مِنْهُ بُكْرَةً يَجْعَلُ الْإِنْسَانَ صَحِيْحًا وَغَنِيًّا وَعَاقِلًا.
10	مَتٰى قُمْتَ لِصَلَاةِ الْفَجْرِ؟	قُمْتُ لِصَلَاةِ الْفَجْرِ بُكْرَةً.
11	أَعِنْدَكَ لِلصَّلَاةِ أَهْمِيَّةٌ؟	نَعَمْ: عِنْدِيْ لِلصَّلَاةِ أَهْمِيَّةٌ جِدًّا.

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	اللہ نے کہا کہ میں تمھارے ساتھ ہوں۔	قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى إِنِّيْ مَعَكُمْ.
2	نوح نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، تمھارے لیے اس کے سوا کوئی خدا نہیں۔	قَالَ نُوْحٌ لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اعْبُدُوْا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ.

3	تو نے اس سے کیا کہا؟	مَا قُلْتَ لَهٗ؟
4	میں نے کسی سے کچھ نہیں کہا۔	مَا قُلْتُ لِأَحَدٍ شَيْئًا.
5	اے لڑکی! تو یہاں کب آئی؟	يَا أَيَّتُهَا الْبِنْتُ! مَتىٰ جِئْتِ هٰهُنَا؟
6	کیسے آئی؟ کیا لائی؟	كَيْفَ جِئْتِ وَ بِمَا جِئْتِ؟
7	اے لڑکیوں! تم مدرسہ سے کب لوٹیں؟	يَا أَيَّتُهَا الْبَنَاتُ! مَتىٰ عُدْتُّنَّ مِنَ الْمَدْرَسَةِ؟
8	کیا تم کبھی باغ (عام) گئیں؟	أَذَهَبْتُنَّ إِلَى الْحَدِيْقَةِ الْعُمُوْمِيَّةِ تَارَةً؟
9	(بڑی) بہن نے تجھ سے کیا کہا؟	مَا قَالَتِ الْأَخَوَاتُ الْكَبِيْرَةُ لَكِ؟
10	کیا خادمہ بازار گئی؟	أَذَهَبَتِ الْخَادِمَةُ إِلَى السُّوْقِ؟
11	وہ اب تک گوشت ترکاری نہیں لائی؟	مَا جَاءَتْ بِلَحْمٍ وَ بَقْلٍ إِلَى الْآنَ.
12	ہم منگل کے بازار سے نئی ہانڈیاں اور (نئی) رکابیاں لے آئے۔	جِئْنَا بِالْقُدُوْرِ الْجَدِيْدَةِ وَالصُّحُوْنِ الْجَدِيْدَةِ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ مِنَ السُّوْقِ.
13	کیا چمچے نہیں لائے؟	أَمَا جِئْتَ بِالْمَلَاعِقِ؟
14	نہ ہم وہاں گئے نہ وہ یہاں آئے۔	مَا ذَهَبْنَا إِلىٰ هُنَاكَ وَمَا جَاءُوْا هٰهُنَا.
15	ہر مسلمان پر نماز واجب (ہوتی) ہے۔	الصَّلٰوةُ تَجِبُ عَلىٰ كُلِّ مُسْلِمٍ.
16	(نیک) بندے فجر کی نماز کے لیے	قَامَ الْعِبَادُ الصَّالِحُوْنَ لِصَلٰوةِ

	جلد اٹھ گئے اور اپنے رب کے سامنے ادب سے کھڑے ہو گئے کیونکہ وہ شکر گزار بندے ہیں۔	الْفَجْرِ مِنَ النَّوْمِ بُكْرَةً وَقَامُوْا أَمَامَ رَبِّهِمْ مُؤَدَّبِيْنَ فَإِنَّهُمْ عِبَادٌ شَاكِرُوْنَ.
17	نماز ہر برائی سے بچاتی ہے۔	إِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنْ كُلِّ مُنْكَرٍ.
18	وہ اسلام کی روح ہے اور اس کا ستون ہے۔	هِيَ رُوْحُ الْإِسْلَامِ وَعِمَادُهُ.
19	اے لوگو! نماز سے کبھی غفلت نہ کرو۔	يَا أَيُّهَا النَّاسُ! لَا تَغْفُلُوْا عَنِ الصَّلٰوةِ أَبَدًا.
20	اور اس میں ذرا بھی سستی نہ کرو۔	وَلَا تَكْسَلُوْا عَنْهَا قَلِيْلًا.

درس (۱۷)

بیچ میں "و، ی" والے تین حرفی افعال کا مضارع

رَوْحٌ: رَاحَ، يَرُوْحُ، أَرُوْحُ، نَرُوْحُ، يَرُوْحُوْنَ، يَرُحْنَ، تَرُوْحُوْنَ، تَرُحْنَ، تَرُوْحِيْنَ

بَيْعٌ: بَاعَ، يَبِيْعُ، تَبِيْعُ، أَبِيْعُ، نَبِيْعُ، يَبِيْعُوْنَ، يَبِعْنَ، تَبِيْعُوْنَ، تَبِعْنَ، تَبِيْعِيْنَ.

رَشِيْدٌ : أَيْنَ تَرُوْحُ عَلٰى عَجَلٍ يَا مَجِيْدُ؟ وَلِمَاذَا؟

مَجِيْدٌ : أَرُوْحُ إِلَى السُّوْقِ لِشِرَاءِ اللَّحْمِ.

رَشِيْدٌ : لِمَاذَا تَرُوْحُ؟

مَجِیْدٌ : أَرُوْحُ لِشِرَاءِ اللَّحْمِ وَالْخَضْرَوَاتِ.
رَشِیْدٌ : مَتیٰ تَرُوْحُ إِلَی الْمَدْرَسَةِ؟
مَجِیْدٌ : أَرُوْحُ بَعْدَ ذٰلِكَ.
رَشِیْدٌ : أَتَجِیْءُ أَنْتَ بِالْخَضْرَوَاتِ وَلَا یَجِیْءُ أَحَدٌ بِهَا؟
مَجِیْدٌ : نَعَمْ: أَجِیْءُ بِهَا عِنْدَ الضَرُوْرَةِ وَأَحْسَبُ أَنَّ عَمَلَ الْبَیْتِ مَا فِیْهِ نَقِیْصَةٌ.
رَشِیْدٌ : أَیَرُوْحُ أَوْلَادُ الْأَغْنِیَاءِ هٰکَذَا؟
مَجِیْدٌ : سَمِعْتُ أَنَّهُمْ لَا یَرُوْحُوْنَ.
رَشِیْدٌ : أَتَبِیْعُ الخَضْرَوَاتِ نِسَاءٌ؟
مَجِیْدٌ : نعَمْ: اَلنِّسَاءُ یَبِعْنَ الْخَضْرَوَاتِ وَالرِّجَالُ أَیْضًا یَبِیْعُوْنَهَا.
رَشِیْدٌ : أَیُّ الْخَضْرَوَاتِ یَبِعْنَ؟
مَجِیْدٌ : یَبِعْنَ الْبَطَاطَةَ وَالطَّمَاطِمَ وَالْبَاذِنْجَانَ وَالْاِسْفَانَاخَ وَالرِّجْلَةَ وَالْبَامِیَةَ وَغَیْرَهَا.
رَشِیْدٌ : مَنْ یَّبِیْعُ اللَّحْمَ؟
مَجِیْدٌ : یَبِیْعُهُ الْقَصَّابُ.
رَشِیْدٌ : أَیَّ لَحْمٍ یَّبِیْعُ؟
مَجِیْدٌ : یَبِیْعُ لَحْمَ الْغَنَمِ.
رَشِیْدٌ : أَتَرُوْحُ النِّسَاءُ أَیْضًا إِلَی السُّوْقِ؟
مَجِیْدٌ : نَعَمْ: وَلٰکِنَّ بَعْضَهُنَّ لَا یَرُحْنَ.

ترجمہ: جانا: وہ گیا، وہ جاتا ہے، تو جاتا ہے، میں جاتا ہوں، ہم جاتے ہیں، وہ سب جاتے ہیں، وہ سب جاتی ہیں، تم سب جاتے ہو، تم سب جاتی ہو، تو جاتی ہے۔

بیچنا: اس نے بیچا، وہ بیچتا ہے، تو بیچتا ہے، میں بیچتا ہوں، ہم بیچتے ہیں، وہ سب بیچتے ہیں، وہ سب بیچتی ہیں، تم سب بیچتے ہو، تم سب بیچتی ہو، تو بیچتی ہے۔

رشید : اے مجید !تم جلدی (میں) کہاں جا رہے ہو اور کیوں؟

مجید : میں گوشت خریدنے کے لیے بازار جا رہا ہوں۔

رشید : تم کس لیے جا رہے ہو؟

مجید : میں گوشت اور سبزیاں خریدنے کے لیے جا رہا ہوں۔

رشید : تم مدرسہ کب جاؤ گے؟

مجید : میں اس (گوشت خریدنے) کے بعد جاؤں گا۔

رشید : کیا سبزیاں تم لاتے ہو؟ انھیں کوئی اور نہیں لاتا ہے؟

مجید : ہاں: میں انھیں ضرورت کے وقت لاتا ہوں، اور میں سمجھتا ہوں کہ گھر کے کاموں میں کوئی عیب نہیں ہے۔

رشید : کیا مالداروں کے لڑکے بھی اسی طرح جاتے ہیں؟

مجید : میں نے سنا ہے کہ وہ نہیں جاتے ہیں۔

رشید : کیا عورتیں سبزیاں بیچتی ہیں؟

مجید : ہاں: عورتیں سبزیاں بیچتی ہیں اور مرد بھی بیچتے ہیں۔

رشید : عورتیں کون سی سبزیاں بیچتی ہیں؟

مجید : وہ آلو، ٹماٹر، بیگن، پالک، خُرفہ کا ساگ اور بھنڈی وغیرہ بیچتی ہیں۔

رشید : گوشت کون بیچتا ہے؟

مجید : اسے قصاب بیچتا ہے۔

رشید : وہ کون سا گوشت بیچتا ہے؟

مجید : وہ بکری کا گوشت بیچتا ہے۔

رشید : کیا عورتیں بھی بازار جاتی ہیں؟

مجید : ہاں: لیکن کچھ عورتیں نہیں جاتی ہیں۔

سوالات وجوابات:

شمار	سوال	جواب
1	مَتٰی تَقُوْمُ مِنَ النَّوْمِ؟	أَقُوْمُ مِنَ النَّوْمِ صَبَاحاً.
2	أَتَرُوْحُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ كُلَّ يَوْمٍ؟	نَعَمْ: أَرُوْحُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ كُلَّ يَوْمٍ.
3	أَتَبِيْعُ اللَّبَانَةَ الْقِشْطَةَ؟	نَعَمْ: تَبِيْعُ اللَّبَانَةُ الْقِشْطَةَ.
4	أَتَرُوْحُ الْبَنَاتُ إِلَى الْمَيْدَانِ؟	لَا، لَا تَرُوْحُ الْبَنَاتُ إِلَى الْمَيْدَانِ.
5	أَرُحْتُمْ إِلَى الْحَدِيْقَةِ؟	نَعَمْ: رُحْنَا إِلَى الْحَدِيْقَةِ.
6	مَنْ يَّبِيْعُ اللَّحْمَ؟	يَبِيْعُ الْقَصَّابُ اللَّحْمَ.
7	مَاذَا يَفْعَلُ الخَضَّارُ؟	يَبِيْعُ الْخَضَّارُ الْخَضْرَوَاتِ.
8	كَيْفَ تَجِدُوْنَ لَحْمَ الْغَنَمِ؟	نَجِدُ لَحْمَ الْغَنَمِ لَذِيْذًا.
9	أَجِئْتَ بِاللَّحْمِ تَارَةً؟	نَعَمْ: جِئْتُ بِاللَّحْمِ مَرَّةً.
10	أَتَأْكُلُ الإِدَامَ بِدُوْنِ اللَّحْمِ؟	نَعَمْ: نَأْكُلُ الْإِدَامَ بِدُوْنِ اللَّحْمِ.

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	اٹھا۔	قَامَ.
2	گیا۔	رَاحَ.
3	کہا۔	قَالَ.
4	لوٹا۔	عَادَ.

5	آئے۔	جَاءُوْا.
6	گئے۔	رَاحُوْا.
7	دوست لوٹے۔	رَجَعَ الْأَصْدِقَاء.
8	میں چلا۔	سِرْتُ.
9	ہم نے کہا۔	قُلْنَا.
10	ہم آئے۔	جِئْنَا.
11	ہم اٹھے۔	قُمْنَا.
12	تو چلا۔	سِرْتَ.
13	تو نے بیچا۔	بِعْتَ.
14	تو لوٹا۔	عُدْتَّ.
15	تم آئے۔	جِئْتُمْ.
16	تم گئے۔	رُحْتُمْ.
17	تم نے کہا۔	قُلْتُمْ.
18	تم آئیں۔	جِئْتُنَّ.
19	تم گئیں۔	رُحْتُنَّ.
20	تم غائب ہوگئیں۔	غِبْتُنَّ.
21	(وہ) اٹھیں۔	قُمْنَ.
22	گئیں۔	رُحْنَ.
23	آئیں۔	جِئْنَ.
24	(وہ) گئی۔	رَاحَتْ.
25	غائب ہوگئی۔	غَابَتْ.

26	وہ آتا ہے۔	یَجِیْءُ.
27	جاتا ہے۔	یَرُوْحُ.
28	(وہ) کہتے ہیں۔	یَقُوْلُوْنَ.
29	جاتے ہیں۔	یَرُوْحُوْنَ.
30	آتے ہیں۔	یَجِیْئُوْنَ.
31	ہم کہتے ہیں۔	نَقُوْلُ.
32	تم جاتے ہو۔	تَرُوْحُوْنَ.
33	تم آتے ہو۔	تَجِیْئُوْنَ.
34	ہم جاتے ہیں۔	نَرُوْحُ.
35	میں آتا ہوں۔	أَجِیْءُ.
36	تو جاتا ہے۔	تَرُوْحُ.
37	تو بیچتا ہے۔	تَبِیْعُ.
38	میں چلتا ہوں۔	أَسِیْرُ.
39	(وہ) آتیں ہیں۔	یَجِئْنَ.
40	کہتی ہیں۔	یَقُلْنَ.
41	تو کہتی ہے۔	تَقُوْلِیْنَ.
42	تو آتی ہے اور جاتی ہے۔	تَجِیْئِیْنَ وَ تَرُوْحِیْنَ.
43	تم اٹھتی ہو اور کہتی ہو۔	تَقُمْنَ وَ تَقُلْنَ.
44	تو کب اٹھے گی اور مدرسہ جائیگی؟	مَتٰی تَقُوْمِیْنَ وَ تَرُوْحِیْنَ إِلَی الْمَدْرَسَةِ؟
45	اللہ حق کہتا ہے۔	اَللّٰہُ یَقُوْلُ الْحَقَّ.

ذیل کے صیغوں میں جو ماضی ہو اس کا مضارع اور جو مضارع ہو اس کا ماضی لکھو۔

ماضی	مضارع	ماضی	مضارع
قُلْنَا	يَقُوْلُوْنَ	غِبْتَ	أَسِيْرُ
رُحْتُنَّ	تَقُوْلِيْنَ	وَقَفْتُمْ	تَغِيْبُ
بِعْنَ	تَبِيْعُ	عُدْنَا	يَعُوْدُوْنَ
عُدْتُّ	تَرُوْحُوْنَ	سِرْتُمْ	أَصِلُ
غِبْتُمْ	تَبِعْنَ	وَضَعْتُ	نَبِيْعُ
عُدْتُمْ	نَرُوْحُ	وَعَدْتِّ	تَعِدُوْنَ
وَجَدْتُ	تَبِيْعُ	قُلْتُ	ـ
وَصَلْنَا	ـ	ـ	ـ

درس (۱۸)

أَلدِّيْكُ

أَلدِّيْكُ مِنَ الطُّيُوْرِ الدَّاجِنَةِ، رِيْشُهُ جَمِيْلٌ وَ علىٰ رَأْسِهٖ عُرْفٌ كَمِثْلِ التَّاجِ، وَهُوَ أَحْمَرُ اللَّوْنِ، فِيْ هٰذِهٖ الصُّوْرَةِ، الدِّيْكُ يَشْرَبُ الْمَاءَ فِيْ اِنَاءٍ وَالدَّجَاجَةُ وَاقِفَهٌ وَ فِرَاخُهَا تَلْقُطُ الْحَبَّ، الدَّجَاجَةُ نَافِعَةٌ لِاَنَّهَا تَبِيْضُ كَثِيْرًاوَ بَيْضَتُهَا خَيْرُغِذَاءٍ وَ يَأْكُلُهَا النَّاسُ بِرَغْبَةٍ، بَعْضُهُمْ يَأْكُلُ الْبَيْضَةَ الْمَغْلِيَّةَ وَ بَعْضُهُمْ يَأْكُلُ الْمَقْلِيَّةَ، الْبَيْضَةُ الْمَغْلِيَّةُ تَنْفَعُ كَثِيْرًا وَ لٰكِنَّ الْمَقْلِيَّةَ لَيْسَتْ كَذَالِكَ بَلْ هِىَ لَذِيْذَةٌ فَقَطْ، أَلْأَغْنِيَاءُ يَأْكُلُوْنَ لَحَمَ الدِّيْكِ

وَالدَّجَاجَةِ فَإِنَّهٗ لَذِيْذٌ جِدًّا، اَلدِّيْكُ يَصْدَحُ قَبْلَ الْفَجْرِ، أَسَمِعْتُمْ صُدَاحَهٗ وَفَهِمْتُمْ مَعْنَاهُ؟ كَأَنَّهٗ يَقُوْلُ لَكُمْ، أَيُّهَا الرَّاقِدُوْنَ! اِلٰى مَتٰى تَرْقُدُوْنَ: فَقُوْمُوْا مِنْ نَوْمِكُمْ وَلَا تَكْسَلُوْا وَاعْبُدُوْا اللّٰهَ رَبَّكُمْ، أَلَا تَعْلَمُوْنَ أَنَّ اللّٰهَ خَلَقَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَحَفِظَكُمْ مِنَ الْاٰفَاتِ فَقُوْمُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْهُ أَفَلَا تَشْكُرُوْنَ؟

ترجمہ: مرغا پالتو پرندوں میں سے ہے، جس کے پَر خوبصورت ہوتے ہیں اس کے سر پر تاج نما ایک کلغی ہوتی ہے۔ وہ سرخ رنگ کی ہوتی ہے۔ اس تصویر میں مرغ ایک برتن میں پانی پی رہا ہے اور مرغی کھڑی ہے۔ اور اس کا چوزہ دانہ چگ رہا ہے۔ مرغی نفع بخش ہے اس لیے کہ وہ بہت انڈے دیتی ہے۔ اور اس کا انڈا بہترین غذا ہے۔ اور لوگ اسے شوق سے کھاتے ہیں۔ کچھ لوگ ابلا ہوا انڈا کھاتے ہیں اور کچھ لوگ تلا ہوا انڈا کھاتے ہیں۔ ابلا ہوا انڈا زیادہ فائدہ مند ہوتا ہے، لیکن تلا ہوا انڈا ایسا نہیں ہوتا ہے، بلکہ وہ صرف مزے دار ہوتا ہے۔ مالدار لوگ مرغا اور مرغی کا گوشت کھاتے ہیں، اس لیے کہ وہ مزیدار ہوتا ہے۔ مرغا فجر سے پہلے بانگ دیتا ہے۔ کیا تم نے اس کی بانگ سنی اور اس کا معنی سمجھا؟ گویا کہ وہ تم سے کہتا ہے، "اے سونے والو! کب تک سوتے رہو گے؟ تو اپنی نیند سے اٹھ جاؤ اور سستی نہ کرو، اپنے رب اللہ کی عبادت کرو۔ کیا تم نہیں جانتے کہ اللہ نے تمھیں پیدا کیا، اور تمھیں پاک چیزوں سے رزق دیا اور تمام آفتوں سے تمھاری حفاظت فرمائی۔ تو اللہ کے لیے اٹھو اور اس کی عبادت کرو اور اس کا شکر کرو۔ کیا تم شکر نہیں کرو گے؟

سوالات وجوابات:

شمار	سوال	جواب
1	هَلِ الدَّجَاجَةُ جَالِسَةٌ؟	لَا: بَلِ الدَّجَاجَةُ وَاقِفَةٌ.

2	أَيْنَ فِرَاخُهَا؟	فِرَاخُهَا عِنْدَهَا.
3	أَيَبِيْضُ الدِّيْكُ؟	لَا، لَا يَبِيْضُ الدِّيْكُ.
4	مَنْ يَّاكُلُ لَحْمَ الدِّيْكِ؟	يَأكُلُ الْأَغْنِيَاءُ لَحْمَ الدِّيْكِ.
5	كَيْفَ تَجِدُوْنَهٗ؟	نَجِدُهٗ لَذِيْذًا.
6	مَاذَا يَقُوْلُ لَكُمُ الدِّيْكُ فِي صُدَاحِهٖ؟	يَقُوْلُ الدِّيْكُ فِيْ صُدَاحِهٖ أَيُّهَا الرَّاقِدُوْنَ! إِلٰى مَتٰى تَرْقُدُوْنَ فَقُوْمُوْا مِنْ نَوْمِكُمْ وَلَا تَكْسَلُوْا وَاعْبُدُوْا اللّٰهَ رَبَّكُمْ أَلَا تَعْلَمُوْنَ أَنَّ اللّٰهَ خَلَقَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَحَفِظَكُمْ مِنَ الآفَاتِ فَقُوْمُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا لَهٗ أَفَلَا تَشْكُرُوْنَ.
7	أَتَقُوْمُوْنَ مِنَ النَوْمِ بُكْرَةً؟	نَعَمْ: نَقُوْمُ مِنَ النَّوْمِ بُكْرَةً.
8	أَيُّ شَيْءٍ عَلٰى رَأْسِ الدِّيْكِ؟	اَلْعُرْفُ عَلٰى رَأْسِ الدِّيْكِ.
9	أَتَأكُلُوْنَ الْبَيْضَاءَ كُلَّ صَبَاحٍ؟	نَعَمْ: نَأكُلُ الْبَيْضَةَ كُلَّ صَبَاحٍ.
10	أَتَنْفَعُكُمُ الْبَيْضَةُ؟	نَعَمْ: تَنْفَعُنَا الْبَيْضَةُ.

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	حق کون کہتا ہے؟	مَنْ يَّقُوْلُ الْحَقَّ؟
2	اللہ حق کہتا ہے۔	اَللّٰهُ يَقُوْلُ الحَقَّ.

3	میں تم سے نہیں کہتا میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں۔	وَلَا اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَائِنُ اللهِ.
4	اور میں غیب نہیں جانتا۔	وَلَا أَعْلَمُ الْغَيْبَ.
5	اس (عورت) نے کہا وہ اللہ کے پاس سے ہے، اور وہ کہتے ہیں وہ اللہ کے پاس سے ہے۔	قَالَتْ تِلْكَ الْمَرْأَةُ: هُوَ مِنْ عِنْدِ اللهِ. وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللهِ.
6	اور اللہ پر (کے خلاف) وہ جھوٹ بولتے ہیں اور (حالانکہ) وہ جانتے ہیں۔	وَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ.
7	اے لوگو! تمھارے رب سے حق تمھارے پاس آیا ہے۔	يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ.
8	مرغ دانہ چگ رہا ہے۔	يَلْقُطُ الدِّيْكُ الْحَبَّةَ.
9	اس کی کلغی بہت خوبصورت ہے۔	عُرْفُهُ جَمِيْلٌ جِدًّا.
10	کیا طوطے کے سر پر بھی کلغی ہے؟	أَعَلٰى رَأْسِ الْبَبْغَاءِ أَيْضًا عُرْفٌ؟
11	مرغ کب بانگ دیتا ہے؟	مَتٰى يَصْدَحُ الدِّيْكُ؟
12	کیا تمھاری مرغی روزانہ انڈے دیتی ہے؟	هَلْ تَبِيْضُ دَجَاجَتُكَ كُلَّ يَوْمٍ؟
13	کیا تم روٹی سے (ابلا ہوا) انڈا کھاتے ہو؟	هَلْ تَأْكُلُ الْبَيْضَةَ الْمَغْلِيَّةَ بِالْخُبْزِ؟
14	اطبّاء کہتے ہیں کہ انڈا بہترین غذا ہے۔	يَقُوْلُ الْأَطِبَّاءُ إِنَّ الْبَيْضَةَ خَيْرُ غِذَاءٍ.

15	یہ لڑکیاں مرغ کی بانگ سے قبل نماز کے لیے اٹھتی ہیں۔	هٰذِهِ الْبَنَاتُ يَنْهَضْنَ لِلصَّلٰوةِ قَبْلَ صُدَاحِ الدِّيْكِ.
16	کھاؤ پیو لیکن اللہ کے ذکر سے غفلت نہ کرو۔	كُلُوْا وَاشْرَبُوْا لٰكِنْ لَا تَغْفُلُوْا عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ.
17	تم اب کہاں جا رہے ہو؟	أَيْنَ تَذْهَبُوْنَ الْاٰنَ؟
18	کب واپس ہو گے؟	مَتٰى تَرْجِعُوْنَ؟
19	میں جلد آؤں گا۔	أَنَا أَرْجِعُ عَلَى الْفَوْزِ.
20	کیا تم میرے ساتھ باغ (عام) چلو گے؟	أَتَذْهَبُ مَعِيْ إِلَى الْحَدِيْقَةِ الْعُمُوْمِيَّةِ؟
21	بازار سے تم کیا لائے؟	مَا جِئْتَ بِالسُّوْقِ؟
22	میں گوشت اور ترکاری لایا۔	جِئْتُ بِاللَّحْمِ وَالْبَقْلِ.
23	عورتیں بازار نہیں جاتیں۔	لَا تَذْهَبُ النِّسَاءُ إِلَى السُّوْقِ.
24	وہ گھروں میں پکاتی ہیں۔	هُنَّ يَطْبَخْنَ فِي الْبُيُوْتِ
25	یہ عورت کیا بیچ رہی ہے؟	مَا تَبِيْعُ هٰذِهِ الْمَرْأَةُ؟
26	آلو اور ٹماٹر بیچ رہی ہے۔	تَبِيْعُ الْبَطَاطَةَ وَالطَّمَاطِمَ.
27	اس کے ٹماٹر کچے ہیں۔	طَمَاطِمُهَا فِجَّةٌ.
28	حکیم (طبیب) صاحب بیمار سے کہتے ہیں: پالک اور خرفہ کھاؤ۔	يَقُوْلُ الطَّبِيْبُ لِلْمَرِيْضِ: كُلِ الْإِسْفَانَاخَ وَالرِّجْلَةَ.
29	آلو مت کھاؤ کیونکہ وہ ثقیل ہے۔	لَا تَأْكُلِ الْبَطَاطَةَ لِأَنَّهَا ثَقِيْلَةٌ.
30	کیا مسلمان دنیا کے بدلے دین کو بیچ رہے ہیں؟	أَيَبِيْعُ الْمُسْلِمُوْنَ الدِّيْنَ بِالدُّنْيَا؟
31	یاد رکھو: دنیا اور اس کی عزت کے	اِحْفَظُوْا: لَا قَرَارَ لِلدُّنْيَا

	لیے قرار نہیں ہے۔	وَلِعِزَّتِهَا.
32	دنیا کی متاع تھوڑی ہے۔	مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ.

ماضی کا مضارع لکھو اور مضارع کا ماضی

ماضی	مضارع	ماضی	مضارع
وَصَلْنَا	تَجِبُ	وَعَدْتُّنَّ	أَعُوْدُ
وَجَدْتُّ	تَقِفِيْنَ	قُلْنَا	أَجِيْءُ
وَضَعْنَا	يَقُوْلُوْنَ	جِئْتُ	يَجِيْئُوْنَ
قُلْتَ	تَرُوْحُوْنَ	قُمْتُمْ	تَقُوْلُ
رُحْتُمْ	تَبِيْعُوْنَ	قُمْتِ	۔
سِرْتُمْ	تَبِيْعِيْنَ	وَصَفْنَا	۔
سِرْنَا		۔	۔

درس (۱۹)

بیچ میں و، ا، ی والے افعال کے امر و نہی

مذکر واحد: قُلْ، كُنْ، رُحْ، سِرْ، بِعْ، جِئْ، دَعْ

مذکر جمع: قُوْلُوْا، كُوْنُوْا، رُوْحُوْا، سِيْرُوْا، بِيْعُوْا، جِيْئُوْا، دَعُوْا.

مؤنث واحد: قُوْلِيْ، كُوْنِيْ، رُوْحِيْ، سِيْرِيْ، بِيْعِيْ، جِيْئِيْ، دَعِيْ.

مؤنث جمع: قُلْنَ، كُنَّ، رُحْنَ، سِرْنَ، بِعْنَ، جِئْنَ، دَعْنَ.

نهی: لَا تَقُلْ، لَا تَكُنْ، لَا تَرُحْ، لَا تَسِرْ، لَا تَبِعْ، لَا تَجِئْ، لَا تَدَعْ.

نهی جمع: لَا تَقُوْلُوْا، لَا تَكُوْنُوْا، لَا تَرُوْحُوْا، لَا تَسِيْرُوْا، لَا تَبِيْعُوْا، لَا تَدَعُوْا

مؤنث واحد: لَا تَقُوْلِیْ، لَا تَکُوْنِیْ، لَا تَرُوْحِیْ، لَا تَسِیْرِیْ، لَا تَبِیْعِیْ، لَا تَجِیْئِیْ، لَا تَدَعِیْ.

جمع: لَا تَقُلْنَ، لَا تَکُنَّ، لَا تَرُحْنَ، لَا تَسِرْنَ، لَا تَبِعْنَ، لَا تَجِئْنَ، لَا تَدَعْنَ.

أَيَّتُهَا الْبِنْتُ الْمُسْلِمَةُ! دَعِی الْکَسْلَ وَ قُوْمِیْ مِنَ النَّوْمِ صَبَاحًا وَاعْبُدِیْ رَبَّكِ وَكُوْنِیْ مَعَ الْبَنَاتِ الطَّيِّبَاتِ وَلَا تَكُوْنِیْ مَعَ الْخَبِيْثَاتِ وَزَيِّنِیْ نَفْسَكِ بِالْحَيَاءِ فَإِنَّ الْحَيَاءَ زِيْنَةُ الْبَنَاتِ وَعُوْذِیْ بِرَبِّكِ مِنَ الشُّرُوْرِ وَالْخَبَائِثِ وَدُوْمِیْ عَلَى الطَّاعَةِ وَالْأَدَبِ وَقُوْمِیْ بِأَعْمَالِ الْبَيْتِ وَلَا تَحْسَبِيْهَا نَقِيْصَةً وَّاضْرِبِیْ خَيْرَ مِثَالٍ مِّنْ خُلُقِكِ لِلْاٰخِرِيْنَ.

أَيَّتُهَا الْبَنَاتُ الْمُسْلِمَاتُ! قُمْنَ مِنْ نَّوْمِكُنَّ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَاعْبُدْنَ اللّٰهَ وَكُنَّ مَعَ الصَّادِقَاتِ وَلَا تَكُنَّ مَعَ الْكَاذِبَاتِ وَاخْدِمْنَ أُمَّهَاتِكُنَّ فَإِنَّ الْجَنَّةَ تَحْتَ أَقْدَامِ الْأُمَّهَاتِ وَقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا، وَّلَا تَقُلْنَ أُفٍ لَّهُنَّ وَاحْذَرْنَ الْوَقَاحَةَ وَعُذْنَ مِنْهَا فَإِنَّهَا شَیْءٌ مَّذْمُوْمٌ وَلَا تَسِرْنَ فِی الطَّرِيْقِ بِدُوْنِ حِجَابٍ وَّلَا تَلْبَسْنَ لِبَاسًا ضَيِّقًا رَّقِيْقًا فَقَدْ نَهٰى حَكِيْمُ الْأُمَّةِ مِنْهُ وَقُمْنَ بِوَاجِبَاتِكُنَّ وَلَا تَكْسَلْنَ عَنْهَا فَإِنَّ أَدَاءَ الْوَاجِبَاتِ مِنْ خَيْرِ الْعَادَاتِ.

ترجمہ:

تو کہہ، تو ہو، تو جا، تو سیر کر، تو بیچ، تو آ، تو چھوڑ۔

تم سب مرد کہو، تم ہو جاؤ، تم جاؤ، تم سیر کرو، تم بیچو، تم آؤ، تم چھوڑ دو۔

تو ایک مؤنث کہہ، تو ہو، تو جا، تو سیر کر، تو بیچ، تو آ، تو چھوڑ۔

تم سب عورتیں کہو، تم ہو جاؤ، تم جاؤ، تم سیر کرو، تم بیچو، تم آؤ، تم چھوڑ دو،

تو ایک مرد مت کہہ، تو مت ہو، تو مت جا، تو سیر مت کر، تو مت بیچ، تو مت آ،

تو مت چھوڑ۔

تم لوگ مت کہو، تم مت ہو، تم مت جاؤ، تم سیر مت کرو، تم مت بیچو، تم مت آؤ، تم مت چھوڑو،

تو ایک عورت مت کہہ، تو مت ہو، تو مت جا، تو سیر مت کر، تو مت بیچ، تو مت آ، تو مت چھوڑ۔

تم سب عورتیں مت کہو، تم مت ہو، تم مت جاؤ، تم سیر مت کرو، تم مت بیچو، تم مت آؤ، تم مت چھوڑو۔

اے مسلمان لڑکی! سستی چھوڑ اور صبح سویرے نیند سے اٹھ، اپنے رب کی عبادت کر، اچھی لڑکیوں کے ساتھ ہوجا، اور بری لڑکیوں کے ساتھ مت ہو، اپنے آپ کو حیا سے آراستہ کر اس لیے کہ حیا لڑکیوں کی زینت ہے، شرارتوں اور برائیوں سے اپنے رب کی پناہ لے، اطاعت اور ادب پر ہمیشگی کر، گھر کے کاموں کو انجام دے اور انھیں عیب نہ سمجھ، اپنے اخلاق سے دوسروں کے لیے بہترین مثال قائم کر۔

اے مسلمان لڑکیو! سورج طلوع ہونے سے پہلے اپنی نیند سے اٹھ جاؤ اور اللہ کی عبادت کرو، سچّی عورتوں کے ساتھ ہوجاؤ اور جھوٹی عورتوں کے ساتھ مت ہو، اپنی ماؤں کی خدمت کرو اس لیے کہ جنت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے، ان سے بھلی بات کہو اور انھیں (ہوں) اف تک نہ کہو، بے حیائی سے بچو اور اس سے پناہ مانگو اس لیے کہ یہ بری چیز ہے، راستے میں بے پردہ مت چلو، تنگ پتلا لباس مت پہنو اس لیے کہ اس سے حکیم الامت نے منع فرمایا ہے اور اپنی ذمہ داریوں کو انجام دو اور اس سے سستی نہ کرو اس لیے کہ واجبات کو ادا کرنا بہترین عادتوں (میں) سے ہے۔

ذیل کے صیغوں سے مؤنث کے صیغے (واحد، جمع) بناؤ

واحد	جمع	واحد	جمع
عُوْذِیْ	عُذْنَ	قِفِیْ	قِفْنَ
لَا تَکُوْنِیْ	لَا تَکُنَّ	ضَعِیْ	ضَعْنَ
لَا تَقِفِیْ	لَا تَقِفْنَ	تُوْبِیْ	تُبْنَ
قُوْمِیْ	قُمْنَ	لَا تَبِیْعِیْ	لَا تَبِعْنَ
لَا تَعِیْشِیْ	لَا تَعِشْنَ	لَا تَدُوْمِیْ	لَا تَدُمْنَ
قُوْلِیْ	قُلْنَ	سِیْرِیْ	سِرْنَ
لَا تَغِیْبِیْ	لَا تَغِبْنَ	عِیْبِیْ	عِبْنَ
رُوْحِیْ	رُحْنَ	لَا تَرُوْحِیْ	لَا تَرُحْنَ
بِیْعِیْ	بِعْنَ	لَا تَتُوْبِیْ	لَا تَتُبْنَ

ماضی کا مضارع اور مضارع کا ماضی لکھو

ماضی	مضارع	ماضی	مضارع
کُنْتَ	أَکُوْنُ	وَجَدْنَا	تَعِیْبُوْنَ
عَاشَ	یَکُوْنُوْنَ	وَدَعْتُ	أَعُوْدُ
عِشْنَا	تَکُنَّ	-	تَجِدُوْنَ
دُمْتُمْ	کُنْتُمْ	-	تَصِفُ
عُدْتُّ	تَکُوْنُ	-	تَرُوْحُ
دُحْنَا	یَدَعُوْنَ	-	-

عُدْتَ	نَكُوْنُ	۔	۔

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	کہو کہ فضل اللہ کے ہاتھ میں ہے۔	قُوْلِیْ إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ.
2	مسائل کو مت جھڑکو۔	لَا تَنْهَرِی السَّائِلَ.
3	زمین میں سیر کرو۔	سِيْرِیْ فِی الْأَرْضِ.
4	بازار بے حجاب مت جاؤ۔	لَا تَرُوْحِیْ إِلَى السُّوْقِ بِغَيْرِ حِجَابٍ.
5	یہ مرغی بیچ دو کیونکہ وہ انڈے نہیں دے رہی ہے۔	بِيْعِیْ هٰذِهِ الدَّجَاجَةَ لِأَنَّهَا لَا تَبِيْضُ.
6	اچھی بات کہو (بری) بات مت کہو۔	قُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا وَلَا تَقُلْنَ قَوْلًا مُّنْكَرًا.
7	اپنے والد کے سامنے اُف نہ کہو۔	وَلَا تَقُلْنَ أُفٍّ لِّوَالِدِكُنَّ.
8	اے لڑکیو! اچھی لڑکیوں کے ساتھ رہو۔	يَا أَيَّتُهَا الْبَنَاتُ! اِصْحَبْنَ الْبَنَاتِ الصَّالِحَاتِ.
9	اپنی ماں کی خدمت نہ چھوڑو۔	وَلَا تَدَعْنَ خِدْمَةَ أُمِّكُنَّ.
10	پکانے کے لیے اٹھو۔	قُمْنَ لِلطَّبْخِ.
11	اپنے رب سے توبہ کرو۔	تُبْنَ إِلٰى رَبِّكُنَّ.
12	(مذموم) فیشن چھوڑ دو۔	دَعْنَ زِيًّا مَّذْمُوْمًا.
13	نماز میں کسی صورت میں غفلت نہ کرو۔	لَا تَغْفُلْنَ عَنِ الصَّلٰوةِ فِیْ حَالٍ مِنَ الْأَحْوَالِ.

14	(پتلے) کپڑے نہ پہنو۔	لَا تَلْبَسْنَ مَلَابِسَ رَّقِيْقَةً.
15	اچھی طرح جان لو کہ مال ہمیشہ نہیں رہتا۔	اِعْلَمْنَ جَيِّدًا أَنَّ الْمَالَ لَا يَدُوْمُ.
16	اور دنیوی عزت کے لیے قرار نہیں ہے کیونکہ موت حق ہے۔	وَلَا قَرَارَ لِعِزَّةِ الدُّنْيَا فَإِنَّ الْمَوْتَ حَقٌّ.
17	اس وقت مال نفع نہیں دے گا۔	فَيَوْمَئِذٍ لَّا يَنْفَعُ الْمَالُ.
18	نہ والد مدد کرے گا نہ لڑکا۔	وَلَا يَنْصُرُ الْوَالِدُ وَلَا وَلَدٌ.
19	فقط اعمال (صالحہ) تم کو نفع دیں گے۔	تَنْفَعُكُنَّ الْأَعْمَالُ الصَّالِحَةُ فَقَطْ.

درس (۲۰)

التّمر الهندى

التَّمْرُ الْهِنْدِيُّ ثَمَرَةٌ حَامِضَةٌ جِدًّا وَّقِشْرُهُ ثَخِيْنٌ أَخْضَرُ وَطُوْلُهُ شِبْرٌ تَقْرِيْبًا وَفِيْهِ عُقُوْدٌ وَفِيْ دَاخِلِهِ بُذُوْرٌ عَرِيْضَةٌ يَلْعَبُ بِهَا الصِّغَارُ وَشَجَرَتُهُ تَنْبُتُ فِي الدَّكَنِ كَثِيْرًا، وَهِيَ كَبِيْرَةٌ، خَشَبُهَا صُلْبٌ، أُنْظُرُوْا إِلٰى أَثْمَارِهَا فِيْ هٰذِهِ الصُّوْرَةِ أَنَّهَا مُعَلَّقَةٌ بِأَغْصَانِهَا، أَهْلُ الدَّكَنِ يَصْنَعُوْنَ إِدَامًا لَّذِيْذًا مِّنَ التَّمْرِ الْهِنْدِيِّ الْفِجِّ، وَمِنْ وُرَيْقَاتٍ نَّاعِمَةٍ مِنْهُ، وَتِلْكَ الْوُرَيْقَاتُ مَشْهُوْرَةٌ بِاسْمِ "چکر" بَعْضُ النَّاسِ يَقُوْلُوْنَ إِنَّ الْحُمُوْضَةَ يَفْسُدُ بِهَا الدِّمَاغُ وَمَا فِيْهَا مِنْ لَّذَةٍ،وَأَنَا أَقُوْلُ لَهُمْ اِسْئَلُوْا عَنْهَا يَا أَصْدِقَائِيْ! أَهْلَ

الدَّکَنِ فَاِنَّھُمْ یَشْعُرُوْنَ بِلَذَّتِھَا وَأَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ، ذُوْقُوْا أَوَّلًا ثُمَّ قُوْلُوْا، لَا تَعْلَمُوْنَ أَنَّ الْحُمُوْضَۃَ لَیْسَتْ بِمُضِرَّۃٍ بِأَھْلِ الدَّکَنِ.

املی

ترجمہ : املی ایک بہت کھٹا پھل ہے اور اس کا چھلکا موٹا ہوتا ہے، اس کی لمبائی تقریباً ایک بالشت ہوتی ہے اور اس میں گرہیں ہوتی ہیں، اس کے اندرونی حصے میں چوڑے بیج ہوتے ہیں جن سے لڑکے کھیلتے ہیں، اس کا درخت دکن میں بہت اگتا ہے، وہ بڑا ہوتا ہے، اس کی لکڑی سخت ہوتی ہے، اس تصویر میں اس کے پھلوں کو دیکھو وہ اپنی شاخوں سے لٹکے ہوئے ہیں، دکن کے لوگ کچی املی اور اس کی نرم و نازک پتیوں سے لذیذ سالن بناتے ہیں، اور وہ پتیاں "چگّر" کے نام سے مشہور ہیں، کچھ لوگ کہتے ہیں کہ کھٹے پن سے دماغ خراب ہو جاتا ہے اور اس میں کوئی لذت نہیں ہوتی، میں ان سے کہتا ہوں ، اے میرے دوستو! دکن والوں سے اس کے بارے میں پوچھ لو اس لیے کہ وہ لوگ لذت کو محسوس کرتے ہیں اور تم محسوس نہیں کرتے، پہلے چکھو پھر کہو، تم نہیں جانتے کہ کھٹا پن دکن والوں کے لیے نقصان دہ نہیں ہے۔

سوالات و جوابات:

شمار	سوال	جواب
1	کَیْفَ شَجَرَۃُ التَّمْرُ (الھندی)؟	شَجَرَۃُ التَّمْرِ الْھِنْدِیِّ کَبِیْرَۃٌ.
2	أَلَھَا أَغْصَانٌ قَلِیْلَۃٌ؟	لَا: بَلْ لَّھَا أَغْصَانٌ کَثِیْرَۃٌ.
3	أَذُقْتَ التَّمْرَ الْھِنْدِیَّ تَارَۃً؟	نَعَمْ: ذُقْتُ التَّمْرَ الْھِنْدِیَّ مِرَارًا.
4	أَتَاکُلُوْنَ اِدَامَہٗ؟	نَعَمْ: نَأْکُلُ اِدَامَہٗ.

5	أَتَرْغَبُوْنَ فِي الْحُمُوضَةِ؟	لَا، لَا نَرْغَبُ فِي الْحُمُوْضَةِ.
6	أَيَفْسُدُ بِهَا الدِّمَاغُ ؟	نَعَمْ: يَفْسُدُ بِهَا الدِّمَاغُ.
7	هَلِ التَّمْرُ الهِنْدِيُّ رَخِيْصٌ ؟	نَعَمْ: اَلتَّمْرُ الْهِنْدِيُّ رَخِيْصٌ.
8	أَتَكْثُرُ أَشْجَارُهُ فِي بِلَادِكُمْ ؟	نَعَمْ: تَكْثُرُ أَشْجَارُهُ فِي بِلَادِنَا.
9	هَلْ فِيهِ عُقُوْدٌ؟	نَعَمْ: فِيهِ عُقُوْدٌ.
10	أَهُوَ حُلْوٌ ؟	لَا: بَلْ هُوَ حَامِضٌ.
11	أَتَصْنَعُ الْبَنَاتُ مِنْ وُرَيْقَاتِهِ اِدَامًا ؟	نَعَمْ: تَصْنَعُ الْبَنَاتُ مِنْ وُّرَيْقَاتِهِ إِدَامًا.

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	کیا کچی املی سے صحت خراب ہوتی ہے؟	أَتَفْسُدُ الصِّحَةُ مِنَ التَّمْرِ الْهِنْدِيّ الْفِجّ ؟
2	کھٹائی بعض کو فائدہ دیتی ہے اور بعض کے لیے اس میں ضرر ہے۔	الْحُمُوْضَةُ تَنْفَعُ بَعْضًا وَفِيْهَا مَضَرَّةٌ لِبَعْضٍ.
3	کیا تم نے کبھی چگر کا سالن چکھا؟	أَذُقْتَ اِدَامَ "چُکّر" تَارَةً؟
4	کیا تم دکن میں املی کے درخت کثرت سے پاتے ہو؟	أَتَجِدُ شَجَرَةَ التَّمْرِ الْهِنْدِيِّ كَثِيْرَةً فِي الدَّكَنِ ؟
5	ان لڑکیوں نے آج ایک (لذیذ) سالن پکایا۔	طَبَخَتْ تِلْكَ الْبَنَاتُ اِدَامًا لَّذِيْذًا الْيَوْمَ.

6	اس میں (کچی) املی ہے۔	فِيْهِ التَّمْرُ الْهِنْدِيُّ الْفِجُّ.
7	کیا تم اس کو چکھو گے۔	أَتَذُوْقُوْهُ؟
8	یہ سرما کا موسم ہے۔	هٰذَا فَصْلُ الشِّتَاءِ.
9	میں نہیں چکھوں گا۔	لَا أَذُوْقُ.
10	وہ لڑکے املی کے بیج لاتے ہیں اور ان سے کھیلتے ہیں۔	يَجِيْءُ أُولٰئِكَ الْأَوْلَادُ بِبُذُوْرِ التَّمْرِ الْهِنْدِيِّ وَ يَلْعَبُوْنَ بِهَا.
11	آم کے پتے چوڑے ہیں یا لمبے؟	أَوْرَاقُ الْأَنْبَجِ عَرِيْضَةٌ أَمْ طَوِيْلَةٌ؟
12	کیری کا سالن چکھو اور کہو وہ کیسا ہے؟	ذُوْقُوْا إِدَامَ الْأَنْبَجِ الْفِجِّ وَ قُوْلُوْا كَيْفَ هُوَ؟
13	اچھوں کے ساتھ رہو بروں کے ساتھ نہ رہو۔	اِصْحَبُوْا الْخِيَارَ وَ لَا تَصْحَبُوْا الْأَشْرَارَ.
14	ہر اچھی چیز کھاؤ پیو اور خوش رہو لیکن اللہ کا ذکر نہ چھوڑو۔	كُلُوْا كُلًّا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاشْرَبُوْا وَافْرَحُوْا لٰكِنْ لَّا تَدَعُوْا ذِكْرَ اللهِ.

تمرین

قَالَ الرَّسُوْلُ الْعَرَبِيُّ (عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ) طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ وَمُسْلِمَةٍ، اَلْعِلْمُ خَزَانَةٌ لَيْسَ لَهَا فَنَاءٌ وَ يَعْرِفُ بِهِ الْإِنْسَانُ الطَّيِّبَ مِنَ الْخَبِيْثِ وَ يَعْرِفُ بِهٖ مَا هِيَ الْفَضِيْلَةُ وَالنَّقِيْصَةُ، وَ يَعْمَلُ بِهٖ اَعْمَالًا مِنْهَا الْعُقُوْلُ فِي حَيْرَةٍ وَاعْلَمُوا اَيُّهَا الْأَوْلَادُ! كَمَا يَجِبُ طَلَبُ الْعِلْمِ فَكَذَالِكَ يَجِبُ الْعَمَلُ بِهٖ، عَالِمٌ بِلَا عَمَلٍ كَشَجَرٍ بِلَا ثَمَرٍ فَاعْلَمُوا بِالْخَصَائِلِ

الطَّيِّبَةِ بَعْدَ الْعِلْمِ بِهَا وَإِلَّا فَعَلَيْكُمْ لَيْسَ بِخَيْرٍ مِنْ جَهْلِكُمْ ،أَيُّهَا الإِخْوَانُ! اِقْرَاءُوا كُتُبًا فِي عُلُوْمٍ مُخْتَلِفَةٍ وَانْجَحُوا فِيْهَا وَكُوْنُوا فِي كِبَارِ النَّاسِ وَلٰكِنْ لَا تَدَعُوا الأَدَبَ فِي حَالٍ مِنَ الأَحْوَالِ وَعَلَيْكُمْ بِالتَّوَاضُعِ فَإِنَّهُ زِيْنَةٌ لِلْعَالِمِ فَلَا تَحْسَبُوْهُ نَقِيْصَةً لَكُمْ أَبَدًا ،بَعْضٌ مِنَ النَّاسِ يَقُوْلُ إِنَّ تَعْلِيْمَ الْبَنَاتِ لَيْسَ بِضَرُوْرِيٍّ وَيَقُوْلُ أَهُنَّ يَخْدِمْنَ فِي دَوَابِيْنَ الْحُكُوْمَةِ ؟اِخْوَانِي! أَحَسِبْتُمْ أَنَّ الْعِلْمَ لِلْخِدْمَةِ فِيْهَا فَقَطْ ،لَا،بَلْ هُوَ زِيْنَةُ الْمَرْءِ وَخَيْبَةُ الْبَنَاتِ مِنْ هٰذِهِ الزِّيْنَةِ ظُلْمٌ عَظِيْمٌ ،اَلْيَوْمَ هُنَّ بَنَاتٌ وَغَدًا اُمَّهَاتٌ أَتَقُوْمُ الأُمَّهَاتُ الْجَاهِلَاتُ بِتَرْبِيَةِ اَوْلَادِهِنَّ ؟هٰذَا وَلٰكِنْ لَا يَذْهَبُ عَلَيْكُمْ اِخْوَانِي! إِنَّ الْمُرَادَ بِالْعِلْمِ هُوَ الْعُلُوْمُ الدُّنْيَوِيَّةُ وَلَا الْعُلُوْمُ الدِيْنِيَّةُ اِعْلَمُوا إِنَّ الْعُلُوْمَ الدُّنْيَوِيَّةَ لَا تَنْفَعُ بِدُوْنِ الْعُلُوْمِ الدِيْنِيَّةِ وَالتَّرْبِيَةِ الْمَنْزِلِيَّةِ لِأَنَّ نَتَائِجَ ذٰلِكَ ظَاهِرَةٌ فِي صُوْرَةٍ هَائِلَةٍ مِنَ التَبَرُّجِ وَالاْقِتَدَاءِ بِالْفَرَنْجِيَّاتِ وَالْمُشْرِكَاتِ وَسَأَصِفُ لَكَ هٰذِهِ الْمَسْئَلَةَ إِنْ شَاءَ اللهُ تَعَالیٰ .

تمرین

رسول عربی ﷺ نے فرمایا: علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے، علم ایسا خزانہ ہے جس کے لیے فنا نہیں ہے اور اسی کے ذریعہ انسان اچھائی کو برائی سے پہچانتا ہے، اور اسی کے ذریعہ پہچانتا ہے کہ برتری کیا ہے اور بے عزتی کیا ہے، اسی کے ذریعہ ایسے کام انجام دیتا ہے جن سے عقلیں حیرت میں ہیں، اے لڑکو! جان لو جس طرح علم حاصل کرنا ضروری ہے اسی طرح اس پر عمل کرنا بھی ضروری ہے، بے عمل عالم بے پھل درخت کی طرح ہے، اس کو جاننے کے بعد اچھی عادتوں پر عمل کرو، ورنہ تمھارا علم تمھاری جہالت سے بہتر نہیں، اے بھائیو! مختلف علوم کی کتابیں پڑھو، اس میں کامیاب ہوجاؤ اور بڑے لوگوں میں ہوجاؤ لیکن کسی بھی صورت میں ادب مت چھوڑو، تم پر عاجزی وانکساری

ضروری ہے اس لیے کہ وہ عالم کے لیے زینت ہے تو کبھی بھی اسے اپنے لیے عیب نہ سمجھو، کچھ لوگ کہتے ہیں کہ لڑکیوں کی تعلیم ضروری نہیں ہے اور کہتے ہیں کیا وہ کچہریوں میں خدمت کریں گی؟ میرے بھائیو! کیا تم سمجھتے ہو کہ علم صرف کچہریوں میں خدمت کے لیے ہے؟ نہیں، بلکہ وہ انسان کی زینت ہے، اور اس زینت سے لڑکیوں کی محرومی بڑا ظلم ہے، آج وہ لڑکیاں ہیں کل مائیں ہوں گی، کیا جاہل مائیں اپنی اولاد کی تربیت انجام دے سکیں گی؟ میرے بھائیو! تم پر اس نصیحت کو یاد رکھنا ضروری ہے، بے شک علم سے مراد دنیوی علوم ہیں نہ کہ دینی علوم، جان لو کہ دنیوی علوم، دینی علوم اور امور خانہ داری کے بغیر نفع نہیں دے سکتے ہیں اس لیے کہ علوم دنیوی کے نتائج بے پردگی، فرنگی اور مشرکہ عورتوں کی پیروی کرنے جیسی خوفناک صورت میں ظاہر ہوتے ہیں، ان شاءاللہ عنقریب میں اس مسئلے کو بیان کروں گا۔

درس (۲۱)

الطّاعةُ والعصيانُ

اَللّٰهُ خَلَقَ آدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنَ التُّرَابِ وَقَالَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْا لَهٗ وَلٰكِنْ مَّا سَجَدَ إِبْلِيْسُ وَقَالَ: «اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ خَلَقْتَنِيْ مِنْ نَّارٍ وَخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ» فَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَقَالَ: «اُخْرُجْ فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ وَّاِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيْ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ» فَكُلٌّ وَاحِدٍ مِّنَّا يَعُوْذُ مِنْهُ بِاللّٰهِ وَ يَقُوْلُ: "أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ" اِعْلَمُوْا أَيُّهَا الْأَوْلَادُ! إِنَّ الْمَلٰٓئِكَةَ فَعَلُوْا كَمَا أَمَرَهُمُ اللّٰهُ وَسَجَدُوْا لِاٰدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِدُوْنِ عُذْرٍ، فَفَازُوْا بِرِضْوَانٍ مِنَ

اللهِ «وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللهِ اَكْبَرُ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ» وَالشَّيْطَانُ رَغِبَ عَنِ الطَّاعَةِ فِي الْعِصْيَانِ فَغَضِبَ اللهُ عَلَيْهِ فَكَانَ مِنَ الخَاسِرِيْنَ.

أَيُّهَا الْأَوْلَادُ! اِحْذَرُوا الْعِصْيَانَ فَإِنَّهُ دَأْبُ الشَّيْطَانِ وَاسْمَعُوْا نَصَائِحَ أَكَابِرِكُمْ وَاعْمَلُوْا بِهَا وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْغَافِلِيْنَ، أَمَا سَمِعْتُمْ اٰنِفًا أَنَّ الشَّيْطَانَ لَعَنَهُ اللهُ لِأَجَلِ الْعِصْيَانِ

ترجمہ:

فرمابرداری اور نافرمانی

اللہ تعالیٰ نے آدم کو مٹی سے پیدا فرمایا اور فرشتوں سے کہا: آدم کو سجدہ کرو تو انھوں نے سجدہ کیا لیکن شیطان نے سجدہ نہیں کیا اور کہا میں اس سے بہتر ہوں تو نے مجھے آگ سے پیدا کیا ہے اور انھیں مٹی سے پیدا کیا ہے تو اللہ نے اس پر غضب فرمایا اور کہا نکل جا کیوں کہ تو مردود ہے اور قیامت تک تجھ پر میری لعنت ہے تو ہم میں سے ہر ایک اس سے اللہ کی پناہ لیتا ہے اور کہتا ہے کہ میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں مردود شیطان سے، اے لڑکو! جان لو بے شک فرشتوں نے ویسا ہی کیا جیسا کہ اللہ نے انھیں حکم دیا اور انھوں نے آدم علیہ السلام کو بغیر عذر کے سجدہ کیا تو وہ اللہ کی خوشنودی سے کامیاب ہو گئے، اور اللہ کی (تھوڑی) خوشنودی بڑی چیز ہے اور وہی بڑی کامیابی ہے اور شیطان نے سرکشی میں اطاعت سے اعراض کیا تو اللہ نے اس پر غضب فرمایا اور وہ گھاٹے والوں میں سے ہو گیا۔

اے لڑکو! نافرمانی سے بچو اس لیے کہ وہ شیطان کی عادت ہے اور اپنے بڑوں کی نصیحتیں سنو اور ان پر عمل کرو اور غافل لوگوں میں سے مت ہو کیا تم نے ابھی نہیں سنا کہ شیطان پر نافرمانی کی وجہ سے اللہ نے لعنت فرمائی۔

سوالات وجوابات:

شمار	سوال	جواب
1	مَاذَا قَالَ اللهُ لِلْمَلَائِكَةِ؟	قَالَ اللهُ لِلْمَلَائِكَةِ: اُسْجُدُوْا لِاٰدَمَ.
2	لِمَاذَا غَضِبَ عَلَى الشَّيْطٰنِ؟	لِأَنَّهٗ مَا سَجَدَ لِاٰدَمَ.
3	أَتَابَ إِلَى اللهِ؟	لَا، مَا تَابَ إِلَى اللهِ.
4	أَتَعُوْذُ الْبَنَاتُ مِنْهُ؟	نَعَمْ: تَعُوْذُ الْبَنَاتُ مِنْهُ.
5	أَأَنْتُمْ تَعُوْذُوْنَ مِنْهُ أَيْضًا؟	نَعَمْ: نَعُوْذُ مِنْهُ أَيْضًا.
6	مِنْ أَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهُ اللهُ؟	خَلَقَهُ اللهُ مِنَ النَّارِ.
7	مَنْ فَعَلُوا كَمَا أَمَرَهُمُ اللهُ؟	فَعَلَ الْمَلَائِكَةُ كَمَا اَمَرَهُمُ اللهُ.
8	مَنْ فَازَ بِرِضْوَانٍ مِنَ اللهِ؟	فَازَ الْمَلَائِكَةُ بِرِضْوَانٍ مِنَ اللهِ.
9	عَلَى مَنْ غَضَبَ اللهُ؟	عَلَى الشَّيْطَانِ غَضَبُ اللهِ.
10	مَنِ الرَّجِيْمُ وَمَنِ الرَّحِيْمُ؟	اَلشَّيْطَانُ رَجِيْمٌ وَاللهُ رَحِيْمٌ.

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	(اچھی) بات کہو۔	قُوْلُوْا قَوْلًا مَعْرُوْفًا.
2	ان کے پاس ہماری مدد آئی۔	جَاءَهُمْ نَصْرُنَا.
3	کہہ تجھ کو کون آسمان اور زمین سے رزق دیتا ہے؟	قُلْ مَنْ يَرْزُقُكَ مِنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ.
4	کہہ: اللہ، لوگو! شیطان سے پناہ مانگو۔	قُلْ، يَا أَيُّهَا النَّاسُ! عُوْذُوْا مِنَ الشَّيْطَانِ.

5	اللہ سے توبہ کرو کیونکہ توبہ (اچھی) چیز ہے۔	تُوْبُوْا إِلَى اللّٰهِ فَإِنَّ التَّوْبَةَ مَحْمُوْدَةٌ.
6	نافرمانی سے بچو اس سے اللہ غصّہ ہو گا۔	اِحْذَرُوْا الْعِصْيَانَ يَغْضَبُ اللّٰهُ بِهٖ.
7	اللہ اپنے بندوں پر رحم فرماتا ہے۔	اَللّٰهُ يَرْحَمُ بِعَبادِهٖ.
8	وہ قیامت کے دن تم سے پوچھے گا۔	يَسْئَلُكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.
9	فرشتے رات دن اللہ کی عبادت کرتے ہیں۔	اَلْمَلَائِكَةُ يَعْبُدُوْنَ اللّٰهَ لَيْلًا وَنَهَارًا.
10	جیسے خدا انہیں حکم دیتا ہے کرتے ہیں۔	يَفْعَلُونَ كَمَا يَأْمُرُهُمُ اللّٰهُ.
11	اللہ نے انسان کو مٹی سے پیدا کیا۔	اَللّٰهُ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ طِينٍ.
12	اور فرشتوں کو نور سے کیا۔	وَخَلَقَ الْمَلَائِكَةَ مِنْ نُوْرٍ.
13	کیا کسی کو اللہ نے بندر سے پیدا کیا؟	هَلْ خَلَقَ اللّٰهُ اَحَدًا مِنَ الْقِرْدِ؟
14	کیا تم سمجھتے ہو کہ وطنیت اسلام میں ہے؟	أَتَحْسَبُوْنَ أَنَّ الْوَطَنِيَّةَ فِي الْاِسْلَامِ؟

الف

ماضی کا مضارع اور مضارع کا ماضی لکھو:

ماضی	مضارع	ماضی	مضارع
قَنِطْنَا	نَقُوْلُ	جِئْنَا	تَجِيْئُوْنَ
عُذْتُ	نَكُوْنُ	رُحْتُ	تَبِيْضُ

قَالُوْا	تَبِيْعُوْنَ	كَفَرْتِ	يَصْنَعُوْنَ
بِعْتَ	يَدَعُوْنَ	وَصَفْنَا	تَرُوْحُ
وَجَدْتِّ	تَقِفُ	-	تَزِنُ
عُدْتُّ	اَصِلُ	-	عَصَرْنَا
دُمْتَ	تَعُوْدُوْنَ	-	نَقِفُ
-	تَعِدُوْنَ	-	تَدُوْمِيْنَ

ب
أمر مذکر ومؤنث، واحد وجمع

امر مذکر واحد	امر مذکر جمع	امر مؤنث واحد	امر مؤنث جمع
رُحْ	رُوْحُوْا	رُوْحِيْ	رُحْنَ
قُلْ	قُوْلُوْا	قُوْلِيْ	قُلْنَ
كُنْ	كُوْنُوْا	كُوْنِيْ	كُنَّ
اِفْهَمْ	اِفْهَمُوْا	اِفْهَمِيْ	اِفْهَمْنَ
دَعْ	دَعَوْا	دَعِيْ	دَعْنَ
صِفْ	صِفُوْا	صِفِيْ	صِفْنَ
سِرْ	سِيْرُوْا	سِيْرِيْ	سِرْنَ
بِعْ	بِيْعُوْا	بِيْعِيْ	بِعْنَ
عُدْ	عُوْدُوْا	عُوْدِيْ	عُدْنَ
جِئْ	جِيْئُوْا	جِيْئِيْ	جِئْنَ
قِفْ	قِفُوْا	قِفِيْ	قِفْنَ
عِدْ	عِدُوْا	عِدِيْ	عِدْنَ
عُذْ	عُوْذُوْا	عُوْذِيْ	عُذْنَ

ب نہی مذکر و مؤنث، واحد و جمع

نہی مذکر واحد	نہی مذکر جمع	نہی مؤنث واحد	نہی مؤنث جمع
لَا تَرُحْ	لَا تَرُوْحُوْا	لَا تَرُوْحِیْ	لَا تَرُحْنَ
لَا تَقُلْ	لَا تَقُوْلُوْا	لَا تَقُوْلِیْ	لَا تَقُلْنَ
لَا تَکُنْ	لَا تَکُوْنُوْا	لَا تَکُوْنِیْ	لَا تَکُنَّ
لَا تَفْهَمْ	لَا تَفْهَمُوْا	لَا تَفْهَمِیْ	لَا تَفْهَمْنَ
لَا تَدَعْ	لَا تَدَعُوْا	لَا تَدَعِیْ	لَا تَدَعْنَ
لَا تَصِفْ	لَا تَصِفُوْا	لَا تَصِفِیْ	لَا تَصِفْنَ
لَا تَسِرْ	لَا تَسِیْرُوْا	لَا تَسِیْرِیْ	لَا تَسِرْنَ
لَا تَبِعْ	لَا تَبِیْعُوْا	لَا تَبِیْعِیْ	لَا تَبِعْنَ
لَا تَعُدْ	لَا تَعُوْدُوْا	لَا تَعُوْدِیْ	لَا تَعُدْنَ
لَا تَجِئْ	لَا تَجِیْئُوْا	لَا تَجِیْئِیْ	لَا تَجِئْنَ
لَا تَقِفْ	لَا تَقِفُوْا	لَا تَقِفِیْ	لَا تَقِفْنَ
لَا تَعِدْ	لَا تَعِدُوْا	لَا تَعِدِیْ	لَا تَعِدْنَ
لَا تَعُذْ	لَا تَعُوْذُوْا	لَا تَعُوْذِیْ	لَا تَعُذْنَ

درس (۲۲)

القرآن المجید (الف)

اَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ. بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. اَلْحَمْدُ لِلهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ. اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. مٰلِكِ يَوْمِ

الدِّیْنِ، اِنَّمَا اللّٰہُ اِلٰہٌ وَاحِدٌ، قُلْ مَنْ یَّرْزُقُکُمْ مِنَ السَّمٰوٰتِ وْالْاَرْضِ، قُلِ اللّٰہُ، قُلْ لَا اَمْلِکُ لَکُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفعًا، اِنَّمَا اَنَا نَذِیْرٌ مُّبِینٌ، وَاللّٰہُ جَعَلَ لَکُمْ مِّنْ بُیُوْتِکُمْ سَکَنًا، جَعَلَ لَکُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا ،وَ مِنْ اٰیَاتِہِ اللَّیْلُ وَ النَّھَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ، لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلہِ، وَاللّٰہُ جَعَلَ لَکُمُ الْاَرْضَ بِسَاطًا، اِنَّ ذٰلِکَ عَلٰی اللّٰہِ یَسِیْرٌ، ھَلْ مِنْ خَالِقٍ غَیْرُ اللّٰہِ، اِنَّ اللّٰہَ یَعْلَمُ غَیْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْئٍ عَلِیْمٌ، وَاذْکُرِاسْمَ رَبِّکَ بُکْرَۃً وَّ اَصِیْلًا وَ لَذِکْرُاللّٰہِ اَکْبَرُ وَالظّٰلِمُوْنَ مَا لَھُمْ مِّنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ، اُولٰئِکَ اَصْحٰبُ النَّارِ ھُمْ فِیْھَا خٰلِدُوْنَ، اِنَّ اللّٰہَ لَا یَظْلِمُ النَّاسَ شَیْئًا وَّلٰکِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَھُمْ یَظْلِمُوْنَ۔

ترجمہ:

میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے، اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحمت والا، سب خوبیاں اللہ کے لیے جو سارے جہان کا مالک ہے، بہت مہربان رحمت والا، روز جزا کا مالک ہے، بے شک اللہ ایک معبود ہے، تم فرماؤ کون ہے جو تمھیں روزی دیتا ہے آسمان اور زمین سے، تم خود ہی فرماؤ اللہ! تم فرماؤ میں تمھاری جان کے بھلے برے کا خود مختار نہیں ہوں میں تو کھلا ڈر سنانے والا ہوں اور اللہ نے تمھارے لیے تمھارے گھروں کو ٹھکانہ بنایا، وہ اللہ جس نے تمھارے لیے ہرے پیڑ سے آگ پیدا کی، اور اس کی نشانیوں میں سے ہیں رات اور دن، سورج اور چاند اور سجدہ نہ کرو سورج کو اور نہ چاند کو اور اللہ کو سجدہ کرو اور اللہ نے تمھارے لیے زمین کو بچھونا بنایا بے شک وہ اللہ پر آسان ہے کیا اللہ کے علاوہ بھی کوئی پروردگار ہے؟ بے شک اللہ زمین و آسمان کی چھپی چیز جانتا ہے اور اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے اور صبح و شام اپنے رب کو یاد کرو اور اللہ کا ذکر بڑا ہے، اور ظالموں کا نہ کوئی مولیٰ ہے اور نہ کوئی مددگار، وہی لوگ دوزخی

ہیں اس میں وہ ہمیشہ رہیں گے بے شک اللہ لوگوں پر کچھ ظلم نہیں کرتا لیکن لوگ خود اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں۔

سوالات وجوابات:

شمار	سوال	جواب
1	مَنْ جَعَلَ النَّارَ؟	اللّٰہُ جَعَلَ النَّارَ.
2	مِنْ أَيِّ شَيْءٍ؟	جَعَلَهٗ مِنَ الشَّجَرِ الأَخْضَرِ.
3	هَلِ الأَرْضُ بِسَاطٌ لَنَا؟	نَعَمْ اَلأَرْضُ بِسَاطٌ لَنَا.
4	مَنْ يَعْلَمُ الْغَيْبَ؟	اللّٰہُ يَعْلَمُ الْغَيْبَ.
5	أَتَعْلَمُ الْغَيْبَ؟	لَا، لَا أَعْلَمُ الغَيْبَ.
6	مَتىٰ تَذْكُرُ اللّٰہَ؟	أَذْكُرُ اللّٰہَ كُلَّ وَقْتٍ.
7	أَتَعُوْذُ بِاللّٰہِ؟	نَعَمْ: أَعُوْذُ بِاللّٰہِ.
8	وَمِنْ أَيِّ شَيْءٍ؟	أَعُوْذُ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ.
9	أَتَقُوْمُ مِنَ النَّوْمِ بُكْرَةً؟	نَعَمْ: أَقُوْمُ مِنَ النَّوْمِ بُكْرَةً.
10	أَتَذْكُرُ اللّٰہَ أَصِيْلًا؟	نَعَمْ: أَذْكُرُ اللّٰہَ اَصِيْلًا.
11	أَيَذْكُرُهٗ النَّاسُ بُكْرَةً؟	نَعَمْ: يَذْكُرُهٗ النَّاسُ بُكْرَةً.
12	أَتَذْكُرُ النِّسَاءُ رَبَّهُنَّ؟	نَعَمْ: تَذْكُرُ النِّسَاءُ رَبَّهُنَّ.
13	لِمَنِ النَّارُ وَلِمَنِ الجَنَّةُ؟	اَلنَّارُ لِلْكَافِرِيْنَ وَ الْجَنَّةُ لِلْمُسْلِمِيْنَ.

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی

1	اللہ نے سچ کہا، اس کو اپنے لیے برا نہ سمجھو بلکہ وہ تمھارے لیے بہتر ہے۔	صَدَقَ اللّٰهُ ، لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ.
2	کہہ: اے رب! بخش دے اور رحم فرما اور تو تمام مہربانی کرنے والوں سے بہتر ہے۔	قُلْ رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ.
3	اپنے رب کو دل میں یاد کرو۔	وَاذْكُرُوْا رَبَّكُمْ فِيْ اَنْفُسِكُمْ.
4	دیکھو کیسے مخلوق کو اس نے پیدا کیا۔	اُنْظُرُوْا إِلَى الخَلْقِ كَيْفَ بَدَأَ.
5	انہوں نے اللہ کی نشانیوں کے ساتھ کفر کیا۔	كَفَرُوْا بِاٰيَاتِ اللّٰهِ.
6	تو اللہ نے انہیں ان کے گناہوں کی وجہ سے پکڑ لیا۔	فَأَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ.
7	اور عذاب میں وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں۔	اُوْلَئِكَ فِي الْعَذَابِ هُمْ خَالِدُوْنَ.
8	انہوں نے کہا بیشک ہم اللہ کے لیے ہیں اور بیشک ہم اس کی طرف لوٹنے والے ہیں۔	قَالُوْا إِنَّا لِلّٰهِ وَ إِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ.
9	مسلم کہتا ہے " میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں "	يَقُوْلُ الْمُسْلِمُ "أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ ".

القرآن المجید (ب)

يٰاَيُّهَا النَّاسُ اُذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ. كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ

وَاشْکُرُوْا لَہٗ وَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ. لَا تَاْکُلُوْا اَمْوَالَکُمْ بَیْنَکُمْ بِالْبَاطِلِ. وَجَعَلُوْا لِلّٰہِ شُرَکَاءَ. اِنَّ الشِّرْکَ لَظُلْمٌ عَظِیْمٌ. اُولٰئِکَ حَبِطَتْ اَعْمَالُھُمْ فِیْ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَاُولٰئِکَ ھُمُ الْخَاسِرُوْنَ. فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰہِ اَنْدَادًا. اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ وَّاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِیْ جَحِیْمٍ. اِنَّ الشَّیْطَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ. فَاللّٰہُ یَحْکُمُ بَیْنَکُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ. ھٰذَا یَوْمٌ عَصِیْبٌ. اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا. وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ کُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ. اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ یَقْبَلُ التَّوْبَۃَ عَنْ عِبَادِہٖ. یَااَیُّھَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَی اللّٰہِ وَاللّٰہُ ھُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ. یَااَیُّھَا النَّاسُ قَدْ جَاءَکُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّکُمْ. اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَۃٌ. مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَۃِ فَلَہٗ خَیْرٌ مِّنْھَا. وجَزَاءُ سَیِّئَۃٍ سَیِّئَۃٌ مِّثْلُھَا. لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَکْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ

ترجمہ:

اے لوگو! اپنے اوپر اللہ کا احسان یاد کرو، اپنے رب کا رزق کھاؤ اور اس کا شکر ادا کرو، اللہ بہترین رزق دینے والا ہے اور آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق نہ کھاؤ، اور انھوں نے اللہ کے شریک ٹھہرائے، بے شک شرک بڑا ظلم ہے، ان کے عمل اکارت گئے دنیا اور آخرت میں اور وہی لوگ گھاٹے میں ہیں، تو اللہ کے لیے جان بوجھ کر برابر والے نہ ٹھہراؤ، بے شک نیک لوگ ضرور چین میں ہیں اور بے شک بدکار ضرور دوزخ میں ہیں، بے شک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے، اور اللہ قیامت کے دن تمھارے درمیان فیصلہ فرمائے گا، یہ بڑا سخت دن ہے، تو کیا یہ سمجھتے ہو کہ ہم نے تمھیں بے کار بنایا؟ اور ہم نے ہر جاندار چیز پانی سے بنائی، بے شک اللہ اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے، اے لوگو! تم سب اللہ کے محتاج ہو اور اللہ ہی بے نیاز ہے سب خوبیوں والا، اے لوگو! تمھارے پاس یہ رسول حق کے ساتھ تمھارے رب کی طرف سے تشریف لائے، مسلمان مسلمان بھائی ہیں، اور جو ایک نیکی کرے تو اس کے لیے اس سے بہتر ہے، اور برائی کا بدلہ اسی کے برابر برائی ہے، زمین و آسمان کا پیدا کرنا لوگوں کو پیدا کرنے سے زیادہ بڑا ہے لیکن اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں۔

سوالات وجوابات:

شمار	سوال	جواب
1	أَتَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ اَنْدَادًا؟	لَا ، لَا نَجْعَلُ لِلّٰهِ اَنْدَادًا.
2	هَلْ لِلظَّالِمِيْنَ مِنْ نَصِيْرٍ ؟	لَا : مَا لِلظَّالِمِيْنَ مِنْ نَصِيْرٍ.
3	أَجَعَلْتَ لِلّٰهِ شَرِيْكًا؟	لَا : مَا جَعَلْتُ لِلّٰهِ شَرِيْكًا.
4	مَنِ الْعَدُوُّ الْمُبِيْنُ؟	إِنَّ الشَّيْطَانَ عدُوٌّ مُّبِيْنٌ.
5	مَنْ يَحْكُمُ يَوْمَ الدِّيْنِ؟	اَللّٰهُ يَحْكُمُ يَوْمَ الدِّيْنِ.
6	كَيْفَ ذٰلِكَ الْيَوْمُ؟	ذَالِكَ الْيَوْمُ عَصِيْبٌ.
7	مَنْ فِي النَّعِيْمِ؟	إِنَّ الابْرَارَ لَفِي نَعِيْمٍ.
8	لِمَنِ الْجَحِيْمُ؟	اَلْجَحِيْمُ لِلْفُجَّارِ.
9	أَتَحْسَبُوْنَ الدُّنْيَا عَبَثًا ؟	لَا : مَا خَلَقَ اللّٰهُ الدُّنْيَا عَبَثًا./ لَا، لَا نَحْسَبُ الدُّنْيَا عَبَثًا.
10	مَنْ رَسُوْلُكَ؟	رَسُوْلُنَا مُحَمَّدٌ ﷺ.

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	کہہ: حق آ گیا اور باطل چلا گیا۔	قُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ.
2	کہہ: یقیناً میں بشر ہوں تم جیسا۔	قُلْ اِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ.
3	(منافقوں) نے کہا کہ آپ اللہ کے رسول ہیں اور اللہ جانتا ہے کہ آپ	قَالَ الْمُنَافِقُوْنَ إِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ إِنَّكَ لَرَسُوْلُهُ.

	یقیناً اس کے رسول ہیں۔	
4	اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ منافق (بیشک) جھوٹے ہیں۔	وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ لَكَاذِبُوْنَ.
5	کیا تم اللہ کے لیے ہمسر بناؤ گے؟	اَتَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ اَنْدَادًا؟
6	قیامت کا دن بہت سخت ہے۔	يَوْمُ الْقِيٰمَةِ عَصِيْبٌ جِدًّا.
7	اور جان لو کہ غافل نقصان اٹھانے والوں میں ہیں۔	وَاعْلَمُوْا أَنَّ الْغَافِلِيْنَ مِنَ الْخَاسِرِيْنَ.
8	(نیک) لڑکیاں صبح شام اپنے رب کو یاد کرتی ہیں۔	اَلْبَنَاتُ الصَّالِحَاتُ يَذْكُرْنَ رَبَّهُمْ بُكْرَةً وَاَصِيْلًا.
9	ہر ایک کام اللہ کے نام سے شروع کرو۔	اِبْدَءُوْا كُلَّ شُغْلٍ بِاسْمِ اللّٰهِ.
10	(نیک) لوگ (اچھی) بات کا حکم دیتے ہیں۔	اَلرِّجَالُ الصَّالِحُوْنَ يَامُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ.
11	ہر چیز قدرت کی نشانی ہے۔	كُلُّ شَيْءٍ اٰيَةُ الْقُدْرَةِ.
12	اللہ نے دنیا کو بیکار نہیں پیدا کیا۔	مَا خَلَقَ اللّٰهُ الدُّنْيَا عَبَثًا.
13	اسلام ایک بہترین دین ہے۔	اَلْاِسْلَامُ خَيْرُ دِيْنٍ.
14	لیکن مسلمان اس کے احکام پر عمل نہیں کرتے۔	لٰكِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ لَا يَعْمَلُوْنَ بِأَحْكَامِهٖ.
15	کیا وہ ایسی صورت میں مسلمان ہیں؟	هَلْ هُمْ مُسْلِمُوْنَ فِيْ هٰذِهِ الْحَالِ؟
16	ہم زبان سے بہت کہتے ہیں لیکن کچھ نہیں کرتے۔	نَقُوْلُ بِاللِّسَانِ كَثِيْرًا لٰكِنْ لَا نَفْعَلُ شَيْئًا.

جو ماضی ہو اس کا مضارع
اور جو مضارع ہو اس کا ماضی لکھو۔

ماضی	مضارع	ماضی	مضارع
کَنَسْتُمْ	أَقِفُ	كُنَّا	تَكُوْنُ
وَضَعْنَا	تَقُوْلُ	عَجَنْتِ	تَرُوْحِيْنَ
وَصَفْتِ	نَقُوْمُ	مَشَطْنَا	تَعْصِبُوْنَ
قَامَتْ	نَخْبِزُ	عُدْتُ	نَعِدُ
بِعْنَا	عُدْتِ	وَصَلْتُ	تَقُوْمِيْنَ
وَدَعْنَا	تَكُوْنُ	صَدَحْتَ	أَرُوْحُ
صَنَعْتُمْ	تَعُوْدِيْنَ	رَشَفْنَا	نَزِيْدُ
-	تَلْقُطُ	-	تَمْزُجْنَ
-	يَفْسُدُ	-	-

القرآن المجید (ج)

اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ. هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ. كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا. وَ أْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ. لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا. وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ وَ لٰكِنْ ظَلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ. لَا تَرْفَعُوْا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ. رَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ. اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ. وَيٰقَوْمِ لَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا. وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا. اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحَاكِمِيْنَ. اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ الْحَقَّ. اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ

تَعْجَبُوْنَ وَتَضْحَكُوْنَ. هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ. وَفِيْ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ لِّلسَّائِلِ وَالْمَحْرُوْمِ. وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ. وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ وَ جَزَآءُ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا. خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ بِالْحَقِّ. اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ. اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا۔

ترجمہ:

بے شک اللہ میرا رب اور تمھارا رب ہے، تو اسے پوجو، یہ سیدھی راہ ہے، پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور اچھا کام کرو اور اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دے، غم نہ کھا بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے، اور ہم نے ان پر ظلم نہ کیا لیکن انھوں نے اپنی جانوں پر خود ظلم کیا، اپنی آوازیں اونچی نہ کرو اس غیب بتانے والے (نبی) کی آواز پر، اور کوئی وہ ہے جس کو سب پر درجوں بلند کیا، بے شک اللہ کا وعدہ سچ ہے اور اے قوم! میں تم سے اس پر کچھ مال نہیں مانگتا، اور تمھارا رب کسی پر ظلم نہیں کرتا، کیا اللہ سب حاکموں سے بڑھ کر حاکم نہیں، ان میں سے زیادہ تر لوگ حق کو نہیں جانتے ہیں، تو کیا اس بات سے تم تعجب کرتے ہو اور ہنستے ہو؟ کیا اللہ کے سوا اور بھی کوئی خالق ہے کہ آسمان اور زمین سے تمھیں روزی دے، اور ان کے مال میں ایک معلوم حق ہے اس کے لیے جو مانگے اور جو مانگ بھی نہ سکے تو محروم ہے، اور ہم نے تم سے پہلے کسی آدمی کے لیے دنیا میں ہمیشگی نہ بنائی، اور تم عرض کرو اے میرے رب! بخش دے اور رحم فرما اور تو سب سے برتر رحم کرنے والا ہے، اور برائی کا بدلہ اسی کی برابر برائی ہے، اللہ نے آسمان اور زمین حق کے ساتھ بنائے، بے شک اس میں نشانی ہے ایمان والوں کے لیے تم سب کا پھرنا اللہ ہی کی طرف ہے۔

درس(۲۳)

اَلْأَمْثَالُ وَالْحِکَمُ

إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ، إِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَۃٌ، یَوْمٌ لَکَ وَیَوْمٌ عَلَیْکَ، حَدِیْثُ خُرَافَۃٍ، صِغَارُ الْأُمُوْرِ بِهِیْجُ الْکِبَارَ، وَعْدٌ بِلَا وَفَاءٍ، عَدَاوَۃٌ بِلَا سَبَبٍ، مِلْحٌ عَلٰی جُرْحٍ، بَعْدَ الْبَلَاءِ یَکُوْنُ الثَّنَاءُ، اَلْحَرْبُ خِدْعَۃٌ، السَّلَفُ تَلَفٌ، الْحَاجَۃُ تَفْتُقُ الْحِیْلَۃَ، خُذِ الْقَالَ مِنْ فَمِ الْأَطْفَالِ، بَیْضَۃُ الْیَوْمِ خَیْرٌ مِّنْ دَجَاجَۃِ غَدٍ، اَلْیَوْمَ سَلَامٌ وَغَدًا کَلَامٌ، مَوْتُ الْعَالِمِ مَوْتُ الْعَالَمِ، حِرْفَۃُ الْمَرْءِ کَنْزُہٗ، صُدُوْرُ الْأَحْرَارِ قُبُوْرُ الْأَسْرَارِ، لَیْسَ الْخَبَرُ کَالْمُعَایَنَۃِ رِضَاءُ الرَّبِّ فِیْ رِضَاءِ الْوَالِدِ وَسَخَطُ الرَّبِّ فِیْ سَخَطِ الْوَالِدِ، اَلْأَنَاۃُ مِنَ اللّٰہِ وَالْعَجَلَۃُ مِنَ الشَّیْطَانِ، اَلْوَقْتُ الْأَوَّلُ مِنَ الصَّلٰوۃِ رِضْوَانُ اللّٰہِ وَالْوَقْتُ الْاٰخِرُ عَفْوُ اللّٰہِ، أَفْضَلُ الْأَعْمَالِ اَلْحُبُّ لِلّٰہِ وَالْبُغْضُ لِلّٰہِ. اَلْجَارَ ثُمَّ الدَّارَ.

لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰہِ الرَّجُلَ یَلْبَسُ لُبْسَۃَ الْمَرْأَۃِ وَالْمَرْأَۃَ تَلْبَسُ لُبْسَۃَ الرَّجُلِ. اَلدَّرَاهِمُ مَرَاهِمُ. عُشْبٌ وَلَا بَعِیْرٌ.

ترجمہ: اعمال کا دارو مدار نیتوں پر موقوف ہے، مسلمان بھائی بھائی ہیں، ایک دن تمھارے فائدے کا ہے اور ایک دن تمھارے ضرر کا ہے، بے سروپابات، چھوٹے معاملات بڑے معاملات کو ابھارتے ہیں، وعدہ خلافی بلاوجہ کی دشمنی ہے، زخم پر نمک چھڑکنا، مصیبت کے بعد تعریف ہوتی ہے، جنگ دھوکا ہے، قرض بربادی ہے، ضرورت تدبیر کو چیر دیتی ہے، بچوں کے منھ کی بات لے لو، (بچے زبان کے سچے ہوتے ہیں، یعنی وہ جو بولتے ہیں وہ سچ ہوتا ہے) آج کا انڈا کل کی مرغی سے بہتر ہے (نو نقد نہ تیرہ ادھار)، آج سلام ہے اور کل کلام ہے، عالم کی موت دنیا کی موت ہے، انسان کا پیشہ اس کا خزانہ ہے، آزاد لوگوں کے سینے رازوں کی قبریں ہیں، خبر مشاہدے/دیکھے ہوئے کی طرح نہیں ہوتی ہے، اللہ کی خوشنودی

والد کی خوشی میں اور رب کی ناراضگی والد کی ناراضگی میں ہے، صبر (بردباری) اللہ کی طرف سے ہے اور جلد بازی شیطان کی طرف سے ہے، نماز کا اول وقت اللہ کی خوشنودی ہے اور آخر وقت اللہ کی معافی ہے، سب سے افضل کام اللہ کے لیے محبت اور اللہ کے لیے عداوت کرنا ہے، (پہلے) پڑوسی (کو دیکھ لو کہ وہ اچھا ہے یا برا) پھر گھر (خریدو)، اللہ کے رسول ﷺ نے اس مرد پر لعنت فرمائی جو عورت کا لباس پہنے اور اس عورت پر جو مرد کا لباس پہنے، دراہم مرہم ہیں، (پیسہ ہے تو سب کچھ ہے) گھاس (موجود) ہے (لیکن) اونٹ نہیں (سرمایہ ہے لیکن اس کو خرچ کرنے والا کوئی نہیں)۔

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	برّ وبحر میں فساد ظاہر ہو گیا۔	ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ.
2	پھل اور پھول مت توڑ۔	لَا تَقْطِفْ أَثْمَارًا وَأَزْهَارًا.
3	شر و فساد چھوڑ دو۔	أُتْرُكُوْا الشَّرَّ وَالْفَسَادَ.
4	دکن والے کھٹائی شوق سے کھاتے ہیں۔	اَهْلُ الدَّكَّنِ يَأْكُلُوْنَ الْحُمُوْضَةَ بِرَغْبَةٍ.
5	(غریب) خاندان روٹی املی کے سالن سے کھاتا ہے۔	تَأْكُلُ الْعَائِلَةُ الْفَقِيْرَةُ الْخُبْزَ مَعَ الْإِدَامِ التَّمْرِ الْهِنْدِيِّ.
6	کسی کو نہ جھڑکو۔	لَا تَنْهَرُوْا أَحَدًا .
7	کیا انسان دنیا میں ہمیشہ رہے گا؟	هَلِ الْإِنْسَانُ يَخْلُدُ فِيْ الدُّنْيَا ؟
8	دولت مند انڈے اور مرغ کا گوشت کھاتے ہیں۔	اَلْأَغْنِيَاءُ يَأْكُلُوْنَ الْبَيْضَ وَلَحْمَ الدِّيْكِ .
9	نیکوں کے لیے جنت ہے۔	لِلصَّالِحِيْنَ جَنَّةٌ.

10	اور وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔	وَهُم فِيْهَا خَالِدُوْنَ.
11	بروں کے لیے دوزخ ہے اور وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔	لِلْكَافِرِيْنَ جَهَنَّمُ وَهُمْ فِيْهَا خَالِدُوْنَ.
12	خندہ پیشانی بہترین چیز ہے۔	طَلَاقَةُ الْوَجْهِ خَيْرُ شَيءٍ.
13	کہو کم کرو زیادہ۔	قُوْلُوْا قَلِيْلًا وَاعْمَلُوْا كَثِيْرًا .
14	کامیابی عمل سے پاؤ گے نہ کہ قول سے۔	تَجِدُ الْفَوْزَ بِالْعَمَلِ لَا بِالْقَوْلِ.

تمرین (اللّٰھم):

اَللّٰهُمَّ اِحْفَظْنَامِنْ كُلِّ بَلَاءِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْأٰخِرَةِ ،اَللّٰهُمَّ اغْفِرْنَا ذُنُوْبَنَا وَارْحَمْنَا وَأَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ ،اَللّٰهُمَّ إِنَّا تُبْنَا فَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَابُ الرَّحِيْمُ ،اَللّٰهُمَّ ارْزُقنَا مِنْ فَضْلِكَ رِزْقًا حَسَنًا وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ ،اَللّٰهُمَّ اُكْتُبْ لَنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الآخِرَةِ حَسَنَةً،أَنْتَ وَلِيُّنَا فِي الدُّنْيَا وَالآخِرَةِ فَاغْفِرْلَنَا وَأَنت خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ ،اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مُخلِصِيْنَ فِي اَعْمَالِنَا وَاَقْوَالِنَا وَارْجِعْ إِلَيْنَا أَيَّامَنَا وَانْصُرْنَاعَلىَ الْقَوْمِ الْكَافِرِيْنَ .

أَحْمَدُ : أَيُضْرَبُ الْوَلَدُ عَلٰى مِثْلِ هٰذَا الْعَمَلِ ؟

مَحْمُوْدٌ : كَيْفَ لَا يُضْرَبُ ؟اَلْيَوْمَ أَخَذَ كُرَّاسَتَهٗ وَغَدًا يَأْخُذُ شَيْئًا ثَمِيْنًا ،وَهٰذَا الْعَمَلُ يُعَدُّ مِنْ أَعْمَالِ اللُّصُوْصِ .

أَحْمَدُ : مَاذَا يُفْعَلُ بِاللُّصُوْصِ ؟

مَحْمُوْدٌ: يُقْبَضُ عَلَيْهِمْ فَيُحمَلُوْنَ إِلٰى مَخْفَرِ الشُّرْطَةِ وَ يُضْرَبُوْنَ هُنَاكَ بِالْعَصَا ثُمَّ يُسْأَلُوْنَ عَنِ الأَشْيَاءِ الْمَسْرُوْقَةِ ،فَتُؤخَذُ مِنْهُمْ وَتُرَدُّ إِلٰى أَصْحَابِهَا .(نَعُوْذُ بِاللهِ مِنْ مِثْلِ هٰذَا الْعَمَلِ .

أَحْمَدُ : مَاذَا كَانَ جَوَابُ أَخِيْكَ؟

مَحْمُوْدٌ: مَا كَانَ جَوَابُ أَخِيْ إِلَّا أَنَّهُ نَدِمَ وَتَابَ وَقَالَ "إِنِّيْ لَاأَفْعَلُ هٰكَذَا مَرَّةً أُخْرىٰ".

فَنَصَحَهُ أَبِيْ وَقَالَ: لَا تَأْخُذْ يَا وَلَدِيْ شَيْئًا بِدُوْنِ اِذْنٍ وَاحْذَرْ مِثْلَ هٰذِهِ الأَعْمَالِ وَقُمْ لِلأَكَابِرِ حِيْنَمَا جَاؤُا وَاعْلَمْ أَنَّ أَدَبَ الْكِبَارِ وَاجِبٌ عَلَى الصِّغَارِ.

حل لغات: فَقَدَ:(ض)گم ہونا، کھونا۔ أَخَذَ:(ن)لینا، پکڑنا۔ رَدَّ(ن)واپس کرنا، لوٹانا۔ یُعَدُّ(ن)شمار کرنا۔ اَللُّصُوْصُ: چور، واحد لِصٌّ۔ قَبَضَ عَلىٰ (ن) پکڑنا، گرفتار کرنا۔ مَخْفَرُ الشُّرْطَةِ: پولیس کا تھانہ، حفاظت کی جگہ، جمع مَخَافِرُ۔

ترجمہ: اس نے سنا۔ گم کیا۔ اس نے لیا۔ اس نے پوچھا۔ اس نے پایا۔ اس نے لوٹایا۔ سنا گیا۔ گم کیا گیا۔ لیا گیا۔ پوچھا گیا۔ پایا گیا۔ لوٹایا گیا۔ سنتا ہے۔ گم کرتا ہے۔ لیتا ہے۔ پوچھتا ہے۔ پاتا ہے۔ لوٹاتا ہے۔ سنا جاتا ہے۔ گم کیا جاتا ہے۔ لیا جاتا ہے۔ پوچھا جاتا ہے۔ پایا جاتا ہے۔ لوٹایا جاتا ہے۔

احمد: اے محمود! سنا گیا کہ تیرے والد تیرے بھائی پر غضب ناک ہوئے؟

محمود: ہاں: اور میرے بھائی کو ڈنڈے سے مارا گیا۔

احمد: ڈنڈے سے اسے کیوں مارا گیا؟

محمود: ڈنڈے سے اسے اس لیے مارا گیا کہ اس نے اپنے دوست کی کاپی بغیر اس کی اجازت کے لی تھی۔

احمد: کیا اس سے پہلے بھی کسی بار پیٹا گیا ہے اور کیوں؟

محمود: ہاں ایک مرتبہ پیٹا گیا ہے اس لیے کہ جس وقت وہ آئے تو وہ کھڑا نہیں ہوا اور ان کے سامنے ادب سے نہیں بیٹھا۔

احمد: کیا اس کا دوست جانتا ہے کہ اس کی کاپی اس نے لی ہے؟

محمود: نہیں، وہ نہیں جانتا ہے بلکہ افسوس کرتا ہے اور کہتا ہے کہ میری کاپی گم ہوگئی اور اس میں مفید معلومات تھیں۔

احمد: کیا اس طرح کے کام پر لڑکے کو مارا جاتا ہے؟

محمود : کیسے نہیں مارا جاتا؟ آج اس نے کاپی لی ہے اور کل کوئی قیمتی چیز لے لے گا اور یہ کام چوروں کے کاموں میں سے شمار کیا جاتا ہے۔

احمد : چوروں کے ساتھ کیا کیا جاتا ہے؟

محمود : انھیں گرفتار کیا جاتا ہے پھر پولیس تھانہ لے جایا جاتا ہے اور وہاں ڈنڈے سے مارا جاتا ہے پھر چرائی ہوئی چیزوں کے بارے میں پوچھا جاتا ہے تو وہ ان سے لی جاتی ہیں اور ان کے مالکوں کو لوٹائی جاتی ہیں۔ (ہم اس طرح کے ہر کام سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں)۔

احمد : تمھارے بھائی کا جواب کیا تھا؟

محمود : میرے بھائی کا جواب صرف یہی تھا کہ وہ شرمندہ ہوا، توبہ کی اور کہا: یقیناً میں اس طرح دوسری مرتبہ نہیں کروں گا تو میرے والد نے نصیحت کی اور کہا: اے میرے لڑکے! کسی چیز کو بغیر اجازت کے مت لے اور اس طرح کے کاموں سے بچ، اور بزرگوں کے لیے (ادب سے) کھڑا ہو جا جس وقت وہ آئیں۔ اور جان لے کہ بڑوں کا ادب چھوٹوں پر ضروری ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	مَنْ ضُرِبَ وَلِمَاذَا ؟	ضُرِبَ أَخِيْ لِأَنَّهٗ أَخَذَ كُرَّاسَةَ صَدِيْقِهٖ بِدُوْنِ اِذْنٍ مِنْهُ
2	كُرَّاسَةُ مَنْ فُقِدَتْ :	كُرَّاسَةُ صَدِيْقِهٖ فُقِدَتْ .
3	مَاذَا كَانَ فِيْهَا ؟	كَانَتْ فِيْهَا مَعْلُوْمَاتٌ مُفِيْدَةٌ .
4	أَيُّ عَمَلٍ يُعَدُّ مِنْ أَعْمَالِ اللُّصُوْصِ ؟	اَلأَخْذُ بِدُوْنِ إِذْنٍ يُعَدُّ مِنْ أَعْمَالِ اللُّصُوْصِ.
5	مَاذَا يُفْعَلُ بِاللُّصُوْصِ ؟	يُقْبَضُ عَلَيْهِمْ فَيُحْمَلُوْنَ إِلَى

		مَخْفَرِ الشُّرْطَةِ وَ يُضْرَبُوْنَ هُنَاكَ بِالْعَصَا ثُمَّ يُسْأَلُوْنَ عَنِ الأَشْيَاءِ الْمَسْرُوْقَةِ فَتُؤخَذُ مِنْهُمْ وَتُرَدُّ إِلَى أَصْحَابِهَا.
6	أَتَجُوْزُ السَّرِقَةُ ؟	لَا : لَا تَجُوزُ السَّرِقَةُ .
7	مَنْ نَصَحَ أَخَا مَحْمُوْدٍ؟	نَصَحَهُ أَبُوْهُ.
8	مَاذَا يَجِبُ عَلَى الصِّغَارِ ؟	أَدَبُ الْكِبَارِ يَجِبُ عَلَى الصِّغَارِ .
9	هَلْ فُقِدَتْ مِحْفَظَتُكَ تَارَةً؟	لَا ،مَا فُقِدَتْ مِحْفَظَتِيْ قَطُّ .
10	أَيُوْجَدُ فِيْ أَعْمَالِنَا اِخْلَاصٌ ؟	لَا ، لَا يُوْجَدُ فِيْ أَعْمَالِنَا اِخْلَاصٌ .
11	أَيُوْجَدُ فِيْ شُبَّانٍ دِيَانَةٌ ؟	لَا ، لَا يُوْجَدُ فِيْ شُبَّانٍ دِيَانَةٌ.
12	أَيْنَ يُوْجَدُ الْحَمْدُ كَثِيْرًا؟	يُوْجَدُ الْحَمْدُ كَثِيْرًا فِي الْقُرْآنِ.
13	لِمَاذَا تُمْدَحُ الْبَنَاتُ ؟	لِأَنَّهُنَّ يَفْعَلْنَ جَمِيْعَ الأَعْمَالِ بِحُسْنٍ
14	بِأَيِّ شَيْءٍ يُسَرُّ أَبُوْكَ ؟	يُسَرُّ أَبِيْ بِالنَّجَاحِ فِي الإِمْتِحَانِ.
15	أَسَرَرْتَ أَبَاكَ تَارَةً؟	نَعَمْ : سَرَرْتُ أَبِيْ مَرَّةً.
	هَلْ أُمِرْتَ بِالصَّلٰوةِ؟	نَعَمْ : أُمِرْتُ بِالصَّلٰوةِ
16	مَتٰى يُسْأَلُ النَّاسُ عَنْ أَعْمَالِهِمْ ؟	يُسْئَلُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَنْ أَعْمَالِهِمْ .

ماضی و مضارع مجہول بناؤ اور معنی لکھو

ماضی مجہول	معنی	مضارع مجہول	معنی
أُخِذَ	لیا گیا	یُؤْخَذُ	لیا جاتا ہے
أُخِذُوا	لیے گیے	یُؤْخَذُوْنَ	لیے جاتے ہیں
کُتِبْتَ	تو لکھا گیا	تُکْتَبُ	تو لکھا جاتا ہے
سُئِلْتُمْ	تم پوچھے گئے	تُسْئَلُوْنَ	تم پوچھے جاتے ہو
رُدِدتَّ	تو واپس کیا گیا	تُرَدُّ	تو واپس کیا جاتا ہے
عُلِمَ	وہ جانا گیا	یُعْلَمُ	وہ جانا جاتا ہے
غُفِرَ	وہ بخشا گیا	یُغْفَرُ	وہ بخشا جاتا ہے
نُظِرُوا	وہ دیکھے گیے	یُنْظَرُوْنَ	وہ دیکھے جاتے ہیں
حُمِلْتِ	تجھے (مؤنث) اٹھالیا گیا	تُحْمَلِیْنَ	تجھے (مؤنث) اٹھایا جاتا ہے
مُدِحْنَ	وہ سب تعریف کی گئیں	یُمْدَحْنَ	وہ سب تعریف کی جاتی ہیں
سُئِلْتُنَّ	تم سب پوچھیں گئیں	تُسْئَلْنَ	تم سب پوچھی جاتی ہو
أُخِذُوا	وہ سب لیے گیے	یُؤْخَذُوْنَ	وہ سب لیے جاتے ہیں

ماضی کا مضارع اور مضارع کی ماضی لکھو

ماضی	مضارع	ماضی	مضارع
ظُلِمْتُمْ	تُسْئَلُ	نُصِرْتُمْ	تُلْبَسُ
تُؤکَلُ	یُفْقَدُوْنَ	حُمِّلْنَ	تُنْصَرْنَ
نُظِرَ	تُضْرَبُوْنَ	وُجِدْتُمْ	یُؤْجَدْنَ
عُلِمَ	تُسْرَقُ	رُدُّوْا	تُؤْمَرُ

شُرِبَتْ	تُكْتَبُ	أُمِرْتُمْ	×
نُظِرْتُمْ	تُرَدُّ	أُخِذَ	×
غُسِلَ	×	×	×

عربی بناؤ

شمار	اردو	عربی	شمار	اردو	عربی
1	سنا گیا	سُمِعَ	2	ہم پوچھے گیے	سُئِلْنَا
3	تم پکڑے جاؤ گے	تُؤخَذُوْنَ	4	دیکھے گیے	نُظِرُوا
5	لکھا گیا	كُتِبَ	6	سنا جاتا ہے	يُسْمَعُ
7	پکایا گیا	طُبِخَ	8	سمجھا جاتا ہے	يُفْهَمُ
9	معلوم ہوتا ہے	يُخَيَّلُ	10	دکھ رہا ہے	يَتَأَلَّمُ
11	پائے جاتے ہیں	يُؤجَدُوْنَ	12	خوش ہوں	قَدْ سُرِرْتُ
13	ہم خوش ہوں گے	نَفْرَحُ	14	میں پیدا ہوا	وُلِدتُّ
15	کم ہو گیا	نُقِصَ	16	سنا گیا	سُمِعَ
17	پیدا کیا گیا	وُلِدَ	18	پیدا کیے گیے	وُلِدُوا
19	تمھاری تعریف کی جاتی ہے	تُمْدَحُ	20	تم گنے جاتے ہو	تُعَدُّوْنَ

ترجمہ کرو

شمار	اردو	عربی
1	سنا جاتا ہے کہ آئندہ سال میرے والد حج کریں گے۔	يُسْمَعُ أَنَّ أَبِيْ يَحُجُّ فِي السَّنَةِ الْقَادِمَةِ .
2	سنا گیا ہے کہ اس کے والد بمبئی سے آ گئے۔	سُمِعَ أَنَّ أَبَاهُ جَاءَ مِنْ مُمبئ .
3	معلوم ہوا کہ اس سال تمھاری چچی بھی حج کریں گی۔	عُلِمَ أَنَّ زَوْجَةَ عَمِّكَ تَحُجُّ هٰذِهِ السَّنَةَ أَيْضًا
4	کس کا دوست پولیس میں پکڑا گیا؟	صَدِيْقُ مَنْ قُبِضَ فِيْ مَخْفَرِ الشُّرْطَةِ؟
5	پولیس کے تھانے میں کون نظر آئے ؟	مَنْ نُظِرَ فِيْ مَخْفَرِ الشُّرْطَةِ ؟
6	میرے جوتے ایک دعوت میں گم ہو گئے۔	فُقِدَتْ اَحْذِيَتِيْ فِيْ وَلِيْمَةٍ
7	اس کتاب میں قیمتی معلومات پائی جاتی ہیں۔	تُوْجَدُ مَعْلُوْمَاتٌ ثَمِيْنَةٌ فِيْ هٰذَا الْكِتَابِ
8	کس دکان میں عمدہ ٹوپیاں ملتی ہیں ؟	فِيْ أَيِّ دُكَّانٍ تُوْجَدُ الْقَلَانِسُ الْجَيِّدَةُ ؟
9	اس باغ میں میوے کے درخت	تُوْجَدُ أَشْجَارُ الْفَاكِهَةِ فِيْ هٰذَا

	پائے جاتے ہیں۔	الْبُسْتَانِ
10	آنکھ مچولی میں کون سی لڑکی پکڑی گئی اور چور بنائی گئی؟	أَيُّ بِنْتٍ قُبِضَتْ فِيْ الْغُمَّيْضَةِ وَ جُعِلَتْ لِصَّةً
11	سنا جاتا ہے کہ مدراسی عورتیں کھانے تیار کرتی ہیں۔	يُسْمَعُ أَنَّ النِّسَاءَ الْمَدْرَاسِيَّةَ يَطْبَخْنَ الأَطْعِمَةَ
12	مجھے افسوس ہے کہ کل ہمارے ماموں کا گھوڑا گم ہو گیا اور اب تک نہیں ملا۔	أَنَا آسِفٌ أَنَّ فَرَسَ خَالِنَا فُقِدَ أَمْسِ وَمَا وُجِدَ إِلَى الآنَ
13	مجرم قیامت کے دن پوچھے جائیں گے کیا تم نے بڑوں کی نصیحت کو رد کیا؟ اللہ کا حکم رد کیا؟	يُسْئَلُ عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَرَدَدْتُم نَصِيحَةَ الأَكَابِرِ وَرَدَدْتُمْ أَمْرَ اللهِ ؟
14	ہماری ہر چیز اخباروں میں طبع کی جاتی ہے۔	يُطْبَعُ كُلُّ شَيْئِنَا فِيْ الجَرَائِدِ .
15	اس وجہ سے ہم کامیابی سے محروم ہو گیے۔	وَ لِذٰلِكَ حُرِمْنَا مِنَ النَّجَاحِ .
16	بھائیو اٹھو! آنکھیں کھولو اور ریا چھوڑو عمل ریا سے ضائع ہو جاتا ہے	يَا أَيُّهَا الإِخْوَانُ ! قُوْمُوْا وَافْتَحُوا الْعُيُوْنَ اُتْرُكُوا الرِّيَا يَضِيْعُ الْعَمَلُ مِنَ الرِّيَا
\`17	صحابہ کی تاریخ پڑھو اور اُن کے اعمال	اِقْرَؤُا تَارِيْخَ الصَّحَابَةِ وَاجْعَلُوا

	کو اپنے لیے مثال بنالو۔	اَعْمَالَهُمْ مِثَالًا لَكُمْ
18	اس سے تمھاری عظمت دوبارہ حاصل ہوجائے گی۔	يُنَالُ مَجْدُكُمْ بِهٖ مَرَّةً ثَانِيَةً .

درس(۵)

(الف)

إِنَّ اللهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا.وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غافِلِيْنَ .وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللهِ يَسِيْرًا.كُوْنُوا أَنْصَارَ اللهِ. كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ .يَا نَارُكُوْنِيْ بَرْدًا وَسَلَامًا عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ .إِنَّ الشَّيْطَانَ كَانَ لِلإِنْسَانِ عَدُوًّا مُبِيْنًا.إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا .وَكَانَ الإِنْسَانُ عَجُوْلًا . وَ كَانُوا قَوْمًا مُجْرِمِيْنَ .وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوا هُمُ الظَّالِمِيْنَ .

(ب)

رَجَعَتْ أُسْرَةُ مَاجِدٍ مِنَ الْحَجِّ فَسَأَلَهٗ صَدِيْقٌ لَهٗ .

اَلصَّدِيْقُ :كَيْفَ كَانَ سَفَرُكَ يَامَاجِدُ؟

مَاجِدٌ :سَفَرِيْ كَانَ سَعِيْدًا مُبَارَكًا .

اَلصَّدِيْقُ :كَيْفَ كَانَ أَبُوْكَ وَإِخْوَانُكَ ؟

مَاجِدٌ :كَانُوا فَرِحِيْنَ .

اَلصَّدِيْقُ : أَكَانَتْ أُمُّكَ وَأَخَوَاتُكَ فَرِحَاتٍ؟

مَاجِدٌ :كُنَّ فَرِحَاتٍ.

اَلصَّدِيْقُ : بِمَاذَا كُنْتَ مَشْغُوْلًا هُنَاكَ ؟

مَاجِدٌ :كُنْتُ مَشْغُوْلًا بِتِلَاوَةِ الْقُرْآنِ وَأَدَاءِ الصَّلٰوةِ وَذِكْرِ اللهِ

اَلصَّدِيْقُ : أَكُنْتُمْ شَاكِرِيْنَ لِلّٰهِ عَلٰى هٰذَا السَّفَرِ الْمُبَارَكِ؟

مَاجِدٌ : نَعَمْ: كُنَّا شَاكِرِيْنَ لَهُ عَلَيْهِ لِأَنَّنَا فَرَغْنَا عَنْ أَدَاءِ فَرِيْضَةِ الْحَجِّ وَرَجَعْنَا بِصِحَّةٍ وَسَلَامَةٍ .
إِعْلَمُوا أَنَّ الْحَجَّ فِيْهِ مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ .
اَلصَّدِيْقُ :أَزُرْتَ الْمَدِيْنَةَ الْمُنَوَّرَةَ ،كَيْفَ وَجَدتَّهَا ؟
مَاجِدٌ : نَعَمْ: زُرْتُهَا فَوَجَدْتُهَا تَنْزِلُ عَلَيْهَا رَحْمَةُ اللهِ بُكْرَةً وَأَصِيْلًا
اَلصَّدِيْقُ : هَلْ هِيَ أَفْضَلُ مِنْ سَائِرِ الْمُدُنِ؟
مَاجِدٌ : نَعَمْ: هِيَ عِنْدَ الْمُسْلِمِيْنَ أَفْضَلُ مِنْ سَائِرِ الْمُدُنِ.
اَلصَّدِيْقُ : أَوُلِدَ رَسُوْلُ اللهِ فِيْهَا ؟
مَاجِدٌ : لَا: بَلْ وُلِدَ فِيْ مَكَّةَ .
اَلصَّدِيْقُ :أَرُحْتَ إِلَى الطَّائِفِ أَنْتَ وَأَبُوْكَ وَأَخَوَاتُكَ؟
مَاجِدٌ : لَا: يَا صَدِيْقِيْ :مَاسَنَحَتْ لَنَا فُرْصَةٌ .

(الف)

ترجمہ: بے شک اللہ تعالی ہر چیز پر نگہبان ہے۔اور ہم مخلوق سے غافل نہیں ہیں۔اور یہ چیز اللہ پر آسان ہے۔اللہ کے مددگار ہوجاؤ۔تم بہترین امت ہو۔اے آگ !ابراہیم علیہ السلام پر ٹھنڈی اور سلامتی والی ہوجا۔بے شک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔یقیناً باطل ہلاک ہوگیا۔اور انسان بہت جلد باز ہے۔اور وہ مجرم لوگ تھے۔ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ خود ظلم کرنے والے تھے۔

(ب)

ماجد کا خاندان حج سے لوٹا تو اس کے دوست نے اس سے پوچھا:
دوست :اے ماجد! تمھارا سفر کیسا تھا؟
ماجد :میرا سفر نیک بخت مبارک تھا۔
دوست : تمھارے والد اور بھائی کیسے تھے ؟
ماجد :وہ سب خوش تھے۔
دوست :کیا تمھاری ماں اور بہنیں خوش تھیں ؟

ماجد　　:وہ سب خوش تھیں۔

دوست　　:تم وہاں کس کام میں مشغول تھے؟

ماجد　　:میں قرآن پاک کی تلاوت، نماز کی ادائگی اور اللہ کے ذکر میں مشغول تھا۔

دوست　　:کیا تم اس مبارک سفر پر اللہ کا شکر ادا کرتے ہو؟

ماجد　　:ہاں: ہم اس مبارک سفر پر اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں اس لیے کہ ہم فریضۂ حج کی ادائگی سے فارغ ہو گئے اور صحت و سلامتی کے ساتھ لوٹ آئے۔

جان لو: یقیناً حج اس میں بہت سے فائدے ہیں لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ہیں۔

دوست　　:کیا تم نے مدینہ منورہ کی زیارت کی، اسے تم نے کیسا پایا؟

ماجد　　:ہاں: میں نے اسے دیکھا اس پر صبح و شام اللہ کی رحمت نازل ہوتی ہے،

دوست　　:کیا وہ سارے شہروں سے افضل ہے؟

ماجد　　:ہاں: وہ مسلمانوں کے نزدیک سارے شہروں سے افضل ہے۔

دوست　　:کیا اس میں رسول اللہ ﷺ پیدا ہوئے تھے؟

ماجد　　:نہیں، بلکہ وہ مکہ شریف میں پیدا ہوئے تھے۔

دوست　　:کیا تم نے، تمھارے والد اور بھائیوں نے طائف (بھی) دیکھا؟

ماجد　　:نہیں، اے میرے دوست! ہمارے پاس وقت نہیں تھا۔

حل لغات: يَسِيْرٌ: آسان، تھوڑا۔ نَارٌ: آگ، جمع نِيْرَانٌ۔ بَرْدٌ: ٹھنڈی، سردی۔ عَدُوٌّ: دشمن، جمع اَعْدَاءٌ۔ زَهَقَ: (ف) نیست و نابود ہونا، ہلاک ہونا۔ عَجُولًا: بہت زیادہ جلد باز۔ اُسْرَةٌ: خاندان، جمع أُسَرٌ۔ بُكْرَةٌ: صبح۔ أَصِيْلٌ: عصر و مغرب کے درمیان کا وقت (مراد شام) جمع آصَالٌ وَاَصَائِلُ. مُدُنٌ: شہر، قصبہ، واحد مَدِيْنَةٌ۔ سَنَحَ: (ف) پیش آنا، ظاہر ہونا۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	كَيْفَ كَانَ سَفَرُ مَاجِدٍ؟	كَانَ سَفَرُ مَاجِدٍ سَعِيْدًا مُبَارَكًا.

اَلْكَعْبَةُ فِيْ مَكَّةَ.	أَيْنَ الْكَعْبَة ؟	2
هِيَ فِيْ بَلَدِ مَكَّةَ	فِيْ أَيِّ بَلَدٍ هِيَ ؟	3
كَانَ مُحَمَّدٌ ﷺ رَسُوْلَ اللهِ	مَنْ كَانَ مُحَمَّدٌ ﷺ ؟	4
وُلِدَ فِيْ مَكَّةَ .	أَيْنَ وُلِدَ ؟	5
كَانَتْ فَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ ﷺ	مَنْ كَانَتْ فَاطِمَةُ رضى اللهُ عَنْهَا ؟	6
أَنَا وُلِدتُّ فِيْ حَيْدَر آباد.	أَيْنَ وُلِدتَّ أَنْتَ ؟	7
نَعَمْ: وُلِدَ أَبِيْ فِيْ حَيْدَر آبَاد.	أَوُلِدَ أَبُوْكَ فِيْ حَيْدَر آبَاد؟	8
كَانَ مَلِكًا عَادِلًا .	كَيْفَ كَانَ الْمَلِكُ آصف جاه؟	9
كَا نَ مَلِكًا عَادِلًا لِلْهِنْدِ	مَنْ كَانَ غَالمغِيْر ؟	10
يَكُوْنُ الْوَرْدُ جَمِيْلًا	كَيْفَ يَكُوْنُ الْوَرْدُ ؟	11
وَجدَ مَاجِدٌ الْمَدِيْنَةَ المُنَوَّرَةَ جَيِّدَةً ،تَنْزِلُ عَلَيْهَا رَحْمَةُ اللهِ بُكْرَةً وَأَصِيْلًا .	كَيْفَ وَجدَ مَاجِدٌ الْمَدِيْنَةَ الْمُنَوَّرَةَ ؟	12
لَا ،بَلْ يَزُوْرُهَا ذُوْسَعَةٍ مِنْهُمْ.	أَيَزُوْرُهَا كُلُّ الْمُسْلِمِيْنَ ؟	13
نَعَمْ: يَكُوْنُ الْحَرُّ شَدِيْدًا فِيْ مَكَّةَ	أَيَكُوْنُ الْحَرُّ شَدِيْدًا فِيْ مَكَّةَ؟	14
نَعَمْ: يَكُوْنُ الْعُلَمَاءُ مُخْلِصِيْنَ	أَيَكُوْنُ الْعُلَمَاءُ مُخْلِصِيْنَ ؟	15
لَا ،لَا تَجُوْزُ السَّجدَةُ لِلْقُبُوْرِ .	أَتَجُوْزُ السَّجدَةُ لِلْقُبُوْرِ؟	16

ترجمہ کرو

شمار	اردو	عربی
1	میرے والد آپ کے بھائی کے پڑھنے سے خوش تھے۔	كَانَ أَبِيْ فَرِحًا بِقِرَاءَةِ أَخِيْكَ
2	وہ بہت سمجھدار تھا۔	كَانَ عَاقِلًا جِدًّا
3	کیا چور پولیس کے تھانہ میں بیٹھے ہوئے تھے؟	أَكَانَ اللُّصُوْصُ جَالِسِيْنَ فِيْ مَخْفَرِ الشُّرْطَةِ ؟
4	اچھے لڑکے بڑوں کی نصیحت کو رد نہیں کرتے۔	لَا يَرُدُّ الْوِلْدَانُ الْمَحْبُوْبُوْنَ نَصِيْحَةَ الْأَكَابِرِ
5	استاد لڑکوں کے کام سے خوش تھے اور لڑکے بھی استاد کی تعلیم سے خوش تھے۔	كَانَ الْأُسْتَاذُ فَرِحًا بِعَمَلِ الْوِلْدَانِ وَالْوِلْدَانُ أَيْضًا فَرِحِيْنَ بِتَعْلِيْمِ الْأُسْتَاذِ
6	معلوم ہوتا ہے کہ وہ محنت سے پڑھتے ہیں اور وہ محنتیوں میں گنے جاتے ہیں۔	يُعْلَمُ أَنَّهُمْ يَقْرَءُوْنَ بِمُجْتَهِدٍ وَ يُعَدُّوْنَ فِيْ الْمُجْتَهِدِيْنَ
7	میں کہتا ہوں کہ وہ ضرور کامیاب ہو جائیں گے۔	أَقُوْلُ إِنَّهُمْ لَيَنْجَحُنَّ
8	مجھ کو فرصت نہیں ملی اس لیے میں نے آج ہوم ورک نہیں کیا۔	مَا سَنَحَتْ لِيْ فُرْصَةٌ لِأَنَّنِيْ مَا كَتَبْتُ فُرُوْضَ الْمَدْرَسَةِ

أَتَظُنُّ أَنَّ الْقَشْطَةَ أَنْفَعُ مِنَ اللَّبَنِ ؟	کیا تم سمجھتے ہو کہ بالائی دودھ سے زیادہ نفع بخش ہے؟	9
أَتُوْجَدُ الدِّيَانَةُ فِي الشُّبَّانِ الْمُتَعَلِّمِيْنَ ؟	کیا تعلیم یافتہ نوجوانوں میں مذہبیت پائی جاتی ہے؟	10
تُقْطَعُ الأَيْدِيْ لِأَجَلِ السَّرِقَةِ	چوری سے ہاتھ کاٹے جاتے ہیں۔	11
قَطْعُ الْيَدِ فِي الْحَقِيْقَةِ عِقَابٌ شَدِيْدٌ	ہاتھ کاٹنا ظاہر میں ایک سخت سزا ہے۔	12
لٰكِنْ إِنَّمَا هُوَ عِلَاجٌ وَاحِدٌ	لیکن یہی واحد علاج ہے۔	13
تَزِيْدُ هٰذِهِ الْجَرِيْمَةُ مِنَ الرِّفْقِ يَوْمًا فَيَوْمًا	نرمی سے یہ جرم دن بدن زیادہ ہو رہا ہے۔	14
تُعَدُّ السَّرِقَةُ فِي الآثَامِ الكَبَائِرِ	چوری بڑے گناہوں میں گنی جاتی ہے۔	15
يُسْئَلُ عَنِ الصَّلٰوةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَوَّلًا	نماز کے بارے میں قیامت کے دن اول پوچھا جائے گا۔	16
هِيَ لَا تُتْرَكُ فِيْ حَالٍ مِنَ الأَحْوَالِ	وہ کسی صورت میں ترک نہیں کی جائے گی۔	17`

درس(۶)

تشدید والے افعال کے امرونہی

أَيُّهَا الْوَلَدُ؟ قُمْ مِنَ النَّوْمِ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَانْظُرْ إِلَى الْجَوِّ ،كَيْفَ يَهُبُّ النَّسِيْمُ وَكَيْفَ تَغْرَدُ الطُّيُوْرُ فَقُمْ أَنْتَ أَمَامَ رَبِّكَ وَاعْبُدْهُ وَلَا تَكُنْ مِنَ الْغَافِلِيْنَ.

أَيُّهَا الْوَلَدُ الْعَزِيْزُ! كُنْ رَحِيْمًا وَلَا تَكُنْ ظَالِمًا ،وَكُنْ شَاكِرًا عَلٰى نِعْمَةِ رَبِّكَ وَلَا تَكُنْ كَافِرًا بِهَا وَمُدَّ يَدَكَ إِلَى اللهِ وَلَا تَمُدُّهَا إِلٰى أَحَدٍ سِوَاهُ.

أَيُّهَا الْبِنْتُ الْعَزِيْزَةُ! كُوْنِيْ مُتَعَلِّمَةً وَلَا تَكُوْنِيْ جَاهِلَةً فَإِنَّ الْجَهْلَ عُنْوَانُ الْحِمَاقَةِ وَسَرِّيْ بِخُلُقِكِ أَعْضَاءَ أُسْرَتِكِ وَالْزِمِيْ الدِّيَانَةَ وَالْحَيَاءَ وَاعْمَلِيْ بِالْأُمُوْرِ الدِّيْنِيَّةِ وَلَا تَخْرُجِيْ فِيْ زِيْنَةٍ بِدُوْنِ حِجَابٍ فَإِنَّ عَاقِبَتَهُ شَعَةٌ .أَيُّهَا الأَوْلَادُ! كُوْنُوا صَادِقِيْنَ وَلَا تَكُوْنُوا كَاذِبِيْنَ وَكُوْنُوا مُجْتَهِدِيْنَ وَلَا تَكُوْنُوا كُسَالٰى وَسُرُّوا بِأَعْمَالِكُمْ أَبَاءَكُمْ وَأُمَّهَاتِكُمْ وَلَا تَضُلُّوا بِصِرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ لِأَنَّ الضَّلَالَ سَبَبُ الْوَبَالِ ،وَلَا تَظُنُّوا أَنَّ أَيَّامَ السُّرُوْرِ تَدُوْمُ وَلَا تَضُرُّوا أَحَدًا ،وَلَا تَرُدُّوانَصِيْحَةَ نَاصِحٍ أَبَدًا وَكُوْنُوا أَنْصَارَ الْحَقِّ وَلَا تَمِيْلُوا إِلَى الْبَاطِلِ وَلَا تَمُسُّوا سُوْءًا فَإِنَّهُ يَجُرُّ عَلَيْكُمْ عِقَابَ اللهِ وَاللهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ،وَ يَاأَيَّتُهَا الْبَنَاتُ! كُنْ مُتَعَلِّمَاتٍ ،ذَوَاتِ دِيَانَةٍ وَلَا تَكُنْ غَافِلَاتٍ عَنِ اللهِ وَاسْرُرْنَ بِآدَابِكُنَّ كُلَّ وَاحِدٍ مِنْ أُسْرَتِكُنَّ وَلَا تَمْسَسْنَ سُوْءً وَالْزِمْنَ الْحَيَاءَ وَالْحِجَابَ وَامْدُدْنَ أَيْدِيَكُنَّ إِلَى اللهِ فَقَطْ لِلدُّعَاءِ إِنَّ اللهَ لَسَمِيْعُ الدُّعَاءِ.

ترجمہ: اے لڑکے! سورج طلوع ہونے سے پہلے نیند سے اٹھ ،اور فضا کو دیکھ ،کیسے نرم ہوا چلتی ہے ،کیسے پرندے چہچہاتے ہیں ،تو اپنے رب کے سامنے کھڑا ہو اس کی عبادت کر اور غافلوں میں سے نہ ہو۔

اے پیارے لڑکے! مہربان ہو، ظالم نہ ہو، اپنے رب کی نعمت پر شکر ادا کر اور اس کی ناشکری مت کر اور اپنے ہاتھ کو اللہ کی طرف دراز کر، اور اس کے علاوہ کسی کی طرف دراز مت کر۔

اے پیاری لڑکی! تعلیم یافتہ ہو، جاہلہ مت ہو اس لیے کہ جہالت بے وقوفی کا پتہ ہے، اپنے اخلاق سے خاندان کے افراد کو خوش کر، دین داری اور شرم وحیا اختیار کر، دینی کاموں پر عمل کر، بے پردہ زینت کے ساتھ مت نکل، کیوں کہ اس کا انجام تباہی ہے۔ اے لڑکو! سچے ہو جاؤ چھوٹے مت ہو، سست مت ہو، اپنے کاموں سے اپنے والد اور ماؤں کو خوش کرو، اور سیدھے راستہ سے نہ بھٹکو، اس لیے کہ گمراہی برے انجام کا سبب ہے، اور گمان نہ کرو کہ خوشی کے دن ہمیشہ رہیں گے اور کسی کو تکلیف نہ دو، اور کسی نصیحت کرنے والے کی نصیحت کو رد نہ کرو، حق کے مددگار ہو جاؤ، باطل کی طرف مائل مت ہو، اور کوئی برائی نہ کرو کیوں کہ وہ تم پر اللہ کا عذاب کھینچ لائے گی، اور اللہ کا عذاب سخت ہے۔ اور اے لڑکیوں! دین دار تعلیم یافتہ ہو جاؤ، اللہ سے غافل نہ ہو، اپنے آداب سے اپنے خاندان کے ہر فرد کو خوش کرو، اور کوئی برائی نہ کرو شرم وحیا اور پردہ کو لازم کر لو، اپنے ہاتھوں کو صرف اللہ کی طرف دراز کرو، یقیناً اللہ ضرور دعا کو سننے والا ہے۔

حل لغات: جَوٌّ: فضا، آسمان و زمین کے درمیان کا حصہ، جمع اَجْوَاءٌ ۔ ھَبَّ (ن) (الرِّیْحُ) ہوا کا چلنا۔ نَسِیْمٌ: دھیمی اور لطیف ہوا، جمع نِسَامٌ ۔ تَغْرِدُ: (س) چہچہانا۔ مَدَّ (ن) دراز کرنا، پھیلانا۔ عُنْوَانٌ: پتہ، جمع عَنَاوِیْنُ۔ اَلْحَمَاقَةُ: بے وقوفی۔ اَعْضَاءٌ: رکن، فرد، واحد عُضْوٌ۔ حِجَابٌ: پردہ، جمع حُجُبٌ۔ کُسَالٰی: سست، واحد کَسْلَانُ۔ اَلضَّلَالُ: گمراہی، باطل، ہلاکت۔ تَدُوْمُ: (ن) ہمیشہ رہنا۔ اَلسُّرُوْرُ: خوشی۔ مَسَّ (ن) چھونا۔ یَجُرُّ: (ن) کھینچ لانا۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	أَتَهُبُّ الرِّ يْحُ دَائِمًا ؟	لَا ، لَا تَهُبُّ الرِّ يْحُ دَائِمًا .
2	مَتىٰ تَغْرَدُ الطُّيُوْرُ ؟	تَغْرَدُ الطُّيُورُ فِي الصَّبَاحِ.
3	أَمَدَدْتَ يَدَكَ لِلسُّوَالِ إِلىٰ أَحَدٍ؟	لَا ، مَا مَدَدْتُ يَدِيْ لِلسُّوَالِ إِلىٰ أَحَدٍ.
4	هَلْ أَعْضَاءُ أُسْرَتِكَ مَسْرُوْرُوْنَ بِكَ؟	نَعَمْ : أَعْضَاءُ أُسْرَتِيْ مَسْرُوْرُوْنَ بِيْ
5	أَضَلَلْتَ الطَّرِ يْقَ تَارَةً ؟	لَا ، مَاضَلَلْتُ الطَّرِ يْقَ أَبَدًا .
6	أَتَضُرُّ النَّاسَ ؟	لَا ، لَا أَضُرُّ النَّاسَ .
7	أَضَرَرْتَ أَحَدًا ؟	لَا ، مَاضَرَرْتُ أَحَدًا
8	أَ تَدُوْمُ الدُّنْيَا ؟	لَا ، لَا تَدُوْمُ الدُّنْيَا .
9	أَتَدُوْمُ الْحَسَنَاتُ؟	نَعَمْ : تَدُوْمُ الْحَسَنَاتُ
10	مَنْ يَدُوْمُ ؟	يَدُوْمُ اللهُ .
11	أَرَدَدْتَ نَصِيْحَةً ؟	لَا ، مَارَدَدْتُ نَصِيْحَةً
12	أَمَسَسْتَ سُوْءً ؟	لَا ، مَامَسَسْتُ سُوْءً
13	أَتَمُدُّ يَدَكَ لِلسُّوَالِ ؟	لَا ، لَا أَمُدُّ يَدِيْ لِلسُّوَالِ
14	أَتَوَدُّوْنَ الدِّيَانَةَ ؟	نَعَمْ : نَوَدُّ الدِّيَّانَةَ.
15	أَيُّهَا الْبَنَاتُ ! أَتَمْدُدْنَ يَدَ	لَا ، لَا نَمُدُّ يَدَ السُّوَالِ إِلىٰ أَحَدٍ .

	السُّوَالِ إِلىٰ أَحَدٍ؟	

ترجمہ کرو

شمار	اردو	عربی
1	لڑکو! اپنے کام سے ہم کو خوش کرو۔	أَيُّهَا الأَوْلَادُ! سُرُّوْنَا بِأَعْمَالِكُمْ.
2	سیدھے راستے سے نہ ہٹو۔	وَلَا تَضُلُّوا بِصِرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ
3	اے تونگروں حج کرو کیوں کہ وہ ہر مسلم پر فرض ہے۔	يَا أَيُّهَا الأَغْنِيَاءُ! حُجُّوا لِأَنَّهٗ فَرْضٌ عَلىٰ كُلِّ مُسْلِمٍ
4	لیکن اس کو تفریح نہ سمجھو۔	لٰكِنْ لَا تَظُنُّوْهُ نُزْهَةً
5	اس میں بہت منافع ہیں اور حکم ہیں۔	فِيْهِ فَوَائِدُ كَثِيْرَةٌ وَالْحِكَمُ.
6	ان پر اچھی طرح غور کرو۔	فَكِّرُوا فِيْهَا بِجَيِّدٍ
7	ہمیشہ کوشش کرو کیوں کہ کوشش کامیابی کا وسیلہ ہے۔	اِسْعَوا دَائِمًا لِأَنَّ السَّعْيَ وَسِيْلَةُ النَّجَاح
8	کسی کی برائی نہ چاہو۔	لَا تَوَدُّوا سُوْءَ أَحَدٍ
9	ہم اللہ کی طرف دستِ سوال دراز کرتے ہیں۔	نَمُدُّ أَيْدِيْنَا إِلىَ اللهِ لِلسُّوَالِ
10	دوستو! اٹھو اور دیکھو کہ فضا میں پرندے کیسے چہچہا رہے ہیں۔	أَيُّهَا الأَصْدِقَاءُ! قُوْمُوا وَانْظُرُوا كَيْفَ تَغْرِدُ الطُّيُوْرُ فِي الْجَوِّ

11	اس کو دیکھو اور خوش ہو۔	وَانْظُرُهَا وَافْرَحُوا
12	اے لڑکی! تو بھی کوشش کر اور جان لے خیال کر کہ وہ صرف لڑکوں کے لیے ہی نہیں ہے۔	يَاأَيَّتُهَا الْبِنْتُ ! جِدِّيْ أَيْضًا وَاعْمَلِيْ وَظَنِّيْ إِنَّمَا هُوَ لَيْسَ لِلْوِلْدَانِ فَقَطْ
13	اپنے عمل اور ادب سے خاندان کو خوش کر۔	وَسُرِّيْ الأُسْرَةَ بِعَمَلِكِ وَالأَدَبِ
14	اے اچھی لڑکیو! صبح نیند سے جلد اٹھو۔	أَيَّتُهَا الْبَنَاتُ الْعَزِيْزَةُ ! قُمْنَ مِنَ النَّوْمِ صَبَاحًا مُبَكِّرًا
15	اور اپنے رب کی عبادت کرو۔	وَاعْبُدْنَ رَبَّكُنَّ
16	برائی کے قریب مت ہو، کیوں کہ برائی تم پر مصیبتیں کھینچ لائے گی۔	وَلَا تَمْسُسْنَ سُوْءً لِأَنَّهُ يَجُرُّ عَلَيْكُنَّ الْمَصَائِبَ

ذیل کے صیغوں سے امر و نہی (مذکر و مؤنث) کے صیغے بناؤ

امر

مذکر واحد	مذکر جمع	مؤنث واحد	مؤنث جمع
ظُنَّ	ظُنُّوا	ظُنِّي	اَظْنُنَّ
حُجَّ	حُجُّوا	حُجِّي	اُحْجُجْنَ
مُدَّ	مُدُّوْا	مُدِّي	اُمْدُدْنَ
وَدَّ	وَدُّوا	وَدِّيْ	اِيْدَدْنَ
سُرَّ	سُرُّوْا	سُرِّيْ	اُسْرُرْنَ

حُدَّ	حُدُّوْا	حُدِّيْ	اُحْدُدْنَ
رُدَّ	رُدُّوا	رُدِّي	اُرْدُدْنَ
ضِلَّ	ضِلُّوا	ضِلِّيْ	اِضْلِلْنَ
ضُرَّ	ضُرُّوْا	ضُرِّيْ	اُضْرُرْنَ
مَسَّ	مَسُّوا	مَسِّي	اِمْسَسْنَ

ذیل کے افعال میں ماضی کا مضارع اور مضارع کی ماضی لکھو

ماضی	مضارع	ماضی	مضارع	ماضی	مضارع
مَلَّتْ	أَظُنُّ	وَدِدْتُّ	نَسُرُّ	ضَرَرْتِ	نَجِدُّ
مَسَسْنَا	تَوَدُّ	ضَلَلْتُمْ	تَضُرِّيْنَ	مَدَدْتُّ	يَضِلُّوْنَ
مَسِسْتُمْ	تَرُدُّوْنَ	ظَنَنْتُمْ	تَرْفُضُوْنَ	رَدَدتُّ	تَقُلْنَ
رَدَدْنَا	تَبِيْعُ	خِطْتُمْ	نَمُدُّ	بِعْنَا	تَرُوْحُوْنَ
جِئْتُ	تَخْبِزِيْنَ	أَجِدُ	تَحْلُبُوْنَ	وَصَلْتُمْ	تُرَدُّ
كَنَسْتَ	تَضُرُّوْنَ	عَجَنْتِ	نَسُرُّ	مَسَطتِّ	×
حَجَجْتِ	×	مَسِسْتُمْ	×	رُدِدْنَا	×
ضَرَرْتُ	×	سَرَرْتُ	×	×	×

درس(۷)

(خاف، یخافُ، نام، ینام وغیرہ اور سقیم افعال کا مجہول)

ذَاتَ لَيْلَةٍ رَاحَ فَرِيْدٌ إِلىٰ بَيْتِ صَدِيْقٍ رَشِيْدٍ وَكَانَ جَالِسًا عَلىٰ السَّرِيْرِ فَأَذِنَ لَهُ بِدُخُوْلِ الْبَيْتِ فَدَخَلَهُ وَأَخَذَ فِي الْمُحَادَثَةِ مَعَ رَشِيْدٍ إِلىٰ سَاعَةٍ.

فَرِيْدٌ : أَنَامَ إِخْوَانُكَ ؟ يَا رَشِيْدُ!

رَشِيْدٌ : لَا: يَا فَرِيْدُ! مَا نَامُوا إِلَى الآنَ بَلْ يَنَامُوْنَ بَعْدَ صَلوٰةِ الْعِشَاءِ.

فَرِيْدٌ : قِيْلَ لِيْ إِنَّكَ نِمْتَ ؟

رَشِيْدٌ : لَا، يَا صَدِيْقِيْ: إِنِّيْ لَا أَنَامُ قَبْلَ صَلوٰةِ الْعِشَاءِ.

فَرِيْدٌ : أَتَنَامُ أَنْتَ وَإِخْوَانُكَ تَحْتَ السَّمَاءِ فِيْ هٰذِهِ الأَيَّامِ؟

رَشِيْدٌ : نَعَمْ: نَنَامُ تَحْتَهَا لِأَنَّ الْحَرَّ شَدِيْدٌ.

فَرِيْدٌ : أَتَخَافُ الظَّلَامَ؟

رَشِيْدٌ : لَا: كَيْفَ أَخَافُهُ وَقَدْ قِيْلَ إِنَّ اللهَ يَكْلَأُنَا بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ.

فَرِيْدٌ : أَنِمْتَ تَارَةً وَأَنْتَ وَحِيْدٌ وَخِفْتَ مِنْ شَيْءٍ؟

رَشِيْدٌ : لَا: صَدِيْقِيْ: أَنَا مَا خِفْتُهُ قَطُّ.

فَرِيْدٌ : أَنَامَتْ أَخَوَاتُكَ؟

رَشِيْدٌ : نَعَمْ: هُنَّ نِمْنَ كَالْمُعْتَادِ.

فَرِيْدٌ : أَيَنَمْنَ قَبْلَ صَلوٰةِ الْعِشَاءِ؟

رَشِيْدٌ : نَعَمْ: يَنَمْنَ قَبْلَهَا لِأَنَّهُنَّ صَغِيْرَاتٌ.

فَرِيْدٌ : لِمَنْ هٰذِهِ الْفُرُشُ؟

رَشِيْدٌ : هٰذِهِ الْفُرُشُ لِإِخْوَانِيْ.

فَرِيْدٌ : أَيُّ الأَشْيَاءِ تَكُوْنُ فِي الْفُرُشِ؟

رَشِيْدٌ : تَكُوْنُ فِيْهَا الْحَشَايَا وَالْبُسُطُ وَالْوَسَائِدُ وَالدُّثُرُ.

ثُمَّ قَالَ فَرِيْدٌ لِصَدِيْقِهٖ نَمْ يَا رَشِيْدُ! فَقَدْ طَالَ الْوَقْتُ أَنَا أَشَاءُ الآنَ الرُّجُوْعَ إِلَى بَيْتِيْ ،فَإِنَّ النَّوْمَ يَغْلِبُنِيْ وَأَظُنُّ أَنَّهٗ يَغْلِبُكَ أَيْضًا فَقَامَ وَقَالَ لَهٗ وَلِإِخْوَانِهٖ :نَامُوا أَنْتُمْ أَيُّهَا الأَصْدِقَاءُ :فِيْ حِفْظِ اللهِ وَاللهُ خَيْرُ الْحَافِظِيْنَ ،ثُمَّ رَجَعَ إِلٰى بَيْتِهٖ .

ترجمہ: ایک رات فرید دوست رشید کے گھر گیا وہ تخت پر بیٹھا ہوا تھا، تو اس نے گھر آنے کی اجازت مانگی (بعد اجازت) وہ داخل ہوا اور ایک گھنٹہ تک رشید کے ساتھ گفتگو جاری رکھی۔

فرید :اے رشید! کیا تمھارے بھائی سو گئے ؟

رشید :نہیں، اے فرید! وہ اب تک نہیں سوئے بلکہ وہ عشا کی نماز کے بعد سوتے ہیں۔

فرید :مجھے بتایا گیا کہ تم سوگیے ہو؟

رشید :نہیں، اے میرے دوست! سچ مچ میں عشا کی نماز سے پہلے نہیں سوتا ہوں۔

فرید :کیا تم اور تمھارے بھائی ان دنوں میں آسمان کے نیچے سوتے ہو؟

رشید :ہاں: ہم اس کے نیچے سوتے ہیں کیوں کہ گرمی سخت ہے۔

فرید :کیا تم اندھیرے سے ڈرتے ہو؟

رشید :نہیں، کیسے میں اس سے ڈر سکتا ہوں جبکہ کہا گیا ہے کہ رات و دن اللہ تعالی ہماری حفاظت فرماتا ہے۔

فرید :کیا تم کبھی تنہا سوئے ہو اور کسی چیز سے ڈر گئے ہو؟

رشید :نہیں، میرے دوست، میں کبھی بھی نہیں ڈرا۔

فرید :کیا تمھاری بہنیں سوگئیں ؟

رشید :ہاں: وہ حسب معمول سوگئیں۔

فرید :کیا وہ عشا کی نماز سے پہلے سوتی ہیں ؟

رشید :ہاں: وہ اس سے پہلے سوتی ہیں اس لیے کہ وہ چھوٹی ہیں۔

فرید :یہ بستر کس کے ہیں ؟

رشید :یہ بستر میرے بھائیوں کے ہیں۔

فرید :کونسی چیزیں بستروں میں ہوتی ہیں ؟

رشید　:ان میں توشک، بچھونے، تکیے اور رضائی ہوتی ہیں۔

پھر فرید نے اپنے دوست سے کہا: اے رشید! سوجاؤ، وقت کافی ہوگیا اب میں گھر واپس جانا چاہتا ہوں کیوں کہ مجھے نیند آرہی ہے اور میرا خیال ہے کہ تمھیں بھی نیند آرہی ہے تو وہ کھڑا ہوا اس سے اور اس کے بھائیوں سے کہا: اے دوستوں! تم سب اللہ کی حفاظت میں سوجاؤ، اللہ بہترین حفاظت فرمانے والا ہے پھر وہ اپنے گھر کو واپس ہوا۔

حل لغات: سَرِیْرٌ: تخت، جمع سُرُرٌ۔ حَرٌّ: گرمی۔ یَکْلَأُ: (ف) نگہبانی کرنا، حفاظت کرنا۔ مُعْتَادٌ: وہ چیز جس کی عادت ہو، حسب معمول۔ فُرُشٌ: بستر، بچھونا، واحد فِرَاشٌ۔ حَشَایَا: توشک، بستر جس میں روئی وغیرہ بھری جائے، واحد حَشِیَّۃٌ۔ بُسُطٌ: بچھونا، فرش، سوزنی، واحد بِسَاطٌ۔ وَسَائِدُ: تکیہ، واحد وِسَادَۃٌ۔ دُثُوْرٌ: رضائی، کمبل، واحد دَثَارٌ۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	أَیْنَ رَاحَ فَرِیدٌ وَمَتیٰ؟	رَاحَ فَرِیْدٌ إِلیَ بَیْتِ صَدِیْقِ رَشِیْدٍ فِيْ لَیْلَۃٍ.
2	مَنْ کَانَ جَالِسًا عَلیَ السَّرِیْرِ؟	کَانَ رَشِیْدٌ جَالِسًا عَلیَ السَّرِیْرِ
3	أَدَخَلَ الْبَیْتَ بِدُوْنِ إِذْنٍ؟	لَا، مَادَخَلَ الْبَیْتَ بِدُوْنِ إِذْنٍ.
4	مَتیٰ یَنَامُ إِخْوَانُ رَشِیْدٍ؟	یَنَامُ إِخْوَانُ رَشِیْدٍ بَعْدَ صَلوٰۃِ الْعِشَاءِ.
5	أَنِمْتَ قَبْلَ الْمَغْرِبِ تَارَۃً؟	لَا، مَا نِمْتُ قَبْلَ الْمَغْرِبِ قَطُّ.
6	أَتَنَامُوْنَ یَا أَصْدِقَائِيْ فِي النَّھَارِ؟	لَا، لَا نَنَامُ فِي النَّھَارِ.

7	مَنْ يَكْلَأُكُمْ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ	اَللّٰهُ يَكْلَأُنَا بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ.
8	مِنْ أَيِّ شَيْءٍ تَخَافُ ؟	لَا أَخَافُ مِنْ شَيْءٍ.
9	أَخِفْتَ الظَّلَامَ ؟	لَا، مَا خِفْتُ الظَّلَامَ.
10	تَخَافُ الْبَنَاتُ الظَّلَامَ ؟	تَخَافُ بَعْضُ الْبَنَاتِ الظَّلَامَ
11	أَتَنَامُ كُلَّ يَوْمٍ كَالْمُعْتَادِ؟	نَعَمْ: نَنَامُ كُلَّ يَوْمٍ كَالْمُعْتَادِ.

ذیل کی ضمیروں کے لحاظ سے ماضی اور مضارع کے مناسب فعل لکھو

ماضی	مضارع	ماضی	مضارع
أَنْتَ قُمْتَ	أَنْتَ تَقُوْمُ	هُنَّ شِئْنَ	هُنَّ يَشَئْنَ
أَنْتُمْ شِئْتُمْ	أَنْتُمْ تَشَاؤُنَ	أَنْتُنَّ شِئْتُنَّ	أَنْتُنَّ تَشَئْنَ
نَحْنُ خِفْنَا	نَحْنُ نَخَافُ	أَنَا خِفْتُ	أَنَا أَخَافُ
أَنْتَ خِفْتَ	أَنْتَ تَخَافُ	أَنَا شِئْتُ	أَنَا أَشَاءُ
أَنْتُنَّ قُمْتُنَّ	أَنْتُنَّ تَقُمْنَ	هُمْ قَامُوا	هُمْ يَقُوْمُوْنَ
نَحْنُ شِئْنَا	نَحْنُ نَشَاءُ	هِيَ شَاءَتْ	هِيَ تَشَاءُ
أَنْتِ شِئْتِ	أَنْتِ تَشَائِيْنَ	هُنَّ خِفْنَ	هُنَّ يَخَفْنَ
هِيَ خَافَتْ		هِيَ تَخَافُ	

ترجمہ کرو

شمار	اردو	عربی
1	کیا تم نہیں خیال کرتے کہ تارے اللہ	أَلَا تَظُنُّوْنَ أَنَّ الْكَوَاكِبَ مِنْ

آيَاتِ اللهِ ؟	کی نشانیاں ہیں ؟	
أَنَا أَنَامُ فِي النَّهَارِ قَلِيْلًا	میں دن میں کم سوتا ہوں۔	2
.أَنِمْتَ فِي النَّهَارِ كَالْمُعْتَادِ سَاعَةً وَاحِدَةً ؟	کیا تم دن میں حسب عادت ایک گھنٹہ سوئے ؟	3
أَتَوَدُّ أَنْ تَقْرَءَ كُلَّ وَقْتٍ ؟	کیا تم ہر وقت پڑھنا چاہتے ہو۔	4
أَنَا لَا أَخَافُ أَحَدًا	میں کسی سے نہیں ڈرتا۔	5
هٰؤُلَاءِ النَّاسُ يَخَافُونَ اللُّصَّ	یہ لوگ چور سے ڈرتے ہیں۔	6
يَنَامُ الْخَلِيْعُ فِي مَخْفَرِ الشُّرْطَةِ فِي اللَّيْل	اوباش پولیس کے تھانے میں رات میں سوتے ہیں۔	7
ذَاتَ لَيْلَةٍ مَانِمْتُ بِسَبَبٍ	ایک رات میں کسی سبب سے نہیں سویا۔	8
هٰذَا الْبَيْتُ يُبَاعُ	یہ مکان بک رہا ہے۔	9
أَنَضِجَتْ أَثْمَارُ حَدِيْقَتِكَ ؟	کیا تمھارے باغ کے پھل پک گیے ہیں ؟	10
تَهُبُّ الرِّيَاحُ فِي الصَّبَاحِ وَتَغْرِدُ الطُّيُورُ	صبح میں ہوائیں چلتی ہیں اور پرندے چہچہاتے ہیں۔	11
مَا نِمْتَ إِلَى الْآنَ اَخِيْ !	برادر! تم اب تک نہیں سوئے۔	12
لَا تَقْرَأْ هٰكَذَا لِأَنَّهُ يَضُرُّ صِحَتَّكَ	اس طرح نہ پڑھو کیوں کہ وہ تمھاری صحت کو نقصان پہنچائے گا۔	13

14	اب وقت بہت ہو گیا اٹھو جاؤ اور بستر پر آرام سے سو جاؤ۔	قَدْ طَالَ الْوَقْتُ الآنَ قُوْمُوا وَ نَامُوا عَلَى الْبِسَاطِ بِالرَّاحَةِ
15	بلانکٹ، تکیے اور رضائی بستر پر رکھی ہوئی ہے۔	وُضِعَ الْكِسَاءُ وَالْوَسَائِدُ وَالدِّثَارُ عَلَى الْبِسَاطِ
16	بچو! اللہ کی حفاظت میں سو جاؤ اور کسی چیز سے نہ ڈرو کیوں کہ خدا تمھاری نگہبانی کرتا ہے۔	أَيُّهَا الأَوْلَادُ! نَامُوا فِيْ كِلَاءِ اللهِ وَلَا تَخَافُوا شَيْئًا لِأَنَّ اللهَ يَكْلَأُكُمْ
17	کہا جاتا ہے کہ میری بہنیں اندھیرے سے ڈرتی ہیں۔	يُقَالُ إِنَّ أَخَوَاتِيْ يَخَفْنَ الظَّلَامَ
18	کہا گیا ہے کہ یہ چھوٹی لڑکی گرمی کے سبب نہیں سو رہی ہے۔	قَدْ قِيْلَ إِنَّ هٰذِهِ الْبِنْتَ الصَّغِيْرَةَ لَا تَنَامُ بِالْحَرِّ
19	آج سخت گرمی ہے ہوا بھی نہیں چل رہی ہے۔	اَلْيَوْمَ اَلْحَرُّ شَدِيْدٌ وَلَا تَهُبُّ الرِّيْحُ
20	کیا یہ سب اللہ کی قدرت سے نہیں ہیں	أَكُلُّ شَيْءٍ لَيْسَ مِنْ آيَاتِ اللهِ ؟

درس (۸) (اسم تثنیہ)

كِتَابٌ. كِتَابَانِ. وَلَدٌ. وَلَدَانِ. يَدٌ. يَدَانِ. عَيْنٌ. عَيْنَانِ. فِي الْكِتَابَيْنِ. لِلْوَالِدَيْنِ. مِنَ الْيَدَيْنِ. بِالْعَيْنَيْنِ. دَرْسُ الْكِتَابَيْنِ. خُلُقُ الْوَالِدَيْنِ. قُوَّةُ الْيَدَيْنِ. فَوْقَ الْعَيْنَيْنِ. قَرَأْتُ الْكِتَابَيْنِ. نَظَرْتُ الْوَلَدَيْنِ. رَفَعْتُ الْيَدَيْنِ.

كَمْ يَدًا لَكَ ؟ لِيْ يَدَانِ .كَمْ كَفًّا لَكَ ؟لِيْ كَفَّانِ.كَمْ مِرْفَقًا لَكَ ؟ لِيْ مِرْفَقَانِ.كَمْ عَينًا لَكَ ؟لِيْ عَيْنَانِ.كَمْ أُذْنًا لَكَ ؟لِيْ أُذْنَانِ.كَمْ عُنُقًا لَكَ ؟لِيْ عُنُقٌ وَاحِدٌ .كَمْ رِجْلًا لَكَ ؟لِيْ رِجْلَانِ.كَمْ سَاقًا لَكَ ؟لِيْ سَاقَانِ.كَمْ رُكْبَةً لَكَ ؟لِيْ رُكْبَتَانِ.كَمْ كَعْبًا لَكَ ؟لِيْ كَعْبَانِ.مَاذَا تَفْعَلُ بِالْعَيْنَيْنِ؟ أَنْظُرُ بِهِمَا .مَاذَا تَفْعَلُ بِالأُذْنَيْنِ ؟ اَسْمَعُ بِهِمَا .مَاذَا تَفْعَلُ بِالرِّجْلَيْنِ؟ أَسِيْرُ بِهِمَا حَيْثُ أَشَاءُ .

أَخْدِمُ الْوَالِدَيْنِ لِلسَّعَادَةِ فِي الدَّارَيْنِ فَإِنَّ خِدْمَةَ الْوَالِدَيْنِ وَاجِبَةٌ عَلَى الْوَلَدِ فَلَا أَقُوْلُ لَهُمَا أُفٍّ وَلَا أَنْهَرُ هُمَا وَلَا أَرْفَعُ صَوْتِيْ عِنْدَهُمَا فَإِنَّ ذٰلِكَ مِنْ سُوْءِ الأَدَبِ .

ترجمہ: ایک کتاب۔دوکتابیں۔ایک لڑکا۔دولڑکے۔ایک ہاتھ۔دوہاتھ۔ایک آنکھ۔دو آنکھیں۔دوکتابوں میں۔والدین کے لیے۔دوہاتھوں سے۔دوآنکھوں سے۔ دو کتابوں کا سبق۔والدین کے اخلاق۔دوہاتھوں کی طاقت۔دوآنکھوں کے اوپر۔میں نے دو کتابوں کوپڑھا۔میں نے دولڑکوں کودیکھا۔میں نے دونوں ہاتھوں کواٹھایا۔

تمھارے کتنے ہاتھ ہیں؟میرے دوہاتھ ہیں۔تمھاری کتنی ہتھیلی ہیں؟میری دو ہتھیلی ہیں۔تمھاری کتنی کہنیاں ہیں؟میری دو کہنیاں ہیں۔تمھاری کتنی آنکھیں ہیں؟میری دوآنکھیں ہیں۔تمھارے کتنے کان ہیں؟میرے دو کان ہیں۔تمھاری کتنی گردن ہیں؟میری ایک گردن ہے۔تمھارے کتنے پیر ہیں؟میرے دوپیر ہیں۔تمھاری کتنی پنڈلیاں ہیں؟میری دوپنڈلیاں ہیں۔تمھارے کتنے گھٹنے ہیں؟میرے دو گھٹنے ہیں۔تمھارے کتنے ٹخنے ہیں؟میرے دوٹخنے ہیں۔آنکھوں سے تم کیا کرتے ہو؟میں ان سے دیکھتا ہوں۔تم دونوں کانوں سے کیاکرتے ہو؟میں ان دونوں سے سنتا ہوں۔تم دونوں پیروں سے کیاکرتے ہو؟میں ان دونوں سے جہاں چاہتا ہوں جاتا ہوں۔

میں دنیاوآخرت کی نیک بختی کے لیے والدین کی خدمت کرتا ہوں،کیوں کہ والدین کی خدمت لڑکے پر ضروری ہے نہ میں انھیں اف کہتا ہوں اور نہ ڈانٹتا ہوں اور نہ ان کے سامنے اپنی آواز بلند کرتا ہوں کیوں کہ یہ بے ادبی ہے۔

حل لغات: کَفٌّ: ہتھیلی، جمع اَکُفٌّ۔مِرْفَقٌ: کہنی، جمع مَرَافِقُ۔اُذُنٌ: کان، جمع آذَانٌ۔عُنُقٌ: گردن، جمع اَعْنَاقٌ۔رِجْلٌ: پیر، جمع اَرْجُلٌ۔ سَاقٌ: پنڈلی، جمع سِیْقَانٌ۔ رُکْبَۃٌ: گھٹنا، جمع رُکَبٌ۔کَعْبٌ: ٹخنہ، جمع کُعُوْبٌ۔اَنْہَرَ: (ف)ڈانٹنا، جھڑکنا۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	هَلْ لَكَ وَالِدَانِ (أَبٌ وَأُمٌّ)؟	نَعَمْ: لِيْ وَالِدَيْنِ (أَبٌ وَأُمٌّ).
2	لِمَاذَا تَخْدِمُ الْوَالِدَيْنِ؟	أَخْدِمُ الْوَالِدَيْنِ لِلسَّعَادَةِ فِي الدَّارَيْنِ
3	هَلْ هُمَا شَفِيْقَانِ عَلَيْكَ؟	نَعَمْ: هُمَا شَفِيْقَانِ عَلَيَّ
4	كَيْفَ حَالُهُمَا؟	حَالُهُمَا طَيِّبٌ
5	هَلْ هُمَا طَيِّبَانِ؟	نَعَمْ: هُمَا طَيِّبَانِ.
6	أَقُلْتَ لَهُمَا أُفٍّ تَارَةً؟	لَا، مَاقُلْتُ لَهُمَا أُفٍّ قَطُّ.
7	أَنَهَرْتَ الْوَالِدَيْنِ؟	لَا: مَا نَهَرْتُ وَالِدَيْنِ.
8	أَتَخْدِمُ الْوَالِدَيْنِ	نَعَمْ: أَخْدِمُ الْوَالِدَيْنِ.
9	هَلْ لِلإِنْسَانِ رِجْلَانِ وَ يَدَانِ؟	نَعَمْ: لِلإِنْسَانِ رِجْلَانِ وَ يَدَانِ.
1o	مَاذَا يَفْعَلُ بِهِمَا؟	يَسِيْرُ بِالرِّجْلَيْنِ وَ يَأْخُذُ بِالْيَدَيْنِ.
11	هَلْ لَهٗ عُنُقَانِ؟	لَا، بَلْ لَهٗ عُنُقٌ وَاحِدٌ.

12	هَلْ لَهٗ سَاقٌ وَاحِدَةٌ؟	لَا، بَلْ لَهٗ سَاقَانِ.
13	بِأَيِّ شَيْءٍ يُنْظَرُ ؟	يُنْظَرُ بِالْعَيْنَيْنِ .
14	بِأَيِّ شَيْءٍ يُسْمَعُ ؟	يُسْمَعُ بِالأُذُنَيْنِ.
15	بِأَيِّ شَيْءٍ تَسِيْرُ ؟	أَسِيْرُ بِالرِّجْلَيْنِ.

ترجمہ کرو

شمار	اردو	عربی
1	قرآن مجید میں کتنے سجدے ہیں؟	كَمْ سَجْدَةً فِي الْقُرْآنِ الْمَجِيْدِ ؟
2	نماز میں کتنی شرطیں ہیں؟	كَمْ شَرْطًا فِي الصَّلٰوةِ ؟
3	دنیا میں کتنے اچھے آدمی ہیں؟	كَمْ رَجُلًا جَيِّدًا فِي الدُّنْيَا ؟
4	کتنی دفعہ تم نے اپنے والد کے ساتھ حج کیا؟	كَمْ مَرَّةً حَجَجْتَ مَعَ أَبِيْكَ ؟
5	کتنے دن بعد تمھارے والد بمبئی سے واپس ہوں گے ؟	كَمْ بَعْدَ يَوْمٍ يَرْجِعُ أَبُوْكَ مِنْ مُمْبَئِ ؟
6	تمھاری کتابیں کتنے مہینوں میں تمام ہوں گی؟	فِيْ كَمْ أَشْهُرٍ تَتِمُّ كُتُبُكَ ؟
7	آپ کی کاپی میں کتنے صفحے ہیں؟	كَمْ صَفْحَةً فِيْ كُرَّاسَتِكَ ؟
8	درزی کتنے دن میں ہماری شروانیاں	كفِيْ كَمْ يَوْمٍ يَخِيْطُ الْخَيَّاطُ جُبَابِنَا

	،کرتے اور پاجامے سیے گا؟	وَالْقُمْصَانَ وَالسَّرَاوِيْلَ ؟
9	میں جہاں چاہتا ہوں جاتا ہوں۔	أَسِيْرُ حَيْثُ أَشَاءُ ؟
10	دو رکعتوں میں کتنے سجدے ہیں؟	كَمْ سَجْدَةً فِيْ رَكْعَتَيْنِ ؟
11	میں والدین کو نہیں چھوڑوں گا، میں ان کے ساتھ رہوں گا وہ جہاں جائیں گے جاؤں گا۔	لَا اَتْرُكُ الوَالِدَيْنِ اَسْكُنُ مَعَهُمَا حَيْثُ يَسِيْرَانِ
12	کیا آپ کے پاس دو قلم تراش ہیں؟	أَعِنْدَكَ مِبْرَأَتَانِ ؟
13	تم دو کہنیوں اور دو گھٹنوں سے کیا کرتے ہو؟	مَاذَا تَفْعَلُ بِالْمِرْفَقَيْنِ وَالرُّكْبَتَيْنِ ؟
14	پولیس کے تھانے میں دو آدمی میں نے دیکھے میں خیال کرتا ہوں کہ وہ چور ہیں۔	رَأَيْتُ رَجُلَيْنِ فِيْ مَخْفَرِ الشُّرْطَةِ أَظُنُّ أَنَّهُمَا سَارِقَانِ
15	والدین بڑی نعمت ہیں وہ اپنی اولاد پر مہربان ہیں۔	اَلْوَالِدَانِ نِعْمَتَانِ عَظِيْمَتَانِ هُمَا مُشْفِقَانِ عَلَى الأَوْلَادِ

ماضی کا مضارع اور مضارع کی ماضی لکھو

ماضی	مضارع	ماضی	مضارع	ماضی	مضارع
خَافَتْ	نَنَامُ	زِلْنَا	تَزَالُ	نِمْتُ	زِلْتُمْ
قِيْلَ	يَزَالُوْنَ	سُرَّتْ	أَشَاءُ	سُمِعَ	يَخَفْنَ

وُدِدْتُمْ	تَشَئْنَ	مُدِدْتَ	أَخَافُ	خِفْتِ	تُبَاعُ
×	أَوَدُّ	×	تَنَامِيْنَ		

درس (۹) فعل تثنیہ وضمائر

خَالِدٌ :يَسْأَلُ التِّلْمِيْذَيْنِ عَنِ الإِمْتِحَانِ وَ النَّجَاحِ فِيْهِ

خَالِدٌ :هَلْ أَنْتُمَا فَرِحَانِ أَيُّهَا التِّلْمِيْذَانِ؟

مَاجِدٌ :(وَهُوَ أَحَدُ الْوَلَدَيْنِ) نَعَمْ: نَحْنُ فَرِحَانِ جِدًّا .

خَالِدٌ :أَنَجَحْتُمَا فِيْ اِمْتِحَانِكُمَا ؟

مَاجِدٌ :نَعَمْ: نَجَحْنَا فِيْهِ مِنْ فَضْلِ اللهِ وَنِلْنَا جَائِزَتَيْنِ أَيْضًا مِنْ نَاظِرِ الْمَدْرَسَةِ.

خَالِدٌ :أَتَعْرِفَانِ حَمِيْدًا وَ مَجِيْدًا ؟

مَاجِدٌ :نَعَمْ: نَعْرِفُهُمَا إِنَّهُمَا وَلَدَانِ طَيِّبَانِ وَهُمَا أَيْضًا نَجَحَا فِي الإِمْتِحَانِ

خَالِدٌ :أَنَالَا جَائِزَةً فِي الإِمْتِحَانِ ؟

مَاجِدٌ :لَا :مَانَالَا جَائِزَةً بَلْ نَجَحَا فَقَطْ لِأَنَّهُمَا مَرِضَا قَبْلَ الإِمْتِحَانِ وَ لَزِمَ الْفِرَاشَ.

خَالِدٌ :أَنَجَحَتْ عَابِدَةُ وَزَاهِدَةُ فِي الإِمْتِحَانِ ؟

مَاجِدٌ :نَعَمْ: هُمَا أَيْضًا نَجَحَتَا وَ نَالَتَا أَرْقَامًا كَثِيْرَةً .

خَالِدٌ :أَهُمَا جَيِّدَتَانِ فِي التَّرْبِيَّةِ الْمَنْزِلِيَّةِ ؟

مَاجِدٌ :نَعَمْ: هُمَا جَيِّدَتَانِ فِيْهَا .

خَالِدٌ :أَتَنَالَانِ جَائِزَةً فِيْهَا دَائِمًا ؟

مَاجِدٌ :نَعَمْ: تَنَالَانِ جَائِزَتَيْنِ فِي التَّطْرِيْزِ وَالْخِيَاطَةِ دَائِمًا .

خَالِدٌ : مَاشُغْلُهُمَا الآنَ ؟

مَاجِدٌ : لَيْسَ لَهُمَا شُغْلٌ هَامٌّ إِلَّا أَنَّهُمَا تَخِيْطَانِ السَّرَاوِيْلَ وَالْقُمْصَانَ مَعَ أُمِّهِمَا.

خَالِدٌ :أَلَهُمَا وَلَعٌ بِالْخِيَاطَةِ ؟

مَاجِدٌ :نَعَمْ: لَهُمَا وَلَعٌ شَدِيْدٌ بِهَا.

خَالِدٌ :مِنَ الْعَجِيْبِ لَهُمَا وَلَعٌ بِأَعْمَالِ الْبَيْتِ مَعَ الدِّرَاسَةِ .

مَاجِدٌ :لَا تَعْجَبْ يَا خَالِدُ ! لِأَنَّ أَعْمَالَ الْبَيْتِ لَهَا أَهْمِيَّةٌ كَبِيْرَةٌ وَرَغْبَةُ الْبَنَاتِ عَنْهَا تَجُرُّ عَلَيْهِنَّ سُوْءَ الْعَاقِبَةِ وَمِنَ الأَسَفِ أَنَّ أَكْثَرَ الْبَنَاتِ لَا يَمِلْنَ إِلَيْهَا وَمَا فِيْهَا مِنْ نَقِيْصَةٍ وَلَا عَارٍ .

ترجمہ

خالد :دوطالب علموں سے امتحان اور اس میں کامیابی کے تعلق سے پوچھتا ہے۔

خالد :اے دونوں طالب علموں! کیا تم دونوں خوش ہو؟

ماجد :(اور وہ ان لڑکوں میں سے ایک ہے کہتا ہے) ہاں: ہم بہت خوش ہیں۔

خالد :کیا تم دونوں امتحان میں کامیاب ہوئے ؟

ماجد :ہاں: اللہ کے فضل سے ہم اس میں کامیاب ہوئے اور ہم نے ہیڈ ماسٹر سے دو انعام بھی پائے۔

خالد :کیا تم دونوں حمید اور مجید کو جانتے ہو؟

ماجد :ہاں: ہم انھیں جانتے ہیں وہ دونوں اچھے لڑکے ہیں اور وہ بھی امتحان میں کامیاب ہوئے۔

خالد :کیا ان دونوں نے امتحان میں کوئی انعام نہیں پایا؟

ماجد :نہیں، ان دونوں نے کوئی انعام نہیں پایا بلکہ صرف کامیاب ہوئے کیوں کہ وہ دونوں امتحان سے پہلے بیمار ہو گئے تھے اور بستر پکڑ لیا تھا۔

خالد :کیا عابدہ اور زاہدہ امتحان میں کامیاب ہوئیں ؟

ماجد :ہاں: وہ دونوں بھی کامیاب ہوئیں اور بہت نمبر حاصل کئے۔

خالد :کیا وہ دونوں امور خانہ داری میں اچھی ہیں؟
ماجد :ہاں: وہ دونوں اس میں اچھی ہیں۔
خالد :کیا وہ اس (امور خانہ داری) میں انعام حاصل کرتی ہیں؟
ماجد :ہاں: وہ دونوں کشیدہ کاری اور سلائی میں ہمیشہ انعام پاتی ہیں۔
خالد :اب ان دونوں کا کام کیا ہے؟
ماجد :ان دونوں کے اہم کام یہ ہیں کہ وہ اپنی ماں کے ساتھ پائجامے اور کرتے سلتی ہیں۔
خالد :کیا ان دونوں کو سلائی کا شوق ہے؟
ماجد :ہاں: انھیں سلائی کا کافی شوق ہے۔
خالد :تعجب ہے کہ انھیں تعلیم کے ساتھ گھر کے کاموں کا شوق ہے۔
ماجد :اے خالد! تعجب نہ کر، کیوں کہ گھر کے کاموں کی بڑی اہمیت ہے اور ان سے لڑکیوں کی بے رغبتی برے انجام کو کھینچ لاتی ہے افسوس ہے کہ اکثر لڑکیاں گھر کے کاموں کی طرف مائل نہیں ہوتیں جبکہ ان میں کوئی عیب اور عار نہیں ہے۔

حل لغات: نَالَ (ف) پانا۔ جَائِزَۃٌ: انعام، جمع جَوَائِزُ۔ نَاظِرُ الْمَدْرَسَۃِ: ہیڈ ماسٹر، پرنسپل، صدر مدرس۔ اَرْقَامٌ: نمبر، واحد رَقْمٌ۔ اَلتَّرْبِیَّۃُ الْمَنْزِلِیَّۃُ: امور خانہ داری۔ تَطْرِیْزٌ: کشیدہ کاری۔ ھَامٌّ: اہم۔ وَلَعٌ: شوق و شغف۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	مَنْ سَأَلَ التِّلْمِیْذَیْنِ عَنْ اِمْتِحَانِہِمَا؟	خَالِدٌ سَأَلَ التِّلْمِیْذَیْنِ عَنْ اِمْتِحَانِہِمَا
2	مَنْ مَاجِدٌ؟	ھُوَ أَحَدُ الْوَلَدَیْنِ

3	مَاذَا نَالَ الْوَلَدَانِ ؟	نَالَا جَائِزَتَيْنِ .
4	كَيْفَ حَمِيْدٌ وَمَجِيْدٌ ؟	هُمَا وَلَدَانِ طَيِّبَانِ .
5	هَلْ نَالَا جَائِزَتَيْنِ ؟	لَا ،مَا نَالَا جَائِزَتَيْنِ .
6	لِمَا ذَا الزَّمَا الْفِرَاشَ ؟	لِاَنَّهُمَا مَرِضَا قَبْلَ الْاِمْتِحَانِ .
7	هَلْ لَكَ أَخَوَانِ كَيْفَ هُمَا ؟	نَعَمْ: لِيْ أَخَوَانِ هُمَا طَيِّبَانِ
8	فِيْ أَيِّ مَدْرَسَةٍ هُمَا ؟	هُمَا فِيْ مَدْرَسَةِ فَيْضِ الرَّسُوْلِ
9	أَيَنْجَحَانِ فِيْ كُلِّ اِمْتِحَانٍ ؟	نَعَمْ : يَنْجَحَانِ فِيْ كُلِّ اِمْتِحَانٍ .
10	أَلَهُمَا وَلَعٌ بِالصَّلٰوةِ ؟	نَعَمْ: لَهُمَا وَلَعٌ بِالصَّلٰوةِ .
11	هَلْ هُمَا جَيِّدَانِ فِيْ تِلَاوَةِ الْقُرْآنِ ؟	نَعَمْ :هُمَا جَيِّدَانِ فِيْ تِلَاوَةِ الْقُرْآنِ .
12	بِأَيِّ شَيْءٍ تُخَاطُ الثِّيَابُ ؟	تُخَاطُ الثِّيَابُ بِالْخَيْطِ .

ترجمہ کرو

شمار	اردو	عربی
1	اے لڑکیو! تم کیا کر رہی ہو؟	يَاأَيَّتُهَا الْبَنَاتُ ! مَاذَا تَفْعَلْنَ ؟
2	کیا تم اچھی ہو؟	أَأَنْتُنَّ جَيِّدَاتٌ ؟
3	تمھارے والد کہاں ہیں؟	أَيْنَ آبَاءُكُنَّ ؟
4	کیا تمھارے ماموں حج سے واپس آ گیے؟	أَرَجَعَ خَالُكُنَّ مِنَ الْحَجِّ ؟
5	کیا تم نے کسی کو ضرر پہنچایا؟	أَضَرَرْتُنَّ أَحَدًا؟

6	کیا تم سمجھتی ہو کہ تم نے ہر ایک کے ساتھ نیکی کرنا چاہیے؟	أَتَظُنَّ أَنَّكُنَّ تَفْعَلْنَ الْبِرَّ مَعَ كُلِّ شَخْصٍ ؟
7	کیا تم دونوں کو آنکھ مچولی کا شوق ہے؟	أَلَكُمَا وَلَعٌ بِلُعْبَةِ الْغُمَّيْضَةِ ؟
8	کیا تمھاری دو بہنیں ہیں؟	هَلْ لَكُمَا اِخْوَتَانِ ؟
9	کہو وہ سینے پکانے میں کیسی ہیں؟	قُوْلَا كَيْفَ هُمَا فِي الْخِيَاطَةِ وَالطَّبَاخَةِ ؟
10	کیا انہوں نے کبھی ترکاری کا سالن یا انڈوں کا سالن پکایا؟	أَطَبَخَتَا إِدَامَ الْبَقْلِ أَوْ إِدَامَ الْبَعْضِ تَارَةً ؟
11	میری شیروانی اور پاجامے اب تک نہیں سیے گیے۔	مَا خِيْطَتْ جُبَّتِيْ وَالسَّرَاوِيْلُ إِلَى الآنَ
12	کب تک سیے جائیں گے؟	إِلٰى مَتٰى تُخَاطُهَا ؟
13	حمید اور مجید فریش ہو گیے کیوں کہ انہوں نے امتحان کے لیے بہت محنت کی۔	فَرِحَ حَامِدٌ وَّ مَجِيْدٌ لِأَنَّهُمَا جَدَّا كَثِيْرًا لِلْإِمْتِحَانِ
14	سنا گیا ہے کہ وہ مبارک راتوں میں نہیں سوتے۔	قَدْ سُمِعَ أَنَّهُمَا لَا يَنَامَانِ فِي اللَّيَالِي الْمُبَارَكَةِ
15	انہیں قرآن پڑھایا جاتا ہے، اور سنایا جاتا ہے۔	يُقْرَأُهُمَا الْقُرْآنُ وَ يُسْمَعُ
16	دو مرتبہ میں نے اُن سے پوچھا کیسے	سَئَلْتُهُمَا مَرَّتَيْنِ كَيْفَ جَاءَا ؟

	آئے؟	
17	توانہوں نے کہا آپ سے ملاقات کے لیے آئے ہیں۔	فَقَالَا قَدْ جِئْنَا لِلِقَائِكَ
18	میں ان کے جواب سے خوش ہوا اوران سے باتیں کرنے لگا۔	فَرِحْتُ بِجَوَابِهِمَا وَأَخَذْتُهُمَا فِي الْمُحَادَثَةِ
19	فجر کے فرض دو رکعتیں ہیں ان مین دو طویل سورتیں پڑھی جاتی ہیں۔	فَرْضُ الْفَجرِ رَكْعَتَانِ تُقْرَءُ السُّوْرَتَانِ الطَّوِيْلَتَانِ فِيْهَا
20	ایک رکعت میں ہم دو مرتبہ سجدہ کرتے ہیں۔	نَسْجُدُ مَرَّتَيْنِ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ.

درس (۱۰) عدد اصلی

وَاحِدٌ. (أَحَدٌ)، إِثْنَانِ، ثَلٰثٌ، أَرْبَعٌ، خَمْسٌ، سِتٌّ، سَبْعٌ، ثَمَانٌ (ثَمَانِي) ، تِسْعٌ، عَشْرٌ.

إِحْدىٰ (وَاحِدَةٌ)، إِثْنَانِ، ثَلَاثَةٌ، أَرْبَعَةٌ، خَمْسَةٌ، سِتَّةٌ، سَبْعَةٌ، ثَمَانِيَةٌ، تِسْعَةٌ، عَشَرَةٌ، كِتَابٌ، كِتَابَانِ، ثَلَاثَةُ اَلْفَاظٍ، أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ، خَمْسَةُ أَوْلَادٍ، سِتَّةُ أَيَّامٍ، سَبْعَةُ أَبْحُرٍ، ثَمَانِيَةُ دُرُوْسٍ، تِسْعَةُ مُلُوْكٍ، عَشَرَةُ صُفُوْفٍ.

ثَلَاثُ رَكْعَاتٍ. أَرْبَعُ سَنَوَاتٍ. خَمْسُ سَاعَاتٍ. سِتُّ ثَمَرَاتٍ. سَبْعُ بَقَرَاتٍ. ثَمَانِيْ طَاوِلَاتٍ. تِسْعُ دَجَاجَاتٍ. عَشْرُ تِلْمِيْذَاتٍ.

عَادَ حَمِيْدٌ بَعْدَ سِتَّةِ أَشْهُرٍ مِنْ بُومَبَائِي فَجَمَعَ بَعْدَ خَمْسَةِ أَيَّامٍ أَصْدِقَاءَهُ وَقَالَ لَهُمْ.

"یاأَصْدِقَائِي"أَنَا أَوَدُّ الذَّهَابَ إِلَى "عُثْمَان سَاغر" لِلنُّزْهَةِ ، أَتَصْحَبُونِيْ ؟فَقَالُوا: نَعَمْ:إِنَّا إِلَيْهَا لَرَاغِبُوْنَ.فَخَرَجَ حَمِيْدٌ مَعَ عَشَرَةِ أَصْحَابٍ لَهُ فِي عَرَ بَتَينِ جَمِيْلَتَيْنِ بَعْدَ سَبْعَةِ أَيَّامٍ إِلىٰ خَزَّانِ "عُثَمان ساغر" وَوَصَلُوا إِلَيْهِ فِيْ ثَلَاثِ سَاعَاتٍ وَكَانَ مَعَهُمْ أَرْبَعَةُ خُدَّامٍ،فَكُلُّ الأَوْلَادِ بَعْدَ الْفُطُوْرِ أَخَذُوا فِي الطَّبْخِ ،فَطَبَخُوا فِيْ ثَلَاثِ سَاعَاتٍ طَعَامًا لَذِيْذًا مِنَ الرُّزِّ (الأَرُزِّ)وَاللَّحْمِ وَالسَّمَنِ ،فَبَعْدَ صَلوٰةِ الظُّهْرِ هٰؤُلَاءِ الأَوْلَادُ أَكَلُوا وَشَرِبُوا مِنْ رِزْقِ اللهِ تَحْتَ ظِلَالِ الأَشْجَارِ وَلَبِثُوا هُنَاكَ سَاعَةً أَوْ سَاعَتَيْنِ ،ثُمَّ خَرَجُوا لِصَيْدِ السَّمَكِ فَصَادَ حَمِيْدٌ ثَمَانِيَ سَمْكَاتٍ صَغِيْرَةٍ وَصَادَ مَجِيْدٌ سَمْكَتَيْنِ كَبِيْرَتَيْنِ وَ بَعْدَ الْفَرَاغِ مِنَ الصَّيْدِ شَرِبُوا الشَّايَ ،بَعْدَ صَلوٰةِ الْعَصْرِ ثُمَّ رَجَعُوا إِلىٰ بُيُوْتِهِمْ وَقَدْ لَبِثُوا هُنَاكَ تِسْعَ سَاعَاتٍ وَهُمْ فَرِحُونَ بِنُزْهَتِهِمْ هٰذِهٖ. إِعْلَمُوا أَنَّ النُّزْهَةَ مَرَّةً فِيْ شَهْرٍ تَنْفَعُكُم وَبِهَا تَجُودُ صِحَّتُكُمْ .

ترجمہ

ایک،دو،تین،چار،پانچ،چھ،سات،آٹھ،نو،دس۔(برائے مذکر)

ایک،دو،تین،چار،پانچ،چھ،سات،آٹھ،نو،دس۔(برائے مؤنث)

ایک کتاب۔دوکتابیں۔تین الفاظ۔چار مہینے۔پانچ لڑکے۔چھ دن۔سات سمندر ۔آٹھ سبق۔نوبادشاہ۔دس جماعتیں۔

تین رکعتیں۔چار سال۔پانچ گھنٹے۔چھ میل۔سات گائے۔آٹھ میز۔نو مرغیاں ۔دس طالبات۔

حمید چھ مہینے کے بعد ممبئی سے لوٹا،پھر پانچ دن کے بعد اپنے دوستوں کو اکٹھا کیا اور ان سے کہا:اے میرے دوستوں! میں "عثمان ساغر" تفریح کے لیے جانا چاہتا ہوں،کیا تم میرا ساتھ دوگے ؟توانہوں نے کہا: یقیناً ہم اس کے مشتاق ہیں۔توحمید اپنے دس دوستوں کے ساتھ سات دن کے بعد دو خوب صورت گاڑیوں میں "عثمان ساغر"تالاب کی طرف نکلا،وہاں وہ تین گھنٹے میں پہنچے،ان کے ساتھ چار خادم بھی تھے،توسارے لڑکوں نے ناشتہ

کے بعد یہاں وہاں کی سیر شروع کی اور وہ خدام پکانے میں مشغول ہو گئے تو انہوں نے تین گھنٹے میں چاول ،گوشت اور گھی سے مزیدار کھانا پکایا،ان لڑکوں نے ظہر کی نماز کے بعد درختوں کے سایہ نیچے اللہ کا رزق کھایا اور پیا،اور وہاں ایک یا دو گھنٹے ٹھہرے، پھر مچھلی کے شکار کے لیے نکلے تو حمید نے آٹھ چھوٹی مچھلیوں کا شکار کیا اور مجید نے دو بڑی مچھلیوں کا شکار کیا، شکار سے فارغ ہونے کے بعد انہوں نے چائے پی، عصر کے بعد وہ اپنے گھروں کو لوٹ آئے اور وہاں وہ نو گھنٹے ٹھہرے اور وہ اپنی اس تفریح سے خوش ہیں، جان لو کہ مہینے میں ایک مرتبہ تفریح تمہیں فائدہ دے گی اور اس سے تمھاری صحت اچھی رہے گی۔

حل لغات: اَبْحُرٌ: سمندر، واحد بَحْرٌ۔ خزَّانٌ: تالاب جہاں پانی جمع کیا جائے۔ خُدَّامٌ: نوکر، واحد خادِمٌ۔ فُطُوْرٌ: ناشتہ۔ سَمَنٌ: گھی، جمع اَسْمُنٌ۔ ظِلَالٌ: سایہ، واحد ظِلٌّ۔

قوسین کے ہندسوں کو عربی میں لکھو

اِثْنَانِ وَلَدَانِ.	ثَلٰثَةُ دُرُوْسٍ.	خَمْسَةُ كُتُبٍ	تِسْعَةُ مُلُوْكٍ
أَرْبَعَةُ حُرُوْفٍ	سَبْعَةُ اَوْلَادٍ	ثَمَانِيَةُ اَبْحُرٍ	تِسْعُ سَنَوَاتٍ
عَشَرُ بَنَاتٍ	ثَلٰثُ رَكْعَاتٍ	اَرْبَعُ مَحَايَاتٍ	خَمْسُ صَلوٰاتٍ
سِتَّةُ رِجَالٍ	ثَمَانِيَةُ أَنْهَارٍ	ثَلٰثَةُ أَيَّامٍ	تِسْعُ ثَمَرَاتٍ
عَشَرَةُ بِلَادٍ	خَمْسُ جُمَلٍ	خَمْسَةُ أَشْهُرٍ	أَرْبَعَةُ جِبَالٍ.

مناسب اسماء لگاؤ

خَمْسُ بَنَاتٍ	سِتَّةُ رِجَالٍ	ثَمَانِيَةُ اَقْلَامٍ	تِسْعَةُ كُتُبٍ
عَشَرُ بَقَرَاتٍ	ثَلٰثُ شِيَاهٍ	أَرْبَعَةُ أَوْلَادٍ	سَبْعَةُ حُرُوْفٍ
ثَمَانِيْ نِسَاءٍ	عَشَرَةُ أَشْهُرٍ	تِسْعُ سَنَوَاتٍ	خَمْسَةُ طُيُوْرٍ.

سِتُّ ثَمَرَاتٍ	ثَلٰثَةُ كِلَابٍ	أَرْبَعُ دَجَاجَاتٍ	ـ

ترجمہ کرو

شمار	اردو	عربی
1	ایک گائے	بَقَرَةٌ وَاحِدَةٌ
2	چار لڑکے	أَرْبَعَةُ أَوْلَادٍ
3	پانچ سبق	خَمْسَةُ دُرُوْسٍ
4	سات سال	سَبْعُ سَنَوَاتٍ
5	نوالفاظ	تِسْعَةُ اَلْفَاظٍ
6	سات آسمان	سَبْعُ سَمٰوَاتٍ
7	تین دن	ثَلٰثَةُ أَيَّامٍ
8	چھ گھر	سِتَّةُ بُيُوْتٍ
9	دس لڑکیاں	عَشَرُ بَنَاتٍ
10	ایک بچھڑا	عَجْلَةٌ وَاحِدَةٌ
11	پانچ کرتے	خَمْسَةُ قُمْصَانٍ
12	آٹھ کپڑے	ثَمَانِيَةُ ثِيَابٍ
13	سات ربر	سَبْعُ مَحَّايَاتٍ
14	نوسوئیاں	تِسْعُ إِبَرٍ
15	تین شیروانیاں	ثَلٰثُ جُبَابٍ

16	پانچ دروازے	خَمْسَةُ أَبْوَابٍ
17	چھ کھڑکیاں	سِتَّةُ شَبَابِيْكَ
18	آٹھ گھوڑے	ثَمَانِيَةُ اَفْرَاسٍ.
19	دس اونٹ	عَشَرَةُ جِمَالٍ
20	ایک پودا	غَرْسٌ وَاحِدٌ
21	چار فرشتے	أَرْبَعَةُ مَلٰئِكَةٍ
22	تین پہاڑ	ثَلٰثَةُ جِبَالٍ.
23	سات منارے	سَبْعُ مَآذِنٍ
24	سات بادشاہ	سَبْعَةُ مُلُوْكٍ
25	چھ دن	سِتَّةُ أَيَّامٍ
26	سات رنگ	سَبْعَةُ أَلْوَانٍ
27	آٹھ دن	ثَمَانِيَةُ أَيَّامٍ
28	تین تصویریں	ثَلٰثَةُ رُسُوْمٍ
29	چار رکعتیں	أَرْبَعُ رَكْعَاتٍ
30	دو رکعتیں	اِثْنَتَانِ رَكْعَتَانِ
31	سات آیتیں	سَبْعُ آيَاتٍ

درس(۱۱)

کم، بلیٰ اور تثنیہ مؤنث ومذکر میں قریب اور بعید اسمائے اشارہ

أَحْمَدُ :كَمْ أَخًا لَكَ يَاسَعِيْدُ !

سَعِيْدٌ :لِيْ أَخَوَانِ.

أَحْمَدُ :هَلْ هٰذَانِ الأَخَوَانِ صَغِيْرَانِ؟

سَعِيْدٌ :لَا: هٰذَانِ الأَخَوَانِ لَيْسَا بِصَغِيْرَيْنِ هُمَا أَكْبَرُ مِنِّيْ.

أَحْمَدُ :أَلَيْسَ لِهٰذَيْنِ الأَخَوَيْنِ وَلَعٌ بِالْعِلْمِ؟

سَعِيْدٌ :بَلىٰ: لَهُمَا وَلَعٌ شَدِيْدٌ بِهٖ.

أَحْمَدُ :أَلَيْسَ ذَانِكَ الأَخَوَانِ تِلْمِيْذَيْنِ؟

سَعِيْدٌ :بَلىٰ: ذَالِكَ الْوَلَدَانِ تِلْمِيْذَانِ وَهُمَا ذَكِيَّانِ.

أَحْمَدُ :أَلَيْسَتْ فِيْ ذَيْنِكَ الْوَلَدَانِ طَاعَةُ الْوَالِدَيْنِ؟

سَعِيْدٌ :بَلىٰ: هُمَا نَشِيْطَانِ فِيْ طَاعَةِ الْوَالِدَيْنِ.

أَحْمَدُ :كَمْ أُخْتًا لَكَ يَاسَعِيْدُ !

سَعِيْدٌ :لِيْ أُخْتَانِ وَهُمَا أَصْغَرُ مِنِّيْ.

أَحْمَدُ :أَتَقْرَأُ هَاتَانِ الأُخْتَانِ الْكُتُبَ فِي الْعَرَبِيَّةِ وَالإِنْكِلِيْزِيَّةِ؟

سَعِيْدٌ :نَعَمْ: هُمَا تَقْرَأَنِ الْكُتُبَ فِيْ هَاتَيْنِ اللُّغَتَيْنِ الْهَامَّتَيْنِ.

أَحْمَدُ :أَلَيْسَتْ لِهٰتَيْنِ الأُخْتَيْنِ رَغْبَةٌ فِي التَّرْبِيَةِ الْمَنْزِلِيَّةِ؟

سَعِيْدٌ :بَلىٰ: لَهُمَا رَغْبَةٌ شَدِيْدَةٌ فِيْهَا.

أَحْمَدُ :أَتَعْمَلُ تَانِكَ الْبِنْتَانِ أَعْمَالَ الْبَيْتِ؟

سَعِيْدٌ :نَعَمْ:تَانِكَ الْبِنْتَانِ تَعْمَلَانِ مَعَ أُمِّهِمَا وَلَا تَحْسَبَانِ عَمَلَ الْبَيْتِ نَقِيْصَةً.

أَحْمَدُ :هَلْ أَعْضَاءُ أُسْرَتِكَ مَسْرُوْرُوْنَ بِتَيْنِكَ الْبِنْتَيْنِ؟

سَعِيْدٌ :نَعَمْ: كُلُّهُمْ مَسْرُوْرُوْنَ بِأَعْمَالِهِمَا وَلِمَ لَا يَكُوْنُ كَذَالِكَ وَهُمَا مِنْ اِمْرَأَةٍ ذَاتِ عِلْمٍ وَشَرَفٍ وَيَقُوْلُ لَنَا أَبُوْنَا دَائِمًا :أَيُّهَا الأَوْلَادُ! لَا

تَفْخَرُوا بِالنَّسَبِ وَلَا تَقُوْلُوا "إِنَّ أَبَانَا رَجُلٌ كَبِيْرٌ أَوْ جَدُّنَا رَجُلٌ شَهِيْرٌ" بَلْ قُوْمُوا أَنْتُمْ بِجِدِّكُمْ فِي عَمَلِكُمْ وَكُوْنُوا مِنَ الْكِبَارِ الْخِيَارِ.

ترجمہ

احمد :اے سعید! تمھارے کتنے بھائی ہیں؟

سعید :میرے دو بھائی ہیں۔

احمد :کیا یہ دونوں بھائی چھوٹے ہیں؟

سعید :نہیں، یہ دونوں بھائی چھوٹے نہیں ہیں وہ دونوں مجھ سے بڑے ہیں۔

احمد :کیا ان دونوں بھائیوں کو علم کا شوق نہیں ہے؟

سعید :کیوں نہیں، انھیں علم کا بہت شوق ہے۔

احمد :کیا وہ دونوں طالب علم نہیں ہیں؟

سعید :کیوں نہیں، وہ دونوں لڑکے طالب علم ہیں اور وہ دونوں ذہین ہیں۔

احمد :کیا ان دونوں لڑکوں میں والدین کی اطاعت نہیں ہے؟

سعید :کیوں نہیں، وہ دونوں والدین کی اطاعت میں چست ہیں۔

احمد :اے سعید! تمھاری کتنی بہنیں ہیں؟

سعید :میری دو بہنیں ہیں اور وہ دونوں مجھ سے چھوٹی ہیں۔

احمد :کیا یہ دونوں بہنیں عربی اور انگلش میں کتابیں پڑھتی ہیں؟

سعید :ہاں: وہ دونوں ان دونوں اہم زبانوں میں کتابیں پڑھتی ہیں۔

احمد :کیا ان دونوں بہنوں کو امور خانہ داری میں شوق نہیں ہے؟

سعید :کیوں نہیں، ان دونوں کو اس میں کافی شوق و دل چسپی ہے۔

احمد :کیا وہ دونوں لڑکیاں گھر کے کام کرتی ہیں؟

سعید :ہاں، وہ دونوں لڑکیاں اپنی ماں کے ساتھ کام کرتی ہیں اور گھر کے کام کو عیب نہیں سمجھتی ہیں۔

احمد :کیا تمھارے خاندان کے افراد ان دونوں لڑکیوں سے خوش ہیں؟

سعید : ہاں، وہ سب ان کے کاموں سے خوش ہیں، اور کیوں اس طرح نہ ہو جبکہ دونوں علم و شرف والی عورتوں میں سے ہیں، اور ہمارے والد ہم سے ہمیشہ کہتے ہیں: اے لڑکو! نسب سے فخر نہ کرو، اور نہ کہو کہ ہمارے باپ بڑے آدمی ہیں، یا ہمارے داد مشہور آدمی ہیں ،بلکہ اپنے کام میں اپنی کوشش سے کھڑے ہو، اور اچھے بڑے لوگوں میں سے ہو جاؤ۔

سوالات وجوابات

(الف)

جواب	سوال	شمار
سَبْعَةُ أَيَّامٍ فِي أُسْبُوْعٍ .	كَمْ يَوْمًا فِي أُسْبُوْعٍ ؟	1
أَعْبُدُ اللهَ خَمْسَ مَرَّاتٍ كُلَّ يَوْمٍ .	كَمْ مَرَّةً تَعْبُدُ اللهَ كُلَّ يَوْمٍ ؟	2
آكُلُ الطَّعَامَ مَرَّتَيْنِ .	كَمْ مَرَّةً تَاكُلُ الطَّعَامَ ؟	3
خَمْسُ جُمْعَةٍ فِيْ شَهْرٍ .	كَمْ جُمْعَةً فِيْ شَهْرٍ ؟	4
خَلَقَ اللهُ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ	كَمْ سَمَاءً خَلَقَهَا اللهُ ؟	5
أَنَامُ سِتَّ سَاعَاتٍ .	كَمْ سَاعَةً تَنَامُ ؟	6
نَعَمْ: اَلْبِحَارُ سَبْعَةٌ	هَلِ الْبِحَارُ سَبْعَةٌ؟	7
خَلَقَ اللهُ الدُّنْيَا فِيْ سِتَّةِ أَيَّامٍ	فِيْ كَمْ يَوْمًا خَلَقَ اللهُ الدُّنْيَا؟	8
اَرْبَعُ رَكْعَاتٍ فِي صَلوٰةِ الْفَجْرِ .	كَمْ رَكْعَةً فِيْ صَلوٰةِ الْفَجْرِ؟	9
ماضی کا مضارع اور مضارع کی ماضی لکھو اور انہی افعال کے امر ونہی بھی بناؤ

ماضی	مضارع	ماضی	مضارع	ماضی	مضارع
سَبَّحْنَا	تُنْزَلُ	أُخْرِجْتُمْ	تُؤْمِنُوْنَ	أَسْلَمْتُمْ	نُبَشِّرُ
أَبْشَرْتُمْ	يُبْشَرُوْنَ	كَذَّبْنَا	تُكَذَّبُ	خَالَفْتُمْ	تُخْلِفُوْنَ
أُمِرُوا	يُقَالُ	وَقَفْتَ	نُسَرُّ	اُضْلِلْتُمْ	نُزِّلَ
حَجَجْنَا	×	زِدْنَا	×	آمَنَّا	×

امر ونہی

امر	نہی	امر	نہی	امر	نہی
لِنُسَبِّحْ	لَا نُسَبِّحْ	لِيُبْشَرُوا	لَا يُبْشَرُوا	قِفْ	لَا تَقِفْ
لِنُتْزَلْ	لَا تُنْزَلْ	لِنُكَذِّبْ	لَا نُكَذِّبْ	لِتُضَلُّوا	لَا تُضَلُّوا
لِتُخْرَجُوا	لَا تُخْرَجُوا	لِتُكَذَّبْ	لَا تُكَذَّبْ	لِنَحُجَّ	لَا نَحُجَّ
آمِنُوا	لَا تُؤْمِنُوا	اَخْلِفُوا	لَا تُخْلِفُوا	لِنُسَرَّ	لَا نُسَرَّ
اَسْلِمُوا	لَا تُسْلِمُوا	خَالِفُوا	لَا تُخَالِفُوا	لِنَزِدْ	لَا نَزِدْ
اَبْشِرُوا	لَا تُبْشِرُوا	لِيُقَلْ	لَا يُقَلْ	لِيُنَزَّلْ	لَا يُنَزَّلْ
لِنُبَشِّرْ	لَا نُبَشِّرْ	لِيُؤْمَرُوا	لَا يُؤْمَرُوا	لِنُؤْمِنْ	لَا نُؤْمِنْ

درس (۲۴)

اَلْحَدِيْثُ الشَّرِيْفُ

أُؤْمُرُوا أَوْلَادَكُمْ بِالصَّلٰوةِ وَهُمْ أَبْنَاءُ سَبْعَ سِنِيْنَ وَاضْرِبُوْهُمْ عَلَيْهَا وَهُمْ أَبْنَاءُ عَشْرٍ وَفَرِّقُوا بَيْنَهُمْ فِي الْمَضَاجِعِ (سنن ابوداؤد شریف، باب متی یومر الغلام بالصلوۃ)

اپنی اولاد کو نماز کا حکم دو جبکہ وہ سات سال کے ہوجائیں اور نماز چھوڑنے پر انھیں مارو جبکہ وہ دس سال کے ہوجائیں اور ان کی خواب گاہیں جدا کردو۔

.بَشِّرِ الْمَشَّائِيْنَ فِي الظُّلَمِ إِلىَ الْمَسَاجِدِ بِالنُّوْرِ التَّامِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. (ابو داؤد شریف، حدیث ۵۶۱)۔

تاریکی میں مسجد کی طرف چلنے والوں کو قیامت کے دن نور کی خوش خبری دیدو۔

أُذْكُرُوا مَحَاسِنَ مَوْتَاكُمْ وَكُفُّوا عَنْ مَسَاوِ يْهِمْ .(ترمذی شریف، باب فی الجنائز)۔

اپنے مُردوں کی خوبیوں کو یاد کرو اور ان کو برائیوں سے باز رکھو۔

۔مَنْ سَاءَ خُلُقَهٗ ضَاقَ رِزْقُهٗ .(حکمۃ امیر المؤمنین علی رضی اللہ عنہ)۔

جس کے اخلاق برے ہوگئے اس کا رزق تنگ ہوگیا۔

قَلْبُ الشَّيْخِ شَبَابٌ عَلىٰ حُبِّ ثِنِيْنِ، طُوْلِ الْحَيَاةِ وَكَثْرَةِ الْمَالِ .(بخاری شریف، باب من بلغ ستین سنۃ فقد أعذر اللہ الیہ فی العمر، کتاب الرقاق)۔

بوڑھے آدمی کا دل دو چیزوں لمبی زندگی اور زیادہ مال کی محبت میں جوان رہتا ہے۔

إِنَّ أَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرٍ دَخَلَتْ عَلىٰ رَسُوْلِ اللهِ وَ عَلَيْهَا ثِيَابٌ رِقَاقٌ فَأَعْرَضَ عَنْهَا .

اسماء بنت ابوبکر حضور ﷺ کی بارگاہ میں پتلے کپڑے پہنے ہوئے آئیں تو آپ ﷺ نے ان سے اعراض فرمایا۔

(مشکوۃ شریف، ج:۱، ص:۳۳۶)۔لَا يَرِثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ وَلَا الْكَافِرُ الْمُسْلِمَ .(بخاری شریف باب الفرائض، حدیث ۶۷۶۴)

مسلمان کافر کا وارث نہیں ہوتا ہے اور نہ کافر مسلمان کا وارث ہوتا ہے۔

كَانَ أَحَبُّ الشَّرَابِ إِلَى رَسُوْلِ اللهِ الْحُلْوَ الْبَارِدَ .(ترمذی شریف، باب الشمائل، حدیث ۲۰۵)

رسول اللہ ﷺ کو سب سے زیادہ محبوب ٹھنڈا اور میٹھا مشروب تھا۔

-يُسَلِّمُ الصَّغِيْرُ عَلَى الْكَبِيْرِ وَالْمَارُّ عَلَى الْقَاعِدِ وَالْقَلِيْلُ عَلَى الْكَثِيْرِ .(الجواهر الهرية من كلام خير البرية، ج:۲، ص:۲۱۱)

چھوٹا بڑے کو، گزرنے والا بیٹھے ہوئے کو، کم زیادہ کو سلام کریں۔

-مَنْ غَشَّ فَلَيْسَ مِنَّا .(شرح سنن الترمذی، باب ماجاء فی کراهية الغش فی البیوع، ص:۱۹۷)۔

جو دھوکا دے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

حُرِّمَ لِبَاسُ الْحَرِيْرِ عَلَى ذُكُوْرِ أَمَّتِيْ وَ أُحِلَّ لِإِنَاثِهِمْ.(ریاض الصالحین ،ج:۱، ص:۴۲۷)۔

ریشم کا لباس میری امت کے مردوں پر حرام کیا گیا اور ان کی عورتوں پر حلال کیا گیا۔

إِنَّمَا كَانَ فِرَاشُ رَسُوْلِ اللهِ الَّذِيْ يَنَامُ عَلَيْهِ أُدُمٌ حَشُوْهُ لِيْفٌ .(تحفة الاحوذی، شرح جامع الترمذی، ج:۹، ص:۴۱۰)

یقیناً رسول اللہ ﷺ کا بستر جس پر آپ سوتے تھے چمڑے کا تھا جس کے اندر کھجور کی چھال بھری ہوئی تھی۔

اَلْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضَهٗ بَعْضًا .(اکمال المعلم شرح صحیح مسلم للقاضی عیاض، باب النھی عن السباب، ج:ص:۲۷)

مومن مومن کے لیے عمارت کی طرح ہے جس کا بعض بعض کو مضبوط کرتا ہے۔

سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ وَقِتَالُهٗ كُفْرٌ . (الاداب للبیھقی، باب الاعراض عن الوقوع فی اعراض المسلمین، ج:۱، ص:۱۹)۔

مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور اس کو قتل کرنا بڑا گناہ ہے۔

اَلتَّاجِرُ الصَّدُوْقُ الأَمِيْنُ مَعَ النَبِيِّنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشَّهَدَاءِ .(المسند الجامع لابي الفضل، باب٦، ص:١٧٣)۔

سچا امانت دار تاجر، انبیا، صدیقین اور شہداء کے ساتھ ہو گا۔

جَارُ الدَّارِ أَحَقُّ بِالدَّارِ .(بلوغ المرام من ادلۃ الأحکام، باب الشفعۃ، ج:١، ص:٣٤٧)۔

گھر کا پڑوسی گھر (خریدنے) کا زیادہ حقدار ہے۔

لِكُلِّ أُمَّةٍ فِتْنَةٌ وَفِتْنَةُ أُمَّتِيْ الْمَالُ .(المسند الجامع لابي الفضل ،باب ١٤، ص:١٨٢)۔

ہر امت کا فتنہ ہے اور میری امت کا فتنہ مال ہے۔

إِنَّ مِنْ أَعْظَمِ الْجِهَادِ كَلِمَةُ عَدْلٍ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ .(شرح سنن الترمذی، باب٦، جزء١١، ص:٣٧٣)۔

بے شک سب سے بڑا جہاد کسی ظالم بادشاہ کے سامنے انصاف کی بات کہنا ہے۔

اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ.(اکمال المعلم شرح صحیح مسلم للقاضی عیاض، باب ما بین النفختین)

دنیا مومن کا قید خانہ ہے اور کافر کی جنت ہے۔

۔أَصْدَقُ الرُّؤْيَا بِالأَسْحَارِ.(تحفۃ الاحوذی شرح جامع الترمذی ،باب ٦، ص:٢٧)

زیادہ سچے خواب صبح کے وقت آتے ہیں۔

إِنَّ رَجُلًا قَالَ يَارَسُوْلَ اللهِ أَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ ؟قَالَ مَنْ طَالَ عُمْرُهُ وَحَسُنَ عَمَلُهُ .قَالَ وَأَيُّ النَّاسِ شَرٌّ؟قَالَ مَنْ طَالَ عُمْرُهُ وَسَاءَ عَمَلُهُ .(الاداب للبیہقی، جزء:١، ص:٥٠٠)۔

ایک مرد نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ کون سا آدمی بہتر ہے؟ فرمایا: جس کی عمر لمبی ہو اور اس کا عمل اچھا ہو۔ عرض کیا: کون سا آدمی زیادہ برا ہے؟ فرمایا: جس کی عمر لمبی ہو اور اس کا عمل برا ہو۔

كُنْ فِي الدُّنيَا كَأَنَّكَ غَرِيْبٌ أَوْعابِرُ سَبِيْلٍ.(اذكار وآداب الصباح والمساء، جزء:۱، ص:۱۳۰)۔

دنیا میں اس طرح رہو گویا کہ تم اجنبی ہو یا مسافر ہو۔

لَيْسَ الْغِنىَ عَنْ كَثْرَةِ الْعَرْضِ وَلٰكِنَّ الْغِنىَ غِنىَ النَّفْسِ (اكمال المعلم شرح صحیح مسلم للقاضی عیاض ،ص:۳۰۶)۔

مالداری زیادہ مال و متاع سے نہیں ہے لیکن مالداری نفس کی مالداری ہے.

.إِيَّاكُمْ وَالظَّنَ فَإِنَّ الظَّنَ أَكْذِبُ الْحَدِيْثِ .(الاذكار النبويه للامام النووی، ص:۴۳۵)۔

۔تم (زیادہ) گمان سے بچو کیوں کہ بے جا گمان بہت بری بات ہے۔

كَانَ رَسُوْلُ اللهِ يَقُوْلُ :إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الأَرْبعِ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَا يَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ، وَمِنْ دُعَاءٍ لَا يُسْمَعُ .(سنن ابوداود ،عبدالحسن عباد، جزء:۱، ص:۲)۔

رسول اللہ ﷺ فرماتے تھے:(اے اللہ) بے شک میں چار چیزوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں ایسے علم سے جو فائدہ نہ دے، اور ایسے دل سے جو عاجزی نہ کرے۔ ایسے نفس سے جو سیراب نہ ہو، اور ایسی دعا سے جو سنی نہ جائے۔

مَنْ سَمِعَ سَمِعَ اللهُ بِهٖ .(اتحاف الکرام بشرح عمدۃ الاحکام، ج:۲، ص:۶)۔
جس نے سنا اس کی بات اللہ نے سنی۔

اَلْحُبُوْبُ مَسْبُوْبٌ :اَلشَّوْمُ فِيْ ثَلَاثَةٍ فِي الْمَرْأَةِ وَالدَّارِ وَالْفَرَسِ.(عمدة القاری شرح صحیح البخاری، باب ما یذکر من شؤم الفرس، جزء: ۲، ص:۳۱۹)
غذا کو گالی دی جاتی ہے۔ نحوست ہوتی تو تین چیزوں یعنی عورت، گھر اور گھوڑے میں ہوتی۔

۔مَنْ رَغِبَ عَنْ أَبِيْهِ فَقَدْ كَفَرَ .(صحيح ابن حبان باحكام الأرناؤط ،باب:۴، جزء:۴، ص:۹۷)۔

جس نے اپنے باپ سے اعراض کیا تو اس نے ناشکری کی۔

اَلْخَالَۃُ بِمَنْزَلَۃِ الأُمِّ . (الاحکام الاحکام شرح عمدۃ الاحکام، حدیث خرج رسول اللہ من مکۃ فتبعتھم ابنۃ، ج:۳، ص:۵۱)

خالہ ماں کے درجہ میں ہوتی ہے۔

مَنْ کَانَ آخِرُ کَلَامِہٖ لَا اِلٰہَ إِلَّا اللّٰہُ دَخَلَ الْجَنَّۃَ . (اکمال المعلم شرح صحیح مسلم للقاضی عیاض، باب الدلیل علی من مات علی التوحید، ج:۱، ص:۱۸۸)۔

۔جس کا آخری کلام لا الہ الا اللہ ہوگا وہ جنت میں داخل ہوگا۔

اَلْغُسْلُ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ وَاجِبٌ عَلٰی کُلِّ مُحْتَلِمٍ . (اکمال المعلم شرح صحیح مسلم للقاضی عیاض، باب الطیب والسواک یوم الجمعۃ، ج:۳، ص:۱۳۲)

جمعہ کے دن غسل کرنا ہر بالغ انسان پر سنت ہے۔

۔لَا یَدْخُلُ الْجَنَّۃَ قَتَّاتٌ . (اتحاف الکرام شرح عمدۃ الاحکام، ص:۷)

چغل خور جنت میں داخل نہ ہوگا۔

لَا تَلْبِسُوا الْحَرِیْرَ وَالدِّیْبَاجَ وَلَا تَشْرَبُوا فِیْ آنِیَۃِ الذَّھَبِ وَالفِضَّۃِ وَلَا تَاکُلُوا فِي صِحَافِھَا فَإِنَّھَا لَھُمْ فِي الدُّنْیَا وَلَنَا فِي الآخِرَۃِ . (احکام الاحکام شرح عمدۃ الاحکام، حدیث لا تلبسوا الحریر والادیباج، ج:۳، ص:۱۹۶)۔

موٹا ریشم اور پتلا ریشم نہ پہنو۔ سونے اور چاندی کے برتن میں نہ پیو اور نہ اس کی پلیٹوں میں کھاؤ اس لیے کہ یہ دنیا میں کافروں کے لیے ہیں اور ہمارے لیے آخرت میں ہیں۔

حل لغات: فَرَّقَ: جدا کرنا۔ مَضَاجِعُ: خواب گاہ، واحد مَضْجَعٌ۔ بَشَّرَ: خوش خبری دینا۔ مَشَّائِیْنَ: چلنے والے، واحد مَشَاءٌ۔ ظُلَمٌ: تاریکی، واحد ظُلْمَۃٌ۔ مَحَاسِنُ: خوبیاں، واحد حُسْنٌ۔ کَفَّ عَنْ: (ن) باز رکھنا، روکنا۔ مَسَاوِيْ: برائیاں۔ سَاءَ (ن) برا ہونا۔ شَابٌّ: جوان، جمع شُبَّانٌ۔ رِقَاقٌ: پتلا، واحد رَقِیْقٌ۔ مَارٌّ: گزرنے والا۔ غَشَّ (ن) دھوکا دینا۔ حَرِیْرٌ: ریشم۔ أُحِلَّ: (افعال) حلال کیا گیا۔ اَدَمٌ: چمڑا۔ حَشْوٌ: بھرتی، بھرت، بھرنا۔ لِیْفٌ: کھجور کی چھال، واحد لِیْفَۃٌ۔ بُنْیَانٌ: بنیاد، عمارت۔ سِبَابٌ: گالی دینا، برا کہنا۔ جَارٌ: پڑوسی، جمع جِیْرَانٌ۔ جَائِرٌ: ظالم۔ سِجْنٌ: قید خانہ، جمع سُجُوْنٌ۔ رُؤیَا: خواب۔ عَابِرُ السَّبِیْلِ: مسافر، راہ گیر۔ عَرْضٌ: سامان۔ یَخْشَعُ: (ف)

گڑگڑانا، اظہار عجز کرنا۔ اَلْحُبُوْبُ: اناج، غلہ۔ اَلشُّؤْمُ: نحوست۔ دَابَّةٌ: جانور، جمع دَوَّابُّ۔ مُحْتَلِمٌ: بالغ۔ قَتَّاتٌ: چغل خور۔ دِيْبَاجٌ: پتلا عمدہ ریشم۔ صِحَافٌ: بڑی پلیٹ۔ واحد صَحْفَةٌ۔

ترجمہ کرو

شمار	اردو	عربی
1	نبی ﷺ حلوا اور شہد پسند فرماتے تھے۔	كَانَ النَّبِيُّ ﷺ يُحِبُّ الْحَلْوٰى وَالْعَسَلَ
2	اپنے گھروں میں آگ مت چھوڑو جب تم سوتے ہو۔	لَا تَتْرُكُوا النَّارَ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَمَّا تَرْقُدُوْنَ
3	عالم کی فضیلت عابد پر ایسی ہے جیسے میری فضیلت تمھارے ادنی پر	فَضْلُ الْعَالِمِ عَلَى الْعَابِدِ كَفَضْلِيْ عَلٰى اَدْنٰكُمْ
4	چند عورتوں کے پاس سے گزرے تو آپ کو ان کو سلام کیا	مَرَّ النَّبِيُّ ﷺ عَلٰى نِسَاءٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِنَّ
5	کھانے کی برکت اس کے پہلے اور اس کے بعد وضو ہے	بَرْكَةُ الطَّعَامِ وُضُوْءٌ قَبْلَهٗ وَ بَعْدَهٗ
6	ہر سکر حرام ہے۔	كُلُّ سُكْرٍ حَرَامٌ .
7	نبی ﷺ خوشبو رد نہیں فرماتے تھے	وَكَانَ النَّبِيُّ ﷺ لَا يَرُدُّ الطِّيْبَ

درس (۲۵)

اَلْأَمْثَالُ

إِنَّ الطُّيُوْرَ عَلٰى أَشْكَالِهَا تَقَعُ .صِغَارُ الأُمُوْرِ تَهِيْجُ الْكِبَارَ .عُشْبٌ وَلَا بَعِيْرٌ.إِنَّ الْجَوَادَ قَدْ يَعْثِرُ .إِنَّ الْحَبِيْبَ إِلَى الإِخْوَانِ ذُوالْمَالِ.كَلَامٌ كَالْعَسَلِ وَفِعْلٌ كَالأَسَلِ .وَضْعُ الإِحْسَانِ فِيْ غَيْرِ مَوْضِعِهٖ ظُلْمٌ . كَمَا تَدِيْنُ تُدَانُ .اَلْحَاجَةُ تَفْتُقُ الْحِيْلَةَ .إِنَّ الْحَدِيْدَ بِالْحَدِيْدِ يُفْلَحُ .اَلْبِضَاعَةُ تَسُدُّ الْحَاجَةَ .حَسْبُكَ مِنْ شَرٍّ سَمَاعَةٍ .اَلإِحْسَانُ يَقْطَعُ اللِّسَانَ .اَلدَّرَاهِمُ بِالدَّرَاهِمِ تُكْسَبُ .سَكَتَ أَلْفًا وَنَطَقَ خَلَقًا .مَنْ أَسْرَعَ فِي الْجَوَابِ أَخْطَأَ الصَّوَابَ . رَضِيْتُ مِنَ الْغَنِيْمَةِ بِالإِيَابِ .رُبَّ فَرْحَةٍ تَعُوْدُ قَرْحَةً .مَنْ سَمِعَ سَمِعَ اللهُ بِهٖ .لَا كَرَامَةَ (لِلْكَاذِبِ).حِرْفَةُ الْمَنِّ كَنْزٌ .اَلْحِلْمُ سَيِّدُ الأَخْلَاقِ . جِدُّكَ لَا كَدُّكَ .

ترجمہ: پرندے اپنے ہم شکلوں پر پڑتے ہیں۔ چھوٹے معاملات بڑے معاملات کو ابھارتے ہیں۔ گھاس ہے لیکن اس کو کھانے کے لیے اونٹ نہیں ہے۔ اصیل گھوڑا بھی کبھی ٹھوکر کھا جاتا ہے۔ دوستوں میں مال والا محبوب ہوتا ہے۔ کلام شہد کی طرح اور کام نیزے کی طرح۔ احسان کی جگہ کے علاوہ دوسری جگہ احسان کرنا ظلم ہے۔ جیسی کرنی ویسی بھرنی ۔ضرورت ایجاد کی ماں ہے۔ لوہا لوہے کو کاٹتا ہے۔ سازوسامان ضرورت کو پورا کردیتا ہے۔ شر کا سن لینا ہی تمھارے لیے بہت ہے اس کو دیکھنے کی کوشش نہ کرو۔ احسان زبان کو بند کردیتا ہے۔ پیسہ پیسے سے کمایا جاتا ہے۔ ہزار لحظہ خاموش رہا بولا تو غلط بولا۔ جس نے جواب دینے میں جلدی کی تو اس نے درستگی میں غلطی کی ۔ میں واپس لوٹ آنے کی غنیمت پر راضی ہوں۔ بہت سی خوشیاں رنج وتکلیف بن جاتی ہیں۔ جس نے بطور اطاعت سنا تو اس کی بات اللہ نے سنی۔ جھوٹے کے لیے کوئی عزت وکرامت نہیں۔ احسان کا پیشہ خزانہ ہے۔ بردباری اخلاق کی سردار ہے۔ تیری کوشش مفید ہے لیکن طلب میں سختی مفید نہیں۔

نظم

(١)تَسْبِیْحُ الْخَالِقِ پیدا کرنے والے (اللہ) کی تسبیح

(١)سُبْحَانَ خَلَّاقٍ عَلِیْمْ　　سُبْحَانَ رَزَّاقٍ کَرِیْمْ

میں پیدا کرنے والے جاننے والے کی تسبیح بیان کرتا ہوں۔ میں رزق دینے والے سخی کی تسبیح بیان کرتا ہوں۔

(٢)سُبْحَانَ رَبِّ الْعَالَمِیْنْ　　سُبْحَانَ خَیْرِ الرَّاحِمِیْنْ

میں دونوں جہاں کو پالنے والے کی تسبیح بیان کرتا ہوں۔ میں بہترین رحم کرنے والے کی تسبیح بیان کرتا ہوں۔

(٣)وَلَهُ الْبَقَاءُ وَلَهُ الْعَلَاءْ　　وَلَهُ الْوَلَاءُ وَالْكِبْرِيَاءْ

اسی کے لیے بقا اور بلندی ہے۔ اسی کے لیے ملک اور بڑائی ہے۔

(٤)وَلَهُ الْمَلَائِكُ يَخْشَعُوْنْ　　وَ يُسَبِّحُوْنَ وَ يَسْجُدُوْنْ

فرشتے اس کے لیے عاجزی کرتے ہیں۔ تسبیح کرتے ہیں اور سجدہ کرتے ہیں۔

(٥)عَنْ ذِكْرِهِ لَا يَغْفَلُوْنْ　　بَلْ كُلَّ حِيْنٍ يَذْكُرُوْنْ

اور اس کے ذکر سے غافل نہیں ہوتے ہیں۔ بلکہ ہر وقت ذکر کرتے ہیں۔

(٦)مِنْ فَضْلِهِ كُلُّ الْأَنَامْ　　فِي الْأَمْنِ دَوْمًا وَالسَّلَامْ

اس کے فضل سے مخلوق ہمیشہ امن وسلامتی میں رہتی ہے۔

(للمصنف) (یہ نظم مصنف نے خود لکھی ہے)۔

حل لغات: وَلَاءٌ: ملک۔ عَلَاءٌ: بلندی۔ كِبْرِيَاءُ: بڑائی، شان۔ مَلَائِكُ: فرشتے، واحد مَلَكٌ۔ حِيْنٌ: وقت۔ دَوْمًا: ہمیشہ۔

(٢)اَلْعِلْمُ علم

(١)اَلْعِلْمُ زَيْنٌ لِلْأَنَامْ　　وَالْجَهْلُ شَيْنٌ لِلْكِرَامْ

علم مخلوق کے لیے زینت ہے۔ اور جہالت شریف لوگوں کے لیے عیب ہے۔

(٢)يَاأَيُّهَا الْمُتَعَلِّمُوْنْ　　قُوْمُوا وَأَنْتُمْ عَازِمُوْنْ

اے طلبائے کرام! کھڑے ہوجاؤ اس حال میں کہ تم عزم وارادہ کرنے والے ہو۔

(٣) فَلَهُ أُبْذُلُوا مَجْهُوْدَكُمْ نَالُوا بِهِ مَقْصُوْدَكُمْ
علم کے لیے پوری کوشش کرو، تاکہ اس کے ذریعہ اپنے مطلوب و مقصود کو پالو۔

(٤) وَ بِهِ ارْفَعُوا أَعْلَامَكُمْ وَ بِهِ ارْجِعُوا أَيَّامَكُمْ.
اور اسی کے ذریعہ اپنے پرچم کو بلند کرو۔ اور اسی کے ذریعہ اپنے (اچھے) دنوں کو لوٹادو۔

(٥) هٰذَا الَّذِيْ مِنْهُ الْجَمَالْ هٰذَا الَّذِيْ مِنْهُ الْجَلَالْ
یہی وہ چیز ہے جس کے ذریعہ خوب صورتی ہے۔ یہی وہ چیز ہے جس کے ذریعہ بزرگی ملتی ہے۔

(٦) نَالُوا عُلُوْمًا وَاعْمَلُوا دَوْمًا بِهَا: لَا تَكْسَلُوا
تم علوم حاصل کرو۔ اور ان پر ہمیشہ عمل کرو۔ سستی نہ کرو۔

(٧) اَلْعِلْمُ مِنْ دُوْنِ الْعَمَلْ كَخَلِيَّةٍ مِنْ دُوْنِ الْعَسلْ
عمل کے بغیر علم ایسا ہے جیسے شہد کے بغیر مکھی کا چھتا۔

(٨) اَلْعَالِمُوْنَ الْعَامِلُوْنْ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ نَاجِحُوْنْ
جاننے والے عمل کرتے ہیں اور ہر چیز میں کامیاب ہوتے ہیں۔

(٩) وَالْجَاهِلُوْنَ الْغَافِلُوْنْ فِيْ كُلِّ أَمْرٍ خَائِبُوْنْ
اور جاہل غافل لوگ ہر کام میں محروم ہوتے ہیں۔

(١٠) إِنَّ الْفَضِيْلَةَ بِإِكْتِسَابْ لَا بِالْفَضِيْلَةِ وَانْتِسَابْ
بے شک فضیلت وبزرگی محنت کرنے سے حاصل ہوتی ہے نہ کہ خوبی اور نسب سے حاصل ہوتی ہے۔

(١١) إِنَّ الَّذِيْ نَالَ الأَدَبْ نَالَ الْمَعَالِيْ وَالرُّتَبْ
بے شک وہ شخص جس نے ادب حاصل کیا، اس نے بلندیاں اور درجے حاصل کر لیے۔

(١٢) اَلْعِلْمُ صَحْبِيْ وَالأَدَبْ لِلْمَرْءِ خَيْرٌ مِنْ ذَهَبْ
علم میرا ساتھی ہے اور ادب انسان کے لیے سونے سے بہتر ہے۔

(للمصنف) (یہ نظم مصنف نے خود لکھی ہے)

حل لغات: زَیْنٌ: زیب، سامان زینت، خوب صورت۔ شَیْنٌ: عیب، شرم، عار۔ کِرَامٌ: شریف، سخی، فیاض، واحد کَرِیْمٌ۔ بَذَلَ (ن) صرف کرنا، خرچ کرنا۔ بَذَلَ مَجْهُوْدَهٗ: اس نے کوشش صرف کی۔

(۳) کِتَابِي میری کتاب

(۱) خَیْرُ أَصْحَابِيْ کِتَابِي لَیْسَ فِیْهِ مِنْ مَعَابِ
میرا بہترین ساتھی میری کتاب ہے جس میں کوئی عیب نہیں ہے۔

(۲) یَنْصَحُ لِيْ کُلَّ حِیْنٍ نَافِعٌ فِيْ کُلِّ بَابِ
ہر وقت وہ مجھے نصیحت کرتی ہے اور ہر باب میں نفع بخش ہوتی ہے۔

(۳) یَفْعَلُ الْخَیْرَاتِ بِالأَصْحَابِ مِنْ غَیْرِ اِحْتِسَابِ
وہ دوستوں کے ساتھ بلا حساب بھلائیاں کرتی ہے۔

(٤) فِیْهِ لَهْوِيْ وَلَعِبِيْ وَسُوَالِيْ وَجَوَابِيْ
اس میں میری تفریح، میرا کھیل میرا سوال اور جواب ہے۔

(٥) ذَاكَ لِيْ خَیْرُ صَدِیْقٍ فِيْ حُضُوْرٍ وَغِیَابِ
موجودگی اور غیر موجودگی میں وہ میرا بہترین دوست ہے۔

(٦) وَأَنِیْسِيْ وَجَلِیْسِيْ وَرَفِیْقِيْ فِي الصِّعَابِ
میرا مونس وغم خوار اور ہم نشین ہے۔ اور مشکلوں میں میرا ساتھی ہے

(۷) وَلَهٗ فَضْلٌ کَبِیْرٌ مَالِهٰذَا مِنْ حِسَابِ
اور اس کا بڑا فضل ہے جس کا کوئی حساب نہیں ہے۔

(۸) فَسِوَاهُ أَصْدِقَائِيْ فِي الْوَرٰی مِثْلُ السَّرَابِ
اس کے علاوہ مخلوق میں میرے تمام دوست ریت کی طرح ہیں۔

(۹) دُوْنَهٗ عِنْدِيْ حَیَاتِيْ إِخْوَتِيْ مِثْلُ الْخَرَابِ
میرے بھائیوں! اس کے بغیر میرے نزدیک زندگی ویرانہ کی طرح ہے۔

(۱۰) فَاصْحَبُوْهُ کُلَّ حِیْنٍ إِنَّهٗ خَیْرُ صَحَابِ

تو ہر وقت اس کے ساتھ رہو یقیناً وہ بہترین ساتھی۔

(۱۱)فِيْ جُلُوْسٍ وَقِيَامٍ وَذَهَابٍ وَإِيَابٍ

آنے جانے اٹھنے بیٹھنے میں۔

(۱۲)رَغْبَةٌ فِي اللَّهْوِ عَنْهُ مِنْ عَلاَمَاتِ الشَّبَابِ

کھیل کود میں اس سے اعراض کرنا نقصان کی نشانیوں میں سے ہے۔

(۱۳)مِنْ صَدِيْقٍ مِثْلِهِ كُلُّ أُنَاسٍ فِيْ عُجَابٍ

اس جیسا دوست کون ہے تمام لوگ خود پسندی میں ہیں۔

(۱٤)فَعَلَيْكُمْ بِأَصْحَابِيْ كُلَّ حِيْنٍ بِالْكِتَابِ

اے میرے دوستو! تم پر ہر وقت اپنے پاس کتاب کا رکھنا ضروری ہے۔

(للمصنف) (یہ نظم مصنف نے خود لکھی ہے)

حل لغات: مَعَابٌ: عیب۔ لَهْوٌ: تفریح، کھیل۔ اَلْوَرىٰ: مخلوق۔ سَرَابٌ: وہ ریت جو دوپہر کے وقت پانی جیسی معلوم ہو، مراد دھوکا۔ خَرَابٌ: ویرانہ۔ اِيَابٌ: واپسی۔ رَغِبَ عَنْهُ: نفرت کرنا، اعراض کرنا۔ تَبَابٌ: ہلاکت۔ عُجَابٌ: خود پسندی۔

(۴) اَلْحَذَّاءُ موچی

أَنَا أَمْرُءٌ حَذَّاءُ فِيْ صَنْعَتِيْ غَنَاءُ

میں موچی آدمی ہوں میرے پیشہ میں مالداری ہے۔

أَعْمَلُ فِيْهَا بِيَدِيْ أَخْدِمُ أَهْلَ بَلَدِيْ

میں اس پیشہ میں اپنے ہاتھ سے کام کرتا ہوں اور گھر والوں کی خدمت کرتا ہوں۔

كُلُّ حِذَاءٍ أَصْنَعُهُ أُتْقِنُهُ وَأُبْدِعُهُ

ہر جوتے کو میں بناتا ہوں تو اسے مضبوط اور انوکھا بناتا ہوں۔

أُخْرِجُهُ فِيْ مَوْعِدِهِ بِثَمَنٍ مُحَدَّدِ

میں اسے مقررہ وقت پر متعیّن قیمت کے ساتھ نکالتا ہوں۔

وَلاَ أَغُشُّ فِي الثَّمَنِ فَالْغِشُّ عَارٌ فِي الْمِهَنِ

اور میں قیمت میں دھوکا نہیں دیتا ہوں، کیوں کہ پیشوں میں دھوکا دینا عیب ہے۔

(للأستاذ الهّوادي المصري (استاذ ہوادّی مصری))

حل لغات: حذَّاءٌ: موچی (جوتا بنانے والا)۔ صَنْعَةٌ: پیشہ۔ أَتْقِنُ: مضبوط بناتا ہوں۔ أَبْدِعُ: ایجاد کرنا۔ مَوْعِدٌ: مقررہ وقت۔ ثَمَنٌ مُحَدَّدٌ: فکس ریٹ، متعیّن قیمت۔ أَغُشُّ (ن) دھوکا دینا۔ مِهَنٌ: پیشہ کام، خدمت، واحد مِهْنَةٌ۔

(۵) اَللَّعِبُ کھیل

(۱) أَيُّهَا الْوَلَدُ النُّجُبْ　　شُغْلُكُمْ دَرْسُ الْكُتُبْ

اے شریف لڑکو! تمھارا کام کتابوں کو پڑھنا ہے۔

(۲) أُدْرُسُوا ثُمَّ الْعَبُوا　　وَاقْفِزُوا ثُمَّ اَطْرَبُوا

تم پڑھو پھر کھیلو، اچھلو کودو پھر خوش ہو۔

(۳) اِلْعَبُوا حِيْنَ الْمَسَاءْ　　فِي الْفَضَا طَلْقِ الْهَوَاء

کھلی ہوا اور فضا میں شام تک کھیلو۔

(٤) وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّعِبْ　　زَائِلٌ مِنْهُ التَّعَبْ

جان لو کہ کھیل سے تھکن ختم ہو جاتی ہے۔

(۵) إِنَّمَا الدَّرْسُ بِلَا　　لَعِبٍ مِثْلُ الْبَلَا

یقیناً بغیر کھیل کے سبق مصیبت کی طرح ہے۔

(٦) رَوِّضُوا أَجْسَامَكُمْ　　خَفِّفُوا آلَامَكُمْ

اپنے جسموں کو ورزش کراؤ اور اپنی تکلیفوں کو ہلکا کرو۔

(۷) وَاتْبَعُوا أَعْلَامَكُمْ　　وَارْجِعُوا أَيَّامَكُمْ

اپنے بزرگوں کی پیروی کرو، اور اپنے (ترقی کے) دنوں کو لوٹاؤ۔

(۸) إِنَّمَا الْفَوْزُ الْعَظِيْمْ　　لِلْقَوِيِّ الْمُسْتَقِيْمْ

بے شک بڑی کامیابی درست طاقت ور کے لیے ہے۔

(۹) مَالِلذِيْ ضَعْفٍ نَعِيْمْ　　بَلْ لَهُ عَيْشٌ ذَمِيْمْ

کمزور کے لیے کوئی نعمت نہیں ہے، بلکہ اس کے لیے بری زندگی ہے

(١٠) إِنَّمَا الصِّحَّةُ خَيْرٌ مِنْ ثَرَاءٍ فِيْهِ ضَيْر

یقیناً صحت ایسی مال و دولت سے بہتر ہے جس میں تکلیف ہو۔

(١١) مَابِخَيْرٍ إِخْوَتِيْ نِعْمَةٌ مِنْ صِحَّةِ

میرے بھائیوں! صحت سے بہتر کوئی نعمت نہیں ہے۔

(للمصنف) (یہ نظم مصنف نے خود لکھی ہے)

حل لغات: اَلنَّجبُ: سخی، شریف۔ قَفَزَ (ض) اچھلنا، کودنا۔ طَرِبَ: (س) مست ہونا، خوش ہونا۔ خَفَّفَ: ہلکا کرنا۔ آلَامٌ: تکلیف، دکھ۔ ذَمِیْمٌ: برا، قابل، مذمت۔ ثَرَاءُ: مال، دولت۔ ضَیْرٌ: نقصان۔

تمارین (۱)

اَلْقُرْآنُ المَجِيْدُ

اَلْقُرْآنُ كِتَابٌ أَنْزَلَهُ اللهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ (عَلَيهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ) وَهُوَ كِتَابُ اللهِ لَا رَيْبَ وَلٰكِنْ لَا يَذْهَبُ عَلَيْكُمْ أَيُّهَا الإِخْوَانُ إِنَّهٗ كِتَابٌ كَمِثْلِ كُتُبٍ أُخْرىٰ كُتِبَ وَطُبِعَ ثُمَّ أُنْزِلَ بَلْ هُوَ مَجْمُوْعُ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ أَنْزَلَ اللهُ عَلٰى لِسَانِ رَسُوْلِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَلِيْلًا قَلِيْلًا عَلٰى حَسْبِ الأَحْوَالِ وَالضَّرُوْرَاتِ وَهُوَ فِيْ لِسَانٍ عَرَبِيٍّ وَالْعَرَبِيُّ مِنْ أَقْدَمِ الأَلْسِنَةِ وَأَفْصَحِهَا. فِيْهِ صِفَاتُ اللهِ الَّذِيْ حَارَتْ فِيْ حَقِيْقَتِهِ الْعُقُوْلُ وَفِيْهِ ذِكْرُ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ وَفِيْهِ قَصَصُ الأَنْبِيَاءِ وَ يُبَيِّنُ اللهُ فِيْهِ مَاهِيَ الْحَيَاةُ الطَّيِّبَةُ وَمَا هِيَ الْحَيَاةُ الْخَبِيْثَةُ وَكَيْفَ يَحْصُلُ لِلإِنْسَانِ فَوْزٌ مُّبِيْنٌ بَالْعَمَلِ بِهٖ وَكَيْفَ يَحِقُّ بِالنَّارِ لِأَجَلِ الرَّغْبَةِ عَنْهُ وَهُوَ أَحَدُ الْكُتُبِ السَّمَائِيَّةِ. وَهِيَ أَرْبَعَةٌ: ١اَلتَّوْرَاةُ -٢وَالزَّبُوْرُ-٣ وَالإِنْجِيْلُ ٤-وَالْقُرْآنُ.

قرآن مجید

ترجمہ: قرآن ایسی کتاب ہے جسے اللہ تعالی نے حضرت محمد ﷺ پر نازل فرمایا۔ اور وہ اللہ کی ایسی کتاب ہے جس میں کوئی شک نہیں، اے بھائیوں! لیکن تم اس بھول میں مت رہنا کہ یہ بھی دوسری کتابوں کی طرح ایک کتاب ہے جو لکھی گئی اور چھاپی گئی پھر

نازل کی گئی ۔بلکہ یہ واضح آیتوں کا مجموعہ ہے ۔اللہ تعالیٰ نے حالات اور ضرورت کے اعتبار سے تھوڑا تھوڑا اپنے رسول ہمارے آقا محمد ﷺ کی زبان اقدس پر نازل فرمایا۔اور وہ واضح عربی زبان میں ہے ۔اور عربی زبان قدیم فصیح زبانوں میں سے ہے ۔اس میں اللہ کی صفات ہیں جس کی حقیقت میں عقلیں حیران ہیں۔اس میں جنت ودوزخ کا ذکر ہے۔اس میں نبیوں کے واقعات ہیں ۔اللہ تعالیٰ اس میں بیان فرماتا ہے کیا اچھی زندگی ہے اور کیا بری زندگی ہے ؟اور انسان کو اس پر عمل کرکے روشن کامیابی کیسے حاصل ہوتی ہے۔اور اس سے اعراض کرنے کی وجہ سے وہ آگ کا مستحق کیسے ہوتا ہے ؟اور وہ آسمانی کتابوں میں سے ایک ہے۔اور وہ چار کتابیں یہ ہیں۔۱-توریت۔۲-زبور۔۳-انجیل۔۴قرآن مجید۔

اَلتَّوْرَاۃُ أُنْزِلَتْ عَلٰی مُوسٰی عَلَیہِ السَّلَامُ ، وَالزَّبُوْرُ عَلٰی دَاؤدَ عَلَیہِ السَّلَامُ ،وَالإِنْجِیْلُ عَلٰی عِیْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ،وَالْقُرْآنُ عَلٰی نَبِیِّنَا ﷺ،ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَیْبَ فِیْہِ ،وَقَدْ عَجزَ عَنْہُ فُصَحَاءُ الْعَرَبِ حِیْنَمَا سَمِعُوا آیَاتِہٖ فَقَالُوا مَاھٰذَا كَلَامُ البَشَر ،وَلٰكِنَّ الْمُسْلِمِیْنَ یَضَعُوْنَہٗ فِیْ غِلَافٍ فَاخِرٍ فِیْ بُیُوْتِهِمْ لِلْبَرْكَةِ بِہٖ أَوِ الْقَسَمِ بِہٖ مِنْ غَیْرِ وَقُوْفٍ عَلٰی مُطَالِبِہٖ فَیَأَیُّهَا الْمُسْلِمُوْنَ :اَلْقُرْآنُ مَا أُنْزِلَ إِلَیْكُمْ لِلتَّبَرُّكِ بِہٖ فَقَطْ بَلْ أُنْزِلَ لِمَقصَدٍ عَظِیْمٍ وَھُوَ الْعَمَلُ بِہٖ وَھٰذَا بِدُوْنِ دِرَاسَةِ الْعَرَبِيِّ صَعْبٌ جِدًّا وَلَا یَنْفَعُكُمْ تَرْجَمَتُہٗ فِیْ لُغَةٍ أُخْرٰی فَإِنَّھَا لَا تَسَعُ مَطَالِبَہٗ وَلَا تَشْرَحُ حَقَائِقَہٗ وَلَا تَكْشِفُ عَنْ لَطَائِفِہٖ فَلِذَالِكَ لَا یَجِدُ الْجَاھِلُ بِالْعَرَبِيِّ فِيْ قِرَائَتِہٖ لَذَّةً وَلَا سُرُوْرًا فَانْھَضُوا أَیُّھَا الإِخْوَانُ إِلٰی دِرَاسَةِ اللُّغَهِ الْعَرَبِیَّةِ وَانْھَمِكُوا بِكِتَابٍ .فِیْہِ ھِدَایَتُكُمْ إِلٰی صِرَاطِ الْمُسْتَقِیْمِ وَاعْمَلُوا بِہٖ فَإِنَّ ذٰلِكَ ھُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ .

ترجمہ: توریت حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل کی گئی ،زبور حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل کی گئی ،انجیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل کی گئی اور قرآن ہمارے نبی ﷺ پر نازل کیا گیا۔یہ وہ کتاب ہے جس میں کوئی شک نہیں اور عرب کے بڑے بڑے فصیح لوگ اس سے عاجز ہوگئے جس وقت انہوں نے اس کی آیتوں کو سنا تو بولے یہ انسان کا کلام نہیں ہے۔لیکن مسلمان اس کے مطلب ومعنی پر آگاہی کے بغیر اس کی قسم کھانے یا اس

سے برکت کے لیے اپنے گھروں میں شاندار غلاف میں رکھتے ہیں۔اے مسلمانوں !قرآن تمھاری طرف صرف برکت حاصل کرنے کے لیے نازل نہیں کیا گیا،بلکہ وہ عظیم مقصد کے لیے نازل کیا گیا ہے اور وہ اس پر عمل کرنا ہے۔اور یہ چیز عربی پڑھے بغیر بہت مشکل ہے اور دوسری زبان میں اس کا ترجمہ تمہیں فائدہ نہ دے گا اس لیے کہ ترجمہ اس کے مطلب ومفہوم کو بیان کرنے کی وسعت نہیں رکھتا اور نہ اس کے حقائق کی تشریح کر سکتا ہے اور نہ اس کے نکات کو اجاگر کر سکتا ہے،اسی وجہ سے عربی زبان سے ناواقف شخص اس کے پڑھنے میں کوئی لذت اور خوشی نہیں پاتا ہے۔اے بھائیوں !عربی زبان سیکھنے کے لیے کمر بستہ ہو جاؤ اور اس کتاب میں مشغول ہو جاؤ۔جس میں تمھیں سیدھے راستہ کی ہدایت ہے،اور اس پر عمل کرو کیوں کہ یہ بڑی کامیابی ہے۔

حل لغات: طُبِعَ :(ف)چھاپنا۔اَلْسِنَةٌ:زبان،واحد لِسَانٌ۔حَارَتْ:تردد میں پڑنا،شک میں پڑنا،حیران ہونا۔حَقَائِقُ:صداقت،سچائی،حقیقت،صحت،واحد حَقِيْقَةٌ۔ كَشَفَ عَنْ:(ض)اظہار کرنا،انکشاف کرنا۔لَطَائِفُ:نفس میں انبساط پیدا کرنے والا نکتہ، واحد لَطِيْفَةٌ۔

(۲)

مَنْ يَمْلِكُ الأَرْضَ الَّتِيْ تَنْبُتُ فِيْهَا الأَشْجَارُ الَّتِي تَخْرُجُ مِنْهَا الأَثْمَارُ بِالْمَاءِ الَّذِيْ يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ الَّتِيْ يَنْشَاءُ فِيْ جَوِّهَا السَّحَابُ الَّذِيْ يَنْشَأُ مِنَ الأَبْخِرَةِ الَّتِيْ تَصْعُدُ مِنَ الْبِحَارِ يَنْبُتُ بِذٰلِكَ الْمَاءِ الزَّرْعُ الَّذِيْ مُخْتَلِفُ اَلْوَانُهٗ الَّتِيْ تَسُرُّ النَّاظِرِيْنَ يَنْظُرُوْنَ فِيْ قُدْرَةِ اللهِ الَّذِيْ أَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ مِنَ الطَّيِّبَاتُ وَالرِّزْقِ.قُلْ لِلَّذِيْنَ يُؤمِنُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا يُؤمِنُوْنَ .أَتَمْلِكُوْنَ شَيْئًا!كَلَّا لَا يَمْلِكُوْنَ شَيئًا فَإِنَّ الْمُلْكَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ لَا نُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖ أَحَدًا يَفْعَلُ كَمَا يَشَاءُ فَلَا يَرُدُّهٗ عَنْ اِرَادَتِهٖ أَحَدٌ فَلِلَّهِ الْقُوَّةُ وَالْعِزَّةُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ .

حل لغات: اَبْخِرَةٌ:بخارات،بھاپ،واحد بُخَارٌ۔صَعِدَ(س)چڑھنا۔

ترجمہ: کون ہے اس زمین کا مالک جس میں ایسے درخت اگتے ہیں جن سے پھل ایسے پانی کے ذریعہ نکلتے ہیں جو اس آسمان سے نازل ہوتا ہے جس کی فضا میں ایسا بادل پیدا

ہوتا ہے جو ان بھاپوں سے پیدا ہوتا ہے جو سمندر سے چڑھتی ہیں، اس پانی کے ذریعہ ایسی کھیتی اگتی ہے جس کے رنگ ایسے مختلف ہوتے ہیں جو دیکھنے والوں کو خوش کرتے ہیں جو اس اللہ کی قدرت میں نظر کرتے ہیں جس نے ایسے بندوں کے لیے پاکیزہ چیزیں اور رزق نکالا۔ آپ ایمان والو اور غیر ایمان والوں سے فرمادیں: کیا تم کسی چیز کے مالک ہو؟ ہرگز نہیں ،وہ کسی چیز کے مالک نہیں، کیوں کہ ساری بادشاہت اللہ کی ہے ہم اس کے حکم میں کسی کو شریک نہیں کرتے وہ جیسا چاہتا ہے کرتا ہے، تو کوئی اسے اس کے ارادے سے باز نہیں رکھ سکتا۔ اللہ ہی کے لیے طاقت و عزت ہے اور وہی طاقت و غلبہ والا ہے۔

(۳)

ذَاتَ يَوْمٍ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ عَلَيهِ السَّلَامُ لِأَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ الَّذِيْ كَانُوا يَعْبُدُوْنَ التَّمَاثِيْلَ "مَاهٰذِهِ التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْ أَنْتُمْ لَهَا عَابِدُوْنَ ؟ فَقَالُوا وَجَدْنَا آبَاءَنَا كَذَلِكَ يَفْعَلُوْنَ قَالَ: بَلْ كُنْتُمْ وَآبَاءُكُمْ فِيْ ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ "فَغَضِبُوا مِنْ هٰذَا الْجَوَابِ وَقَالُوا أَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ أَمْ أَنْتَ مِنَ اللَّاعِبِيْنَ ؟ قَال: إِنَّ رَبَّكُمْ رَبُّ السَّمَوَاتِ وَالأَرْضِ الَّذِيْ خَلَقَهُنَّ وَأَنَا عَلٰى ذٰلِكَ مِنَ الشَّاهِدِيْنَ . فَجَعَلَهُمْ جُذَاذًا إِلَّا كَبِيرًا لَهُمْ إِلَيْهِ يَرْجِعُوْنَ "قَالُوا: مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِآلِهَتِنَا إِنَّهٗ لَمِنَ الظَّالِمِيْنَ .

ترجمہ: ایک دن حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ (یعنی چچا) اور اپنی قوم سے کہا جو مجسموں (یعنی بتوں) کو پوجتے تھے یہ مجسمے کیا ہیں؟ جن کو تم پوجتے ہو؟ وہ بولے ہم نے اپنے باپ دادا کو اسی طرح کرتے ہوئے پایا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا: بلکہ تم اور تمھارے باپ دادا کھلی گمراہی میں تھے، تو اس جواب سے وہ غصہ ہو گئے اور بولے کیا تم ہمارے پاس حق لاتے ہو یا یونہی کھیلتے ہو؟ فرمایا: بے شک تمھارا رب اس زمین و آسمان کا رب ہے جس نے انھیں پیدا کیا اور میں اس پر گواہوں میں سے ہوں۔ تو ان سب بتوں کو چورا (ٹکڑے ٹکڑے) کر دیا مگر ایک کو جو ان سب کا بڑا تھا کہ شاید وہ اس سے کچھ پوچھیں ،بولے جس نے ہمارے خداؤں کے ساتھ یہ کام کیا ہے بے شک بے وہ ظالم ہے۔

وَقَالُوا أَحْضِرُوهُ عَلٰى أَعْيُنِ النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُوْنَ :ثُمَّ قَالُوا لَهٗ حِيْنَمَا جاءَهُمْ أَأَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِآلِهَتِنَا يَا اِبْرَاهِيْمُ!قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا .فَبَعْدَ قَلِيْلٍ قَالُوا وَالنَّدَامَةُ تَظْهَرُ مِنْ وُجُوْهِهِمْ لَقَدْ عَلِمْتَ مَاهٰؤُلَاءِ يَنْطِقُوْنَ .فَقَالَ فَلِمَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللهِ التَّمَاثِيْلَ الَّتِيْ لَا تَضُرُّكُمْ شَيْئًا وَلَا تَنْفَعُ .أُفٍّ لَكُمْ وَلِتَمَاثِيْلِكُمُ الَّتِيْ أَنْتُمْ لَهَا عَابِدُوْنَ فَغَضِبُوا عَلَيْهِ وَأَعَدُّوا لَهٗ نَارًا وَقَذَفُوْهُ فِيْهَا .فَقَالَ اللهُ لِلنَّارِ :يَانَارُكُوْنِيْ بَرْدًا وَّ سَلَامًا عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ .فَكَانَتِ النَّارُ بَرْدًا وَسَلَامًا كَمَا أَمَرَ اللهُ وَسَلِمَ إِبْرَاهِيْمُ مِنَ الْهَلَاكِ. فَيَاأَيُّهَا النَّاسُ اِعْلَمُوا أَنَّ اللهَ يَحْفَظُ كَذٰلِكَ عِبَادَهٗ مِنَ الآفَاتِ فِي الْحَيَاةِ وَ بَعْدَ الْمَمَاتِ وَاللهُ يُحِبُّ الْمُؤْمِنِيْنَ .

ترجمہ: بولے تو اسے لوگوں کے سامنے لاؤ شاید وہ گواہی دیں۔ پھر انہوں نے ان سے کہا جس وقت وہ ان کے پاس آئے کیا تم نے ہمارے خداؤں کے ساتھ یہ کام کیا ہے اے ابراہیم! فرمایا: بلکہ وہ ان کے بڑے نے کیا ہوگا۔ تو تھوڑی دیر بعد بولے اس حال میں کہ شرمندگی ان کے چہروں سے ظاہر ہو رہی تھی کہ تمہیں خوب معلوم ہے یہ بولتے نہیں، کہا: تو کیوں اللہ کے سوا ان مجسموں کو پوجتے ہو؟ جو نہ نقصان پہنچائیں اور نہ نفع دیں۔ افسوس ہے تم پر اور ان مجسموں پر جن کو اللہ کے سوا پوجتے ہو۔ تو وہ ان پر غصہ ہو گیے اور ان کے لیے ایک آگ تیار کی اور اس میں انھیں ڈال دیا تو اللہ تعالی نے آگ سے فرمایا: اے آگ! ابراہیم پر ٹھنڈی اور سلامتی والی ہو جا۔ تو آگ ٹھنڈی اور سلامتی والی ہو گئی جیسا کہ اللہ نے حکم دیا اور ابراہیم علیہ السلام ہلاک ہونے سے بچ گئے۔ اے لوگو! جان لو کہ اللہ تعالی اسی طرح زندگی میں اور موت کے بعد بھی اپنے بندوں کی آفتوں سے حفاظت فرماتا ہے اور اللہ مومنوں سے محبت فرماتا ہے۔

حل لغات: جُذَاذٌ: ٹکڑے، واحد جُذَّةٌ۔

(۴)

وُلِدَ إِبْرَاهِيْمُ عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ فِيْ زَمَانٍ كَانَ النَّاسُ يَعْبُدُوْنَ فِيْهِ التَّمَاثِيْلَ وَكَانَ أَبُوْهُ آذَرُ مَاهِرًا فِيْ صَنَاعَةِ التَّمَاثِيْلِ ،فَيَصْنَعُ وَ يَقُوْلُ لِإِبْنِهٖ اِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلامُ اِذْهَبْ بِهَا إِلَى السُّوقِ وَ بِعْهَا بِثَمَنٍ يُعْجِبُكَ وَ يُعْجِبُنِيْ فَكَانَ اِبْرَاهِيْمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَفْعَلُ كَمَا يَامُرُهٗ أَبُوْهُ وَلَا يُنْكِرُ قَوْلَهٗ فَيَسْلُكُ الْخَيْطَ فِي أَنْفِ التَّمَاثِيْلِ وَ يُذْهِبُ بِهٖ إِلَى السُّوْقِ يَجُرُّهٗ عَلَى الأَرْضِ وَ يَقُوْلُ لِلنَّاسِ أَيُّهَا النَّاسُ ! مَنْ يَأْخُذُ الَّذِيْ لَا يَنْفَعُ شَيْئًا بَلْ يَضُرُّ أَفَتَأْخُذُوْنَهٗ ؟

ترجمہ: ابراہیم علیہ السلام (درود وسلام ہو ہمارے نبی محمد ﷺ اور ان پر) ایک ایسے زمانے میں پیدا ہوئے جس زمانے میں لوگ مجسموں کو پوجا کرتے تھے، اور ان کا باپ (یعنی چچا) آذر مجسموں کے بنانے میں ماہر تھا تو وہ مجسمے بناتا اور اپنے بیٹے ابراہیم علیہ السلام سے کہتا ان کو بازار لے جا اور انھیں ایسی قیمت سے بیچ دے جو مجھے اور تجھے اچھی لگے، ابراہیم علیہ السلام ویسا کرتے جیسا ان کا باپ حکم دیتا تھا اور وہ اس کی بات کو رد نہیں کرتے تھے تو وہ ان مجسموں کی ناک میں دھاگا ڈال کر بازار لے جاتے ان کو زمین پر کھینچتے ہوئے لوگوں سے کہتے :اے لوگو! کون لے گا وہ چیز جو بالکل فائدہ نہ دے بلکہ نقصان دے تو کیا تم اسے لو گے ؟

(۵) مَطْلَعُ الْفَجْرِ

زَالَ الظَّلَامُ وَقَامَ الأُمُّ مِنَ الْمَنَامِ لِعِبَادَةِ اللهِ الَّذِيْ أَنْشَأَهُمْ وَصَوَّرَهُمْ فَأَحْسَنَ صُوَرَهُمْ وَزَيَّنَهُمْ بِالنُّطْقِ وَالْحِكْمَةِ وَفَضَّلَهُمْ عَلٰى سَائِرِ الْكَائِنَاتِ فَمِنْهُمْ ذَاهِبٌ إِلَى الْمَسْجِدِ وَمِنْهُمْ ذَاهِبٌ إِلَى الْهَيْكَلِ ،فَكُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ يَعْبُدُ رَبَّهٗ وَ يَذْكُرُهٗ عَلٰى دِيْنِهٖ وَ يَسْأَلُهٗ فَضْلَهٗ .وَالتَّلَامِيْذُ قَدْ أَخَذُوْا فِيْ مُطَالَعَةِ الْكُتُبِ فَيَقْرَؤُنَهَا بِجِدٍّ وَنَشَاطٍ وَالْفَلَّاحُوْنَ يَعْمَلُوْنَ فِيْ مَزَارِعِهِمْ ،وَالْبُسْتَانِيُّوْنَ مَشْغُوْلُوْنَ بِأَعْمَالِهِمْ فِي الْحَدَائِقِ وَالْمُسَافِرُوْنَ يَقْطَعُوْنَ طَرِيْقَهُمْ وَهُمْ فَرِحُوْنَ بِهٰذَا الْمَنْظَرِ الْجَمِيْلِ .

صبح کی چمک

ترجمہ: اندھیرا دور ہوگیا اور ماں نیند سے اس اللہ کی عبادت کے لیے بیدار ہوئی جس نے سب کو پیدا کیا اور ان کی شکل وصورت بنائی تو اچھی بنائی۔ انھیں قوت گویائی اور دانائی سے زینت بخشی اور انھیں تمام مخلوق پر فضیلت دی، تو ان میں سے کوئی مسجد جاتا ہے اور کوئی بت خانہ جاتا ہے، ان میں سے ہر ایک اپنے رب کی عبادت کرتا ہے اپنے دین کے مطابق اسے یاد کرتا ہے اور اس سے اس کے فضل کا سوال کرتا ہے۔ طلبہ نے کتابوں کا مطالعہ شروع کر دیا وہ انھیں محنت اور پھرتی سے پڑھتے ہیں، کسان اپنے کھیتوں میں کام کرتے ہیں ،مالی باغات میں اپنے کاموں میں مشغول رہتے ہیں، مسافر اپنا راستہ طے کرتے ہیں اور وہ اس خوب صورت منظر سے خوش ہوتے ہیں۔

وَتَهُبُّ الرِّيَاحُ فَالأَشْجَارُ مُتَمَايِلَةٌ تَارَةً أَمَامَهَا وَتَارَةً وَرَاءَهَا كَأَنَّهَا تَرْكَعُ وَتَسْجُدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجَهَا بِهٖ مِنَ الأَرْضِ وَ زَيَّنَهَا بِالأَثْمَارِ وَالأَزْهَارِ، وَالطُّيُوْرُ قَدْ نَزَلَتْ عَلٰى جَوَانِبِ الأَزْهَارِ لِحَسْوِ الشُّرْبِ الْمَاءِ بِمَنَاقِيْرِهَا ثُمَّ تَرْفَعُ رُؤُوْسَهَا إِلَى السَّمَاءِ كَأَنَّهَا تَشْكُرُ لِرَازِقِهَا ثُمَّ تَقَعُ عَلَى الْغُصُوْنِ الْمُتَمَايِلَةِ وَتَأْخُذُ فِي التَّغْرِيْدِ كَأَنَّهَا تُسَبِّحُ الْخَلَّاقَ الْحَمِيْدَ فَقُوْمُوا مِنَ النَّوْمِ أَيُّهَا التَّلَامِيْذُ !صَبَاحًا وَمَتِّعُوا أَنْظَارَكُمْ بِهٰذَا الْمَنْظَرِ الْجَمِيْلِ وَاشْكُرُوا لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَخَلَقَ لَكُمْ الكَائِنَاتِ وَحَفِظَكُمْ مِنَ الآفَاتِ أَفَلَا تَشْكُرُوْنَ .

ہوائیں چلتی ہیں تو درخت کبھی آگے اور کبھی پیچھے کو جھکتے ہیں گویا کہ وہ رکوع اور سجدہ کر رہے ہیں اس اللہ کو جس نے آسمان سے پانی نازل فرمایا تو اس کے ذریعہ زمین میں درخت نکالے اور انھیں پھلوں اور پھولوں سے مزین کیا، پرندے نہروں کے کنارے پر اپنی چونچوں سے پانی پینے کے لیے اترے، پھر اپنے سر آسمان کی جانب بلند کرتے ہیں گویا کہ وہ اللہ تعالی کی تسبیح بیان کر رہے ہیں۔ اے طلبہ! نیند سے صبح سویرے بیدار ہو جاؤ اور اپنی آنکھوں کو اس خوب صورت منظر سے لطف اندوز کرو، اور اس اللہ کا شکر ادا کرو جس نے تمھیں پیدا کیا

اور تمہیں پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا اور تمھارے لیے کائنات کو پیدا کیا اور تمام آفتوں سے تمھاری حفاظت فرمائی، توکیا تم شکر ادا نہیں کرو گے؟

حل لغات: مَطْلَعُ الْفَجْرِ: صبح کی چمک۔ هَيْكَلٌ: مجسمہ، عبادت خانہ، جمع هَيَاكِلُ۔ فَلَّاحُوْنَ: کسان، واحد فَلَّاحٌ۔ مَزَارِعُ: فارم، کھیت، واحد مَزْرَعَةٌ۔ زَالَ: زائل ہونا، دور ہونا۔ اَلْغُصُوْنُ الْمُتَمَايِلَةُ: جھومتی ڈالیاں۔ جَانِبٌ: پہلو کا کنارہ، طرف، جمع جَوَانِبُ۔ حَسَا (ن) تھوڑا تھوڑا پینا، چوسنا، پرندے کا چونچ سے پینا۔ مَنَاقِيْرُ: چونچ، واحد مِنْقَرٌ۔

درست کیے ہوئے جملے

(ا)

أَيْنَ أَخُوْكَ ؟ إِنَّ ذَا الْعِلْمِ مَحْبُوْبٌ. أَخُوْهُ ضَرَبَ أَخَاهُ. لَا تَصْحَبْ ذَا الْجَهْلِ .كَيْفَ خُلُقُ أَخِيْهِ؟ أَبُوْ بَكْرٍ خَلِيْفَةٌ. ذُوا الْعِلْمِ مَمْدُوْحٌ .هٰذَانِ الْوَلَدَانِ نَشِيْطَانِ .هَاتَانِ جُبَّتَانِ. تَانِكَ مَحَطَّتَانِ. كَمْ ثَمَنُ الْجُبَّتَيْنِ؟ أَخُوْهُ رَاحَ إِلَى تِلْكَ الْمَحَطَّةِ .هَلْ تَهُبُّ الرِّيَاحُ ؟ أَعْمَلُ بِالْيَدَيْنِ وَأَنْظُرُ بِالْعَيْنَيْنِ .يَجِيْءُ الْأَصْدِقَاءُ بَعْدَ يَوْمَيْنِ .عَلٰى هٰذَيْنِ السَّرِيْرَيْنِ وَلَدَانِ .سِتَّةُ أَصْدِقَاءٍ جَاءُوا .خَمْسُ سَنَوَاتٍ نَحْنُ كُنَّا فِيْ بَمبي .ثَلٰثَ سَاعَاتٍ قَرَأْتُ كَالْمُعْتَادِ .كَمْ رَقْمًا حَصَلْتِ أَيَّتُهَا الْبِنْتُ ! فِيْ كَمْ يَوْمٍ يُسَافِرُ أَبَاكَ.

ترجمہ: تمھارا بھائی کہاں ہے؟ بے شک علم والا پیارا ہے۔ اس کے بھائی نے اس کے بھائی کو مارا۔ جاہل کے ساتھ مت رہ۔ اس کے بھائی کے اخلاق کیسے ہیں؟ ابوبکر خلیفہ ہیں۔ بردبار انسان قابل تعریف ہے۔ یہ دونوں لڑکے چست ہیں۔ یہ دونوں جبے ہیں۔ وہ دونوں اسٹیشن ہیں۔ دونوں جبوں کی قیمت کتنی ہے؟ اس کا بھائی اس اسٹیشن کی طرف گیا۔ کیا ہوائیں چلتی ہیں؟ میں دونوں ہاتھ سے کام کرتا ہوں۔ اور دونوں آنکھوں سے دیکھتا ہوں۔ دوست دو دن بعد آئیں گے؟ ان دونوں تختوں پر دو لڑکے ہیں۔ چھ دوست آئے۔ پانچ

سال ہم ممبئی میں تھے۔ میں نے عادت کے مطابق تین گھنٹا پڑھا۔ اے لڑکی! تونے کتنے نمبر حاصل کیے؟ تمھارے باپ کتنے دن میں سفر کریں گے؟

(۲)

فِيْ حَدِيْقَةِ الْعُمُوْمِيَّةِ سَبْعَةُ مُنْتَزِهَاتٍ،اَلتَّمَاثِيْلُ الْبَدِيْعَةُ مَوْجُوْدَةٌ هُنَاكَ فِيْهَا. أَفِيْ حَيْدَرْ آبَادَ جُنَيْنَةُ الْحَيْوَانَاتِ ؟مَنْ كَانَ فَائِزًا؟أَكُنْتَ مَوْجُوْدًا ؟ أَكُنْتُمْ غَافِلِيْنَ عَنْ ذِكْرِ اللهِ؟أَكُنْتُنَّ جَالِسَاتٍ فِي السَّيَّارَةِ ؟أَلَيْسَ الأَزْهَارُ بِأَصْفِرَةٍ؟هٰذِهِ الأَزْهَارُ الْحَمْرَاءُ جَمِيْلَةٌ .هٰذِهِ السَّاعَةُ الأُوْلىٰ مِنْ اَشْهَرِ الْمُهَنْدِسِيْنَ. هَلْ عِنْدَكَ أَخِيْكَ سَبْعَةُ أَقْلَامِ الْحِبْرِ؟هَلْ لِلإِنْسَانِ نَاصِيَتَانِ ؟ هَلِ شَوَارِعُ الْحَيْدَرْآبَاد مُزْدَحِمَةٌ ؟يَا أَوْلَادَ الْمُسْلِمِيْنَ !هَلْ أَحْسَنْتُمْ لِأَنْفُسِكُمْ؟لِمَنِ السَّيَّارَةُ الَّتِيْ فِيْهَا الْمَقَاعِدُ جَمِيْلَةٌ ؟هٰؤُلَاءِ الأَوْلَادُ الَّذِيْنَ يَخْدِمُوْنَ الْوَطَنَ بِنَشَاطٍ .

ترجمہ: پبلک باغ میں سات پارک ہیں۔ انوکھے مجسمے وہاں موجود ہیں۔ کیا حیدر آباد میں چڑیا گھر ہے؟ کامیاب کون تھا؟ کیا تو موجود تھا؟ کیا تم اللہ سے غافل ہو؟ کیا تم سب گاڑی میں بیٹھیں؟ کیا پھول پیلے نہیں ہیں؟ یہ سرخ پھول خوب صورت ہیں۔ یہ مشہور انجینئروں کا پہلا پریڈ ہے۔ کیا تمھارے بھائی کے پاس سات فونٹن پن ہیں؟ کیا انسان کی دو پیشانیاں ہیں؟ کیا حیدرآباد کی سڑکیں بھیڑ بھاڑ والی ہیں؟ اے مسلمانوں کی اولاد! کیا تم نے اپنی اپنی جانوں کے لیے اچھا کیا؟ وہ موٹر کس کی ہے جس میں سیٹیں خوب صورت ہیں؟ یہ وہ لڑکے ہیں جو پھرتی کے ساتھ وطن کی خدمت کرتے ہیں۔

(۳)

أَتَسْكُنُ فِي الْبَيْتِ الَّذِيْ غُرْفَتُهُ وَسِيْعَةٌ؟ هَاتَانِ الْبِنْتَانِ تُسَلِّمَانِ عَلىٰ أَكَابِرِهِمَا بِالأَدَبِ. أَنَا أُعِدُّ كُلَّ شَيْءٍ لِلسَّفَرِ. هَلْ أَنْتُمْ تَتِمُّوْنَ أَعْمَالَكُمْ؟ مَاذَا يُصْنَعُ مِنْ عَاجٍ ؟بَعْدَ خَمْسَةِ أَشْهُرٍ عَادَ أَبِيْ مِنَ السَّفَرِ .هٰذَا الْجُزْءُ الرَّابِعُ .أَنَا لَيْسَ بِمُشْرِكٍ .أَنْتُمْ لَسْتُمْ بِمُجْتَهِدِيْنَ. أَصِرْتُنَّ أَيَّتُهَا الْبَنَاتُ مُجْتَهِدَاتٍ ؟ وَ تِلْكَ الْبَنَاتُ لَسْنَ بِمُتَعَلِّمَاتٍ. أَيَكُوْنُ التَّمْرُ الْهِنْدِيّ حَامِضًا ؟أَتَكُوْنُ أَوْرَاقُ النِّيْمِ مُرًّا ؟هَلْ ثِيَابُ الْبَنِيْنَ تَكُوْنُ حَمْرَاءُ ؟هَلْ سَرَاوِيْلُ الْبَنَاتِ تَكُوْنُ

بَيْضَاءُ ؟هَلْ يَلْبَسُ النِّسَاءُ الْجُبَابَ ؟هَلْ تَرْكَبُ أَيُّهَا الْبِنْتُ الدَّرَّاجَةَ فِي الشَّوَارِعِ الْمُزْدَحِمَةِ ؟هَلِ الْجَمَلَاتُ اللَّوَاتِيْ فِيْهِنَّ أَغْلَاطٌ .

ترجمہ: کیا تم اس گھر میں رہتے ہو جس کا کمرہ کشادہ ہے ؟ یہ دونوں لڑکیاں ادب سے اپنے بڑوں کو سلام کرتی ہیں۔ میں سفر کے لیے ہر چیز تیار کرتا ہوں ۔کیا تم اپنے کام پورے کرتے ہو؟ ہاتھی کے دانت سے کیا کیا جاتا ہے ؟ پانچ ماہ بعد میرے والد سفر سے واپس لوٹے ۔ یہ چوتھا حصہ ہے ۔ میں مشرک نہیں ہوں۔کیا تم محنتی نہیں ہو؟ اے لڑکیوں! کیا تم محنتی ہوگئیں؟ وہ لڑکیاں طالبات نہیں ہیں۔کیا املی کھٹی ہوتی ہے ؟ کیا نیم کے پتے کڑوے ہوتے ہیں؟ کیا لڑکوں کے کپڑے سرخ ہوتے ہیں؟ کیا لڑکیوں کے پاجامے سفید ہوتے ہیں۔اے لڑکی! کیا تو بھیڑ والی سڑکوں میں سائکل پر سوار ہوتی ہے ؟ کیا وہ عورتیں خوب صورت ہیں جن میں کمیاں ہیں۔

نوٹ : درس نمبر (۲۴)(۲۵) کتاب میں موجود بعض احادیث کریمہ اور امثال بعینہ وہی الفاظ کے ساتھ مجھے نہیں ملیں اس لیے بعض احادیث اور امثال اصل کتاب سے کچھ بدل کر حوالہ کے ساتھ لکھی گئی ہیں ،اسی طرح درس (۲۳) میں قرآن پاک کی کچھ آیتوں میں ردو بدل ہوگیا تھا ان کی جگہ درست آیتیں لکھ دی ہیں ،اس طرح بعض الفاظ ایسے نظر آئے جو میرے گمان کے اعتبار سے غلط تھے اس لیے انھیں بدل کر درست الفاظ لکھنے کی کوشش کی گئی ہے پھر بھی اس میں خطا کا احتمال ہے لہذا اگر کسی صاحب کو کتاب میں موجود احادیث کریمہ، امثال وحکم کسی جگہ بعینہ وہی الفاظ کے ساتھ مل جائیں تو اطلاع فرمائیں اسی طرح جن الفاظ کو درست کرنے کی کوشش کی ہے ان میں اگر ناچیز کی خطا ظاہر ہوجائے تو بھی مطلع فرمائیں آپ کی بات بسر و چشم تسلیم کی جائے گی اور ان شاء اللہ آئندہ ایڈیشن میں تصحیح کر دی جائے گی۔

نوٹ: منہاج العربیہ چہارم کا ترجمہ کرتے وقت کتاب کا پرانا ایڈیشن پیش نظر رکھا گیا ہے۔

تعارف مترجم ایک نظر میں
(بقلم خود)

نام و نسب: **محمد گل ریز بن امیر دولھا بن وزیر خاں بن عجب خاں۔**
وطن: **مدنا پور، پوسٹ شیش گڑھ، بہیڑی، بریلی شریف یوپی۔**
تاریخ پیدائش: ۱۰/ نومبر ۱۹۹۰ بروز ہفتہ

جن مدارس میں تعلیم حاصل کی:
(۱)- دار العلوم غریب نواز مدنا پور (پرائمری درجات)
(۲)- مدرسہ اشرف العلوم شیش گڑھ، رام پور (درجۂ حفظ)
(۳)۔ مدرسہ رہبر اسلام، شیش گڑھ، رام پور (دور، حفظ)
(۴)- مدرسہ عالیہ نعمانیہ غریب نواز شیش گڑھ، رام پور (درجۂ اعدادیہ)
(۵)- مدرسہ الجامعۃ القادریہ رچھا بریلی شریف (درجۂ اولیٰ، ثانیہ)
(۶)- دار العلوم علیمیہ جمدا شاہی ضلع بستی یوپی (درجۂ ثالثہ، رابعہ)
(۷)- دار العلوم اہل سنت الجامعۃ الاشرفیہ مصباح العلوم مبارک پور اعظم گڑھ (خامسہ، سادسہ، سابعہ، فضیلت، تحقیق فی الادب و مشق افتاء)
(۸)- جامعہ سعدیہ کاسرکوڈ کیرالا (ڈپلومہ عربی ایک سال)

فراغت: دار العلوم اہل سنت الجامعۃ الاشرفیہ مصباح العلوم مبارک پور اعظم گڑھ یکم جمادی الاخری ۱۴۳۶ھ، مطابق ۲۲/ مارچ ۲۰۱۵ء بروز اتوار

اسناد:
(۱) مولوی
(۲) عالم
(۳) کامل (مدرسہ تعلیمی بورڈ اتر پردیش)

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان دہلی:
(۱)- ایک سالہ کمپیوٹر کورس
(۲)- عربی ڈپلومہ کورس دو سالہ

(۳)-اردو ڈپلومہ کورس ایک سالہ
(۴)-انٹر، ہندی)
(۵)۔بی اے کامل۔

تدریسی خدمات:

(۱)۔مدرسہ بشیر العلوم بھوج پور، مرادآباد یوپی (ایک سال)
(۲)۔جامعۃ المدینہ فیضان عطار ناگ پور (مہاراشٹر) تاحال

شرف بیعت:

پیر طریقت رہبر شریعت قاضی القضاۃ فی الہند حضور اختر رضا خاں صاحب قبلہ الملقب بہ تاج الشریعہ رحمۃ اللہ علیہ، بریلی شریف۔

مدرسہ اشرف العلوم، رہبر اسلام، عالیہ نعمانیہ کے اساتذۂ کرام

(۱)۔حافظ اقبال صاحب اہرو۔
(۲)۔حافظ عبد الواحد لکھا۔
(۳)۔حافظ عبد القدیر، شیش گڑھ۔
(۴)۔حافظ، مجاہد صاحب شیش گڑھ۔
(۵)۔حضرت علامہ مولانا توفیق احمد نعیمی، شیش گڑھ۔
(۶)۔حضرت علامہ مولانا نور محمد صاحب پریوا۔
(۷)۔حضرت علامہ مولانا عبد الحلیم صاحب بھکاری پور پیلی بھیت۔
(۸)۔حضرت علامہ مولانا عرفان صاحب بلاس پور۔
(۹)۔حضرت قاری شریف صاحب، بلاس پور۔

الجامعۃ القادریہ رچھا (بریلی شریف) کے اساتذۂ کرام

(۱)۔حضرت علامہ مولانا عاقل صاحب قبلہ، مرادآباد۔
(۲)۔حضرت علامہ مولانا جلیس احمد صاحب مرادآباد۔
(۳)۔حضرت علامہ مولانا اثیر الدین صاحب، شیش گڑھ، رام پور۔
(۴)۔حضرت علامہ مولانا شمس صاحب منصور پور، رام پور۔
(۵)۔حضرت علامہ مولانا عمر صاحب بریلی۔

(۶)۔ حضرت علامہ مولانا نفیس احمد صاحب مرادآباد۔

دار العلوم علیمیہ جمداشاہی بستی کے اساتذۂ کرام

(۱)۔ حضرت علامہ مولانا مفتی اختر حسین صاحب۔
(۲)۔ حضرت علامہ مولانا نظام الدین صاحب مصباحی۔
(۳)۔ حضرت علامہ مولانا محب احمد صاحب علیمی۔
(۴)۔ حضرت علامہ مولانا حسیب احمد مصباحی۔
(۵)۔ حضرت علامہ مولانا امید علی صاحب، بستی۔
(۶)۔ حضرت علامہ مولانا احمد رضا بغدادی۔
(۷)۔ حضرت علامہ مولانا معراج احمد بغدادی۔

الجامعۃ الاشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ کے اساتذۂ کرام۔

(۱)۔ خیر الاذکیاء حضرت علامہ مولانا محمد احمد مصباحی صاحب۔
(۲)۔ محقق مسائل جدیدہ حضرت علامہ مفتی نظام الدین مصباحی صاحب۔
(۳)۔ شیخ الادب حضرت علامہ مولانا نفیس احمد مصباحی صاحب۔
(۴)۔ ماہر حدیث حضرت علامہ مولانا صدر الوری مصباحی صاحب۔
(۵)۔ ماہر علم وفن حضرت علامہ مولانا ناظم علی مصباحی صاحب۔
(۶)۔ حضرت علامہ مولانا مفتی معراج صاحب مصباحی رحمۃ اللہ علیہ۔
(۷)۔ پیر طریقت حضرت علامہ مولانا نصیر الدین مصباحی صاحب
(۸)۔ حضرت علامہ مولانا ساجد علی مصباحی صاحب۔
(۹)۔ حضرت علامہ مولانا مفتی بدر عالم مصباحی صاحب۔
(۱۰)۔ حضرت علامہ مولانا عبد الحق مصباحی صاحب۔
(۱۱)۔ حضرت علامہ مولانا مفتی نسیم مصباحی صاحب۔
(۱۲)۔ حضرت علامہ مولانا حبیب اللہ مصباحی ازہری صاحب۔
(۱۳)۔ حضرت علامہ مولانا عبد اللہ مصباحی ازہری صاحب۔
(۱۴)۔ حضرت علامہ مولانا مفتی شمس الہدی مصباحی صاحب۔
(۱۵)۔ حضرت علامہ مولانا اسرار مصباحی صاحب (بابا)۔

(۱۶)۔ حضرت علامہ مولانا اختر کمال مصباحی صاحب۔
(۱۷)۔ حضرت علامہ مولانا دستگیر مصباحی صاحب۔

جامعہ سعدیہ عربیہ کاسرکوڈ کیرلا کے اساتذۂ کرام

(۱)۔ حضرت علامہ مولانا عبد اللطیف سعدی شافعی صاحب۔
(۲)۔ حضرت علامہ مولانا عبید صاحب شافعی۔
(۳)۔ حضرت علامہ مولانا غلام یزدانی صاحب قبلہ۔
(۴)۔ حضرت علامہ مولانا محمود عالم صاحب۔

قلمی خدمات

(۱)۔ مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ اول (مطبوع)
(۲)۔ مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ دوم (مطبوع)
(۳)۔ مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ سوم (مطبوع)
(۴)۔ مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ چہارم (غیر مطبوع)
(۵)۔ مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ پنجم (غیر مبطوع)
(۶)۔ مشکوٰۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ اول (مطبوع)
(۷)۔ مشکوٰۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ دوم (مطبوع)
(۸)۔ مشکوۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ سوم۔ (غیر مطبوع)
(۹)۔ مصباح الطالبین ترجمہ منہاج العابدین (مطبوع)
(۱۰)۔ علم صرف کے آسان قواعد (مطبوع)
(۱۱)۔ اہم تراکیب اور ان کا حل (غیر مطبوع)
(۱۲)۔ نحوی سوال و جواب (غیر مطبوع)
(۱۳)۔ مفتاح الانشاء شرح مصباح الانشاء اول (مطبوع)
(۱۴)۔ مفتاح الانشاء شرح مصباح الانشاء دوم (مطبوع)
(۱۵)۔ روز مرہ کے شرعی مسائل (غیر مطبوع)
(۱۶)۔ معارف الادب شرح مجانی الادب (مطبوع)
(۱۷)۔ روضۃ الادب شرح فیض الادب اول (مطبوع)
(۱۸)۔ حیات خضر علیہ السلام (مطبوع)

(۱۹)۔ مختصر عربی حکایات اور چٹکلے۔
(۲۰)۔ ترجمہ کیسے کریں۔
(۲۱) مصباح النحو شرح خلاصۃ النحو اول
(۲۲)۔ مصباح النحو شرح خلاصۃ النحو دوم۔
(۲۳)۔ انوار العرب شرح ازھار العرب۔
(۲۴)۔ مراح الارواح سوالا جوابا
(۲۵)۔ روضۃ الادب شرح فیض الادب دوم۔
(۲۶)۔ تنشیر العواطر شرح تسہیل المصادر۔
(۲۷)۔ لغات القرآن۔
(۲۸)۔ لغت گل، عربی اردو، انگلش۔
(۲۹)۔ المکاشفۃ العربیہ شرح المحادثۃ العربیہ۔
(۳۰)۔ ہدایہ اولین سوالات درجہ رابعہ۔
(۳۱)۔ ہدایہ اولین سوالات درجہ خامسہ۔
(۳۲)۔ ہدایہ آخرین سوالات درجہ سادسہ۔
(۳۳)۔ ہدایۃ النحو سوالا جوابا
(۳۴)۔ اصول الشاشی سوالا جوابا
(۳۵)۔ الطریقۃ السہلۃ، مترجم
اور ان کے علاوہ کچھ کتابوں پر کام جاری ہے۔

محمد گل ریز رضا مصباحی مدناپوری بریلی شریف یوپی
Mob:+918057889427.+916397521190

اللہ تعالی کے فضل وکرم سے ۲۴ر فروری ۲۰۱۷ء بروز جمعہ بعد نماز جمعہ منہاج العربیہ چوتھے حصہ کی شرح بنام مصباح العربیہ مکمل ہوئی، اللہ تعالی اسے قبول فرمائے۔

محمد گل ریز رضا مصباحی، مدناپوری بریلی شریف یوپی

مصنف کی دیگر علمی کاوشیں

- مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ اوّل
- مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ دوم
- مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ سوم
- مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ چہارم
- مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ پنجم
- مشکوۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ اوّل
- مشکوۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ دوم
- مشکوۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ سوم
- مصباح الطالبین ترجمہ منہاج العابدین
- علم صرف کے آسان قواعد
- اہم تراکیب اور ان کا حل
- نحوی سوال وجواب
- مفتاح الانشاء شرح مصباح الانشاء اوّل
- مفتاح الانشاء شرح مصباح الانشاء دوم
- روزمرہ کے شرعی مسائل
- معارف الادب شرح مجانی الادب
- روضۃ الادب شرح فیض الادب
- حیاتِ خضر علیہ السلام
- مختصر عربی حکایات اور چٹکلے
- ترجمہ کیسے کریں۔
- مصباح النحو شرح خلاصۃ النحو اوّل
- مصباح النحو شرح خلاصۃ النحو دوم
- انوار العرب شرح ازھار العرب
- مراح الارواح سوالاً جواباً
- روضۃ الادب شرح فیض الادب دوم
- مصباح المصادر شرح تسہیل المصادر
- مصباح العرفان فی حل صیغ القرآن
- لغت گل، عربی، اردو، انگلش
- مصباح الصرف شرح میزان الصرف

اور ان کے علاوہ کچھ کتابوں پر کام جاری ہے